# تعلیم میں داخلہ

(اسکول کی پیشگی تیاری کا پروگرام - پہلی جماعت)

# رہنمائے معلم

NIPUN BHARAT




'STARS' منصوبے کے تحت

ज्ञानसेवा तु साफल्यम्

راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے

## تعلیم میں داخلہ (اسکول کی پیشگی تیاری کا پروگرام - پہلی جماعت) : رہنمائے معلم

- **محرک** : شالیہ شکشن و کریڈا وِبھاگ، ریاست مہاراشٹر
- **ناشر** : راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے
- **ترغیب** : **محترمہ آئی۔اے۔کندن** (آئی.اے.ایس.)
  چیف سکریٹری، شالیہ شکشن و کریڈا وِبھاگ، ریاست مہاراشٹر
- **رہنمائی** : **محترم سورج مانڈھرے** (آئی.اے.ایس)
  کمشنر (تعلیم)، ریاست مہاراشٹر، پونے

  **محترم پردیپ کمار ڈانگے** (آئی.اے.ایس.)
  راجیہ پرکلپ ڈائرکٹر، مہاراشٹر پراتھمک شکشن پریشد، ممبئی
- **مدیر** : **محترم راہل ریکھاوار** (آئی.اے.ایس.)
  ڈائرکٹر، راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے
- **معاون مدیر** : **محترمہ ڈاکٹر شوبھا کھندارے،** اسسٹنٹ ڈائرکٹر، راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے
- **کارگزار مدیر** : **محترمہ جیوتی شندے،** ڈپٹی ڈائرکٹر، شعبۂ زبان دانی، راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے
- **کارگزار معاون مدیر:** **محترم بھارت بورنارے،** وِبھاگ پرمکھ، شعبۂ مراٹھی، راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے
  **محترم ارون سانگولکر،** وِبھاگ پرمکھ، شعبۂ اُردو، راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے
  **محترمہ ڈاکٹر نیتا جادھو،** لیکچرار، شعبۂ مراٹھی، راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے
  **محترمہ ڈاکٹر بال منی نندلا،** لیکچرار، شعبۂ اُردو، راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے
- **ادارتی تعاون** : **محترمہ وِلّری سون کُسلے**
  سبجیکٹ اسسٹنٹ، شعبۂ مراٹھی، راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے
- **رابطہ کار اُردو** : **توصیف پرویز محمد مظفر،** شعبۂ اُردو و قدر پیمائی، راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے
- **طبع جدید** : مئی ۲۰۲۴ء
- **مالی تعاون** : مہاراشٹر پراتھمک شکشن پریشد، ممبئی ('STARS' منصوبے کے تحت)
- **اُردو کمپوزنگ** : یسریٰ گرافکس، ۳۰۵، سوموار پیٹھ، پونے-۱۱
- **طباعت** : رونا گرافکس، سینہہ گڑھ روڈ، پونے

- © جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

# تعلیم میں داخلہ

(اسکول کی پیشگی تیاری کا پروگرام - پہلی جماعت)

NIPUN BHARAT

# رہنمائے معلم




سمگر شکشا کے تحت

راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے

NIPUN BHARAT

सत्यमेव जयते

महाराष्ट्र शासन

राज्य शैक्षणिक संशोधन व प्रशिक्षण परिषद, महाराष्ट्र, पुणे.

# عہد برائے نپن

ہم عہد کرتے ہیں کہ ہم سب مہاراشٹر میں ہر بچے کے لیے بنیادی تعلیم کی مہارتوں کے حصول کے لیے سازگار تعلیمی ماحول بنانے کے لیے پُرعزم ہیں۔ آیئے، ہم سب مل کر ایک ایسا اسکول بنائیں جو ہمارے بچوں کو خالص خوشی سے لبریز، پختہ تجربات کو تقویت بخشنے کے مواقع فراہم کرنے والا، اظہارِ خیال کی راہیں ہموار کرنے والا، آزادانہ مشاغل کو فروغ دینے والا، قیادت کے مواقع فراہم کرنے والا اور خود اعتمادی کو فروغ دینے والا ہو۔ آیئے، ہم سب مل کر ایسے اسکول اور گھر کی تعمیر کریں جہاں بچّے بامعنی خواندگی، بامقصد لکھائی اور ریاضی کے عمل کو حقیقی زندگی میں نافذ کرنے والے بن جائیں اور زندگی بھر طالب علم رہیں۔ اس طرح، ہم مہاراشٹر کے ہر بچّے کو ایک صحت مند اور خوشگوار تعلیم فراہم کرکے ایک 'ماہر (نپن) بچہ' بنانے کا عہد کرتے ہیں۔

# اظہارِ خیال

محترم اساتذۂ کرام!

قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے مطابق، 27-2026 تک ملک کے تمام بچوں کے لیے پرائمری سطح پر بنیادی خواندگی اور اعداد شناسی کی مہارتوں کو حاصل کرنا اسکولی تعلیمی نظام کی اولین ترجیح ہے۔ اس کے لیے مرکزی وزارتِ تعلیم کی طرف سے بنیادی خواندگی اور اعداد شناسی کے لیے NIPUN BHARAT (نپن بھارت) (**N**ational **I**nitiative for **P**roficiency in Reading with **U**nderstanding and **N**umeracy) مہم کا آغاز کیا گیا ہے۔ اس کے تحت پہلے بارہ ہفتوں یعنی پہلی جماعت میں داخل تمام طلبہ کے لیے تعلیمی سال کے پہلے تین ماہ میں اسکول کی پیشگی تیاری کا پروگرام منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ نپن بھارت کے تحت بچوں کی تعلیمی ترقی کے لیے تین اہداف مقرر کیے گئے ہیں؛ پروگرام ان مقاصد پر مبنی ہے۔ اس کے مطابق، تعلیمی سال 24-2023 یعنی جون میں اسکول شروع ہونے کے بعد، پہلے تین مہینوں کے لیے پہلی جماعت کے طلبہ کے لیے 'تعلیم میں داخلہ' اسکول کی پیشگی تیاری کا پروگرام کامیابی سے چلایا گیا۔ آپ سب کو مبارک ہو!

تعلیمی سال 25-2024 میں بھی پہلی جماعت کے لیے اسکول کی پیشگی تیاری کا پروگرام منعقد کیا جائے گا۔ سال 24-2023 میں، 'تعلیم میں داخلہ: رہنمائے معلم' یہ کتاب راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے نے پروگرام کے تناظر میں پہلی جماعت کو پڑھانے والے اساتذہ کی رہنمائی کے لیے تیار کیا تھا۔ یہ بہت خوشی کی بات ہے کہ ہم مذکورہ رہنمائے تعلیم میں کچھ ضروری تصحیح کرنے کے بعد یہ نظر ثانی شدہ کاپی آپ کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔ اس میں منصوبہ بندی اور نظام الاوقات کے مطابق، پہلی جماعت کو پڑھانے والے اساتذہ کو تعلیمی سال کے آغاز میں 12 ہفتوں کے دوران طلباء سے متوقع سرگرمیاں مکمل کروانے کی ضرورت ہے۔ ورک شیٹس بھی تیار کی گئی ہیں جو ہفتہ وار سرگرمیاں مکمل کرتے وقت کچھ سرگرمیوں کے لیے مفید ہوں گی۔ ان مربوط سرگرمیوں کی ایک نظر ثانی شدہ ورک بک طلبہ کو فراہم کی جائے گی۔ اُمید کی جاتی ہے کہ یہ پروگرام پہلی جماعت کے تمام طلبہ اسکول کی پیشگی تیاری کے طور پر مکمل کریں گے اور مستفید ہوں گے، تاکہ طلبہ کی رسمی تعلیم میں آسانی پیدا ہو۔

لہٰذا، آیئے اس پروگرام کے ذریعے پہلی جماعت کے تمام بچوں کو پرائمری اسکول کی تعلیم میں کامیاب ہونے کے لیے تیار کریں۔ اس کے لیے نیک خواہشات!

**راہل ریکھاوار** (آئی.اے.ایس)
**ڈائریکٹر**
راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، مہاراشٹر، پونے۔


# فہرست


| نمبر شمار | اکائی کا نام | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱) | تمہید | ۱ |
| ۲) | اسکول کی پیشگی تیاری پروگرام کے مقاصد | ۳ |
| ۳) | ترقی کے اہداف | ۴ |
| ۴) | اسکول کی پیشگی تیاری کے پروگرام کے تدریسی اُصول | ۶ |
| ۵) | منصوبہ بندی اور عمل | ۹ |
| ۶) | طلبہ کی صلاحیتوں کے ارتقا کا مشاہدہ اور جانچ | ۱۴ |
| ۷) | سرپرستوں کا اشتراک | ۱۵ |
| ۸) | باقاعدہ سرگرمیاں | ۱۸ |
| ۹) | ہفتہ واری لائحۂ عمل (منصوبہ بندی) | ۲۷ |
| ۱۰) | اہداف کے لحاظ سے عملی کام/سرگرمی کے لیے رہنما ہدایات | ۴۳ |
| | ہدف ۱ - طلبہ کی عمدہ صحت اور تندرستی (HW) | ۴۳ |
| | ہدف ۲ : بچے مؤثر اظہار خیال کرنے والے بنتے ہیں (ECL) | ٦٦ |
| | ہدف ۳ : طلبہ فعال سیکھنے والے بنتے ہیں اور ان کے اطراف کے ماحول سے جڑ جاتے ہیں (IL) | ۸۸ |
| ۱۱) | ماہانہ قدر پیمائی کی جدول | ۱۱۴ |
| ۱۲) | درس و تدریس کے وسائل | ۱۲۱ |


**مجموعی ہدایات:** ۱) اس رہنمائے معلم میں جگہ جگہ آئے ہوئے Links/QR codes کو Google Lens کی مدد سے scan کریں۔
۲) زبان دانی کا صندوق اگر دستیاب نہ ہو تو معلم کے تیار کردہ تعلیمی وسائل کا استعمال کریں۔

# ۱) تمہید

بنیادی خواندگی اور اعداد شناسی کے فروغ کے لیے 5 جولائی 2021 بھارت سرکار نے 'نپن بھارت ابھیان' (NIPUN - National Initiative for Proficiency in Reading with Understanding and Numeracy) شروع کیا۔ قومی ابتدائی طفل- تعلیم نصاب کا خاکہ اس طرح ظاہر کیا کہ قبل از پرائمری تعلیم سے پرائمری تعلیم کی طرف بچوں کی راغب کرانے کے مقصد سے پیشگی تیاری ضروری ہے۔ اس خاکہ کو مدنظر رکھتے ہوئے پیشگی تیاری میں بچوں کی ہمہ جہت ترقی ہر زمرے میں ان میں ضروری تمام مہارتیں اور قابلیت پیدا کرنے کے نقطہ نظر سے بچے، اسکول اور خاندان کی تیاری کرنا بے حد ضروری ہے۔




نپن بھارت ابھیان کے تحت بچوں کو پرائمری اسکول میں داخلہ بآسانی اور پرمسرت طریقے سے کرنے کے لیے جماعت اوّل کے شروع تین مہینے کے لیے (۱۲؍ ہفتے) تعلیم میں داخلہ پروگرام کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ یہ پروگرام کھیل پر منحصر اور تعلیم کے حصول کے اور تجربات پر مبنی تدریس کو تقویت بخشنے والا ہے۔ کھیل پر منحصر اور مشمول تعلیم کے اس پروگرام میں خیال رکھا گیا ہے۔ جس کی وجہ سے مخصوص ضرورت والے طلبہ (CWSN) کو بھی تعلیم حاصل کرنے کے مواقع درکار ہوں گے۔ اس کے لیے مقامی کھیل، کھیل کے وسائل اور ان کھیلوں سے متعلق عمل پر زور دیا گیا ہے۔

## تعلیم میں داخلہ اسکول کی پیشگی تیاری، پروگرام کی ضرورت :


تحقیق کے مطابق اسکول میں داخل ہوتے وقت جو بچے تعلیم حاصل کرنے کے لیے تیار ہوتے ہیں وہی بچے اسکول میں کامیابی سے ہم کنار ہوتے ہیں۔ اور مزید یہ کہ وہ اسکول میں حاضرہ کرا اور زیادہ قابل بنتے ہیں۔ یہ بات واضح ہونے پر تعلیم میں داخلہ پروگرام کی ضرورت پیش آئی۔

- قومی تعلیمی پالیسی-2020 کے تحت پرائمری سطح پر اندازاً پانچ کروڑ سے زائد بچے بنیادی تعلیم اور اعداد کے علم کو حاصل کرنے سے قاصر رہے۔(NEP-2020)

- مختلف وجوہات کی بنا پر آنگن واڑی میں نہیں جانے والے طلبہ کی تعلیمی نقطہ نظر سے ضروری پیشگی تیاری نہیں ہوسکی۔ ایسے بچے بھی اس تعلیمی دھارے میں خوشی خوشی حصہ لیں۔
- ایسے تمام بچوں کو اسکول سے محبت پیدا ہو۔ بچوں کی نفسیات کے مطابق سننا، پڑھنا، لکھنا، گننا، اظہارِ خودی وغیرہ مہارتیں مناسب طریقے سے ان میں پروان چڑھے۔
- قبل از پرائمری تعلیم سے پرائمری تعلیم کی طرف بچوں کا سفر آسانی سے ہو۔

## تعلیم میں داخلہ اسکول کی پیشگی تیاری پروگرام کی اہم خصوصیات :

- طلبہ کی قبل از لکھنا، قبل از پڑھنا، قبل از گننا، سمجھنا اور ان کی سماجی، جذباتی ترقی اور مہارتوں کو فروغ دینے کے لیے جماعت اوّل کے شروع کے ۱۲ ہفتے کا تعلیمی داخلہ، اسکول کی پیشگی تیاری پروگرام تیار کیا گیا ہے۔
- اس پروگرام کے ذریعے بچوں کو ماحول میں موجود وسائل اور کھیل پر منحصر سرگرمیوں پر مبنی تجربات دینے کی طرف توجہ دی گئی ہے۔
- اساتذہ کو اس پروگرام پر عمل کرنا آسان ہو اس کے لیے تعلیم میں داخلہ پروگرام (اسکول کی پیشگی تیاری پروگرام) رہنمائے معلم تیار کی گئی ہے۔
- جماعت اوّل میں داخل شدہ بچوں کے سرپرستوں میں اس پروگرام کے بارے میں معلومات ہو اس لیے ہر ہفتے سرپرستوں کی میٹنگ کا انعقاد کیا جائے گا۔




◊◊◊

## ۲) اسکول کی پیشگی تیاری پروگرام کے مقاصد

قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے تحت، جماعت اوّل میں داخل ہونے والے تمام بچے اسکولی تعلیم حاصل کرنے کے لیے تیار رہیں۔ اس مقصد سے جماعت اوّل کے تمام طلبہ کے لیے تین مہینے کھیل پر منحصر تعلیم میں داخلہ اسکول کی پیشگی تیاری پروگرام راشٹریہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد، نئی دہلی کی رہنما ہدایات کے مطابق راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد مہاراشٹر، پونے پروگرام کا انعقاد کررہا ہے۔

اس پروگرام کے اہم مقاصد درج ذیل ہیں :



۱) مختلف سماجی پس منظر رکھنے والے جماعت اوّل میں داخل ہونے کے قابل تمام طلبہ کی اسکول میں داخلے کے لیے حوصلہ افزائی کرنا۔

۲) جماعت اوّل میں بچوں کا داخلہ پرمسرت/ پرلطف انداز سے اور آسانی سے کرنا۔

۳) بچوں کی ہمہ جہت ترقی کے لیے پرمسرت اور خوشگوار و سازگار ماحول میں عمر کے لحاظ سے اور کھیل پر منحصر اکتسابی تجربات دینا۔

۴) مختلف سماجی پس منظر رکھنے والے تمام بچوں کو ان کی عمر کے لحاظ سے اور ترقی کے نقطہ نظر سے ضروری ابتدائی تعلیمی تجربات مہیا کرنا۔

۵) بچوں کی ہمہ جہت ترقی کے لیے بنیادی خواندگی اور اعداد کے علم پر توجہ مبذول کرنا۔ اس کے لیے معلّمین کی پڑھانے کے طریقوں کی بنیاد صحیح کرنا۔

٦) کھیل پر منحصر تدریس کے نقطہ نظر سے بچوں کی بنیادی خواندگی اور اعداد کے علم کی طے شدہ صلاحیتوں کو فروغ دینا۔

مندرجہ بالا مقاصد کے حصول کے لیے اس رہنمائے معلم میں عمل پر مبنی ہفتہ وار منصوبہ لائحہ عمل کا خاکہ، بچوں کی ترقی کا جائزہ، بچوں کے سیکھنے کے عمل میں والدین کا کردار/ حصہ ان باتوں کے بارے میں رہنمائی کی گئی ہے۔


رہنمائے معلم میں درج تمام اعمال 'نپن بھارت ابھیان' میں پائے جانے والے ترقی کے مقاصد سے جڑے ہوئے ہیں۔ اس بارے میں آگے کے باب میں تفصیلی معلومات دی گئی ہے۔

◈ ◈ ◈

# ۳) ترقی کے اہداف

نپن بھارت ابھیان کے تحت ۳ تا ۹ سال عمر زمرے کے بچوں کو بنیادی خوانی اور اعداد شناسی حاصل کرنے کے لیے طے کردہ ترقی کے فروغ کے اہداف...

## ترقی کے فروغ کے مقاصد




### ترقی کا ہدف ۱ : طلبہ کی عمدہ صحت اور تندرستی (Health and Wellbeing):

◈ بچوں کی ہمہ جہت ترقی کے نقطہ نظر سے ان کی زندگی کے ابتدائی سال کافی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ ان کی ہمہ جہت ترقی کے نقطہ نظر سے اساتذہ، سرپرست، سماج اور تعلیمی عمل کے ہر جز نے مندرجہ ذیل باتوں کی طرف توجہ دینی چاہیے۔

- بچوں کی جسمانی، ذہنی، سماجی اور جذباتی ترقی کے لیے اس وقفے میں مختلف تعلیمی تجربات کا دیا جانا بے حد ضروری ہے۔ ان اکتسابی تجربات کی وجہ سے انھیں ترقی اور حوصلہ افزائی کے مواقع فراہم ہوں گے تو ان کے حواس، پٹھوں اور عمل کرنے کی مہارت اور ان کی مناسب نشوونما ہوکر ان کی آگے کی تعلیم کے لیے کارآمد ثابت ہوتی ہے۔
- بچے چھوٹے - بڑے گروپ میں عمل کرتے ہیں تب (کھیل یا گروپ کام) سماجی مہارتیں ان میں سرایت کرتی ہیں۔ اس کے ذریعے ان کی ذاتی ترقی کے ساتھ ساتھ سماجی ترقی بھی ہوتی ہے۔
- بچے صحت مند، مضبوط اور تحفظ بھری زندگی گزارنے کے لیے ان میں خود اعتمادی پیدا کرنا نہایت ضروری ہے۔ اس کے علاوہ دیگر صلاحیتوں کا فروغ بھی ہونا ضروری ہے۔

## ترقی کا ہدف - ۲ : بچے مؤثر انداز میں گفتگو کرنے والے بنتے ہیں۔ (Effective Communication)

◈ اسکول میں داخل ہونے سے قبل بچے اپنے اطراف و اکناف کی باتوں کا اپنے گھریلو زبان میں اظہار کرتے ہیں۔ اسکول میں داخل ہونے کے بعد گھر کی زبان اور اسکول کی درس و تدریس کی زبان دونوں ایک ہی ہو تو اسکول کے ماحول میں گھل مل جانا آسان ہو جاتا ہے۔ بچوں میں مؤثر گفتگو کی مہارت کے فروغ کے لیے مندرجہ ذیل باتوں پر توجہ دینا ضروری ہے۔

- اس ابتدائی دور میں بچوں میں گفتگو کی مہارت کے فروغ کے لیے گفتگو ان کی گھریلو زبان (مادری زبان/ مقامی زبان) میں ہونا اشد ضروری ہے۔ اس کے لیے مختلف زبان دانی کے اعمال کو شامل کرنا ضروری ہے۔
- زبانی عمل کے ذریعے بچے میں معلومات کا لین دین، تخلیقی صلاحیت اور منطقی سوچ یہ صلاحیتیں حاصل ہوں گی۔ کچھ وقت کے بعد بچے سمجھ کر پڑھنا اور لکھنا سیکھ جائیں گے۔
- ہمارے اس ملک میں کئی زبانیں اور بولیاں بولی جاتی ہیں۔ بچے اپنے ساتھ کئی زبانیں/ بولیاں لے کر اسکول آتے ہیں۔ ایسے وقت اساتذہ کو چاہیے کہ وہ وہاں کی مقامی بولی/ زبان کو قبول کر کے اس زبان کے ذریعے تعلیمی معیاری زبان کی طرف آئے۔ بچوں کی مادری زبان اور اسکول کی معیاری زبان کے درمیان تعلق پیدا کرنا اساتذہ کے لیے بہت اہمیت کا حامل ہے۔ ابتدا ہی سے اس طرف توجہ دی جائے تو بچوں کے زبان کی ترقی اور مؤثر بات چیت متوقع ہے۔


## ترقی کا ہدف -۳ : بچے فعال طالب علم بنتے ہیں اور اپنے اطراف کے ماحول سے جڑے رہتے ہیں۔ (Involved Learner)

◈ اپنے اطراف کی چیزوں کے رنگ، ساخت، آواز، خوشبو وغیرہ کے تعلق سے بچوں میں فطری طور پر کشش ہوتی ہے۔ ان تمام کے بارے میں بچوں میں تجسّس پایا جاتا ہے۔ بچے ان کے اطراف کے ماحول میں پائے جانے والے مختلف تواتر دیکھتے اور ڈھونڈتے ہیں۔ بچے جو دیکھتے ہیں ان سے وہ اپنے ماحول کو سمجھتے ہیں۔ 'ڈھونڈو، کر کے دیکھو، معلومات حاصل کریں' اس طرح کی سرگرمیوں کے ذریعے بچوں میں اِدراکی ترقی (Cognitive development) ہونا ضروری ہے۔ اس کے لیے معلّمین سے اس طرح کی سرگرمیوں کا انعقاد جان بوجھ کر کرنے کی اُمید کی جاتی ہے۔

- بنیادی تعلیم میں اندازہ قائم کرنا اس قسم کی صلاحیتوں کو حاصل کرنا ایک اہم مقصد ہے۔ اسی نقطہ نظر سے ماحول کے واقعات کا علم بچوں کو پختگی کے ساتھ ہو اس کے لیے معلم نے ان کو ذاتی تجربات دینا ضروری ہے۔
- ریاضیاتی سوچ اور اسباب ادراک و تفہیم کی ترقی کے اہم حصے ہیں۔ مطلب کو واضح کرنے والی سرگرمی/عمل کے ذریعے بچوں میں ٹھوس تصور کی بنیاد رکھی جائے جس کی وجہ سے اس کے لیے چیزوں کا عدد اور اس کا مقامی تعلق ان کا شمار ریاضیاتی سوچ میں ہوتا ہے۔
- قبل از گنتی ← ریاضیاتی تصور ← الجبرا کا تصور
- شکل ← مقام سے متعلق تصور ← جومیٹری/علم ہندسہ کا تصور اس طرح سے بچوں میں ادراک اور تصور پیدا ہوتا ہے۔

# ۴) اسکول کی پیشگی تیاری پروگرام کے تدریسی اُصول

نپن بھارت ابھیان کے تحت طے شدہ تین ترقیاتی مقاصد کے حصول کے لیے کھیل پر مبنی خوشگوار، پرمسرت سیکھنے کے طریقے کو اپنایا جائے۔ بنیادی مرحلے میں بچوں کو سیکھنے اور ایک بامعنی تجربہ دینے کے لیے بڑوں کے ساتھ اچھے سماجی تعلقات استوار کرنے کے لیے تدریس کو تین اجزا کی ضرورت ہوتی ہے: کھیل، تعامل اور ماحول۔ تاکہ بچے سیکھنے کے بامعنی تجربے کو حاصل کرسکیں اور بڑوں کے ساتھ صحت مند سماجی تعلقات استوار کرسکیں۔ اسکول کی پیشگی تیاری کی تدریس کی وضاحت اس طرح کی جاسکتی ہے:




ا) **کھیل :** کھیل بچوں کی زندگی کا ایک لازمی حصہ ہے۔ کھیل کے ذریعے بچے ماحول سے تعامل کرتے ہیں۔ تشکیل علم کے مواقع فراہم ہوتے ہیں۔ اس لیے بہ حیثیت معلم کھیل کے ذریعے پڑھانے کے عمل کو ترجیح دینی چاہیے۔ اس کے لیے درس میں درج ذیل مختلف قسم کے کھیلوں کو شامل کیا جائے۔



- **اجتماعی کھیل :** بچوں میں موجود مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیں اور انھیں متوقع آموزشی ماحصل کی جانب گامزن کرنے کے لیے اساتذہ کو چاہیے کہ ماحول میں موجود مختلف اجزا کی مدد لیں جیسے اپنے علاقے کے روایتی اجتماعی کھیل۔
- **آزادانہ کھیل :** اس سرگرمی کے ذریعے بچوں کو انتخاب اور فیصلہ کے مواقع حاصل ہوتے ہیں۔ اسی کے ساتھ انھیں دوسروں کے حقوق اور نظریے کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ آزادانہ کھیل میں بچے کھیل کے وسائل

آزادی سے خود چن سکتے ہیں۔ کھیلنے کے اُصول اور سمت طے کرتے ہیں۔ آزادانہ کھیل کے وسائل اور دوستوں کے ساتھ وہ مشغول ہوجاتے ہیں۔ اس کے لیے جماعت میں 'تلاش/کھوج، موسیقی، گڑیا گھر، پڑھائی کا گوشہ' وغیرہ اس طرح بچوں کو عمل پر مبنی اجزا ہونا چاہیے۔


- **تعمیری کھیل :** اس کھیل کے ذریعے بچوں کو اپنے علاقے کے مختلف پہلوؤں کو تلاش کرنے کے عمل میں انھیں متوقع آموزشی ماحصل کی طرف لے جانے کے لیے اساتذہ کو مناسب رہنمائی کرنے کی ضرورت ہے۔ جیسے مقامی طور پر دستیاب اشیا کا استعمال کرتے ہوئے گروہی کھیل۔

۲۔ **بین العمل :** بین العمل کھیل پر مبنی سیکھنے کے عمل کا ایک لازمی حصہ ہے۔ درس و تدریس کے عمل میں کمرۂ جماعت یا جماعت کے باہر درج ذیل بین العمل ہونے چاہئیں۔

- **ہم آہنگ بین العمل :** کھیلتے وقت دیگر بچوں میں گھل مل جانا، حصہ لینا۔ یہ سیکھنے کے عمل کی خاص بات ہے۔
- **کھلونوں کے ساتھ بین العمل :** بچے آزادانہ طور پر اور رہنمائی والے کھیل کے دوران مختلف قسم کے کھلونوں سے بین العمل کرتے ہیں۔ ایسے تجربات کے ذریعے بچے مسائل کا حل اور دریافت کا عمل سیکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ خود سے بات کرنے کی عادت اور اپنے محاسبے کی عادت بچوں میں پیدا ہوتی ہے۔
- **والدین یا اساتذہ کے ساتھ بین العمل :** والدین اور اساتذہ کے درمیان تعامل بچوں کو یہ سمجھنے میں مدد کرتا ہے کہ آیا انھوں نے جو وہ پہلے سیکھ چکے ہیں، وہ متوقع مہارتیں حاصل کی ہیں یا نہیں۔ والدین یا اساتذہ کو چاہیے کہ وہ اپنے بین العمل کے ذریعے بچے کے سیکھنے کے عمل کے لیے ضروری ماحول فراہم کریں تاکہ وہ حاصل نہ ہونے والی اور نئے سرے سے حاصل ہونے والی صلاحیتوں کو بچوں کے سیکھنے کے عمل اور بین العمل کے لیے سازگار ماحول پیدا کریں اور رہنمائی کریں۔



**۳) ماحول/آب وہوا :** بچوں میں پیدائشی طور پر تجسّس پایا جاتا ہے۔ ماحول کے مختلف اجزا کے بارے میں ان میں تجسّس پایا جاتا ہے۔اس لیے وہ مقامی وسائل کے ذریعے مختلف سرگرمیاں کرتے ہوئے سوالات پوچھتے، اندازہ قائم کرتے ہیں۔اوران کے ذریعے وہ جسمانی، سماجی ماحول کو سمجھتے ہیں۔اس طرح کے ماحول کو تیار کرنے کے لیے اساتذہ نے بھرپور مدد کرنا چاہیے۔جیسے علاقائی سیر کا اہتمام کرنا۔




بچوں کی نشوونما کے تمام پہلو ایک دوسرے پر منحصر ہوتے ہیں۔اگر ترقی کے ان تمام پہلوؤں میں سے کسی بھی ایک پہلو کی صحیح نشوونما نہیں ہوئی تو یہ ایک پہلو دیگر تمام پہلوؤں کو متاثر کرسکتا ہے۔اس لیے بچوں کی مجموعی نشوونما کے لیے ترقی کے تمام پہلوؤں کو یکساں اہمیت دی جانی چاہیے۔پڑھنے، لکھنے کے لیے آنکھوں اور ہاتھ کے باریک عضلات کے درمیان (ہاتھ-آنکھ) ہم آہنگی کا ہونا، پڑھنے کے لیے اشکال کی آوازوں کے تلفظ میں فرق کی پہچان، تصورات کا حصول اور منطقی سوچ کی صلاحیت کا پیدا ہونا وغیرہ۔ بچوں سے مختلف مہارتیں حاصل کرنے کی توقع رکھتے ہوئے اساتذہ کو ان مطلوبہ جسمانی اور ذہنی پختگی کو مدنظر رکھنا چاہیے۔اس کے مطابق اکتسابی تجربات کا خاکہ تیار کرنا چاہیے۔


◈◈◈

# ۵) منصوبہ بندی اور عمل آوری

## (الف) اساتذہ کے لیے رہنما ہدایات:

جماعت اوّل میں داخل ہونے والے بچوں کے لیے تعلیمی سال کے آغاز میں تعلیمی داخلہ (اسکول کی پیشگی تیاری) کے نام سے ایک ۱۲ ہفتوں پر مشتمل پروگرام کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ چونکہ یہ پروگرام مروّجہ نصاب سے مطابقت رکھتا ہے۔ اس لیے ایسی توقع کی جاتی ہے کہ اس کے ذریعے متوقع آموزشی ماحصل حاصل کرنے میں یہ فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اس کے لیے اساتذہ کو درج ذیل رہنما ہدایات پر غور کرنا ہوگا۔

- بچوں کی مجموعی ترقی کے لیے اسکول کی پیشگی تیاری کو ۱۲ ہفتوں کے نظام الاوقات کے مطابق ہی عمل میں لایا جانا چاہیے۔
- پروگرام کے مؤثر نفاذ کے لیے ہفتہ وار اور یومیہ نظام الاوقات کو ترتیب دیا گیا ہے۔ اس میں چھوٹے - بڑے گروپ کی سرگرمیاں، بچوں کی (گھریلو - اور گھر سے باہر) کی سرگرمیاں شامل ہیں۔ اس لیے اساتذہ کو ضروری وسائل کی دستیابی کے لیے تیاری کرنی چاہیے۔
- گھر میں موجود یا آس پاس کی اشیا کو کھلونوں یا مواد کے طور پر استعمال کیا جانا چاہیے۔
- نظام الاوقات میں دی ہوئی سرگرمیوں کے لیے مناسب (گروپ، جوڑی، انفرادی، مجموعی) بیٹھنے کے موزوں انتظامات کا اہتمام کرنا چاہیے۔
- تعلیم میں داخلہ (اسکول کی پیشگی تیاری) پروگرام کو نافذ کرتے وقت والدین اور سماج اس میں فعال کردار ادا کریں۔ اس کے لیے والدین کی ہفتہ وار میٹنگ کا انعقاد کریں۔
- اساتذہ کو ہر بچے کی نشوونما کی ضروریات کے لیے حساس ہونا چاہیے۔ اس کے لیے اساتذہ بچوں کی نشوونما کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر انھیں سرگرمیاں کرنے کی ترغیب دیں۔
- بچوں کو اظہارِ خیال کرنے کے بھرپور مواقع فراہم کرنا چاہیے۔ بچوں کے لیے تقریر، گفتگو اور پڑھنے کی مہارت کے لیے زبان کے استعمال کی حوصلہ افزائی کی جائے۔
- طلبہ کی عملی بیاض (مشقی بیاض) میں موجود ورک شیٹ کو زیادہ سے زیادہ استعمال کیا جانا چاہیے۔ اس کے لیے سرگرمیوں کی شیٹ میں دی ہوئی سرگرمیوں کو متوازی طور پر لیا جانا چاہیے۔
- منصوبہ بندی کے لیے دیے گئے اعمال کو بچوں سے کرواتے وقت ایسا ماحول پیدا کیا جانا چاہیے جس سے بچوں میں تجسّس، تشخیصی غور و فکر، اس طرح کے عمل کرنے کی ترغیب اور ضروری صلاحیتیں پیدا کی جائیں۔




- مخصوص ضرورت والے بچوں(CWSN) کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کے بیٹھنے کے انتظامات کیے جانے چاہیے۔
- بچوں کو مطلوبہ مقام تک پہنچنے کی ضرورت ہو تو جان بوجھ کر اعمال کو دہرائیں۔
- استقبالیہ، پیش درس، آزادانہ کھیل (Circle time)، جماعت کے باہر کے کھیل، الوداعیہ جیسی سرگرمیاں روزانہ کی جانی چاہیے۔
- فن - اس مضمون کی سرگرمیوں کے لیے موضوع کے مطابق ضروری مواد فراہم کریں۔
- جماعت کو اس طرح ترتیب دیا جائے کہ بچے جماعت میں موجود مواد کو آسانی سے استعمال کر سکیں۔
- بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے ان کی تعریف کریں جیسے تالی بجانا، اسٹار دینا وغیرہ۔
- اس کے لیے ہر عمل/کھیل کے بعد بچوں کو اپنا کام خود کرنے کی ترغیب دیں تاکہ آہستہ آہستہ بچے خود ہی وسائل کو ترتیب دینے کے قابل ہو جائیں۔
- لڑکے اور لڑکیوں سے یکساں توقع رکھیں۔ ان سے بات کرتے وقت یا جماعت میں ہدایات دیتے وقت جنسی امتیاز کرنے والی ہدایات کا استعمال نہ کریں۔
- مٹی، بیج، پتے، درخت کی شاخیں، پتھر وغیرہ جو اپنے اطراف بآسانی دستیاب ہوں، سستے مواد کا استعمال اپنے اعمال کرنے کے لیے شامل کیے جائیں۔



- اسکول میں موجود اکتسابی بالیدگی کے صندوق، زبان دانی کے صندوق اور ریاضیاتی صندوق کا مناسب اور بھرپور استعمال کیا جائے۔
- بچوں کو خود سے وسائل تیار کرنے کی ترغیب دی جانی چاہیے۔
- اسکول کی پیشگی تیاری کے اس مرحلے میں اسکول کے احاطے یا جماعت میں زیادہ تر بچے جس زبان سے واقف ہیں، اسی زبان کو ذریعہ تعلیم کے طور پر استعمال کریں۔ بچے جماعت میں جتنی بھی زبانیں بولیں انھیں قبول کیا جائے۔ ان کی تعریف کی جائے۔

- ریاضی کے تصورات کو ہمیشہ مختلف وسائل کا استعمال کرتے ہوئے عمل کے ذریعے سمجھایا جائے۔
- بچوں کی صلاحیتوں کی ترقی کا باقاعدگی سے مشاہدہ کریں اور مخصوص ضرورت والے (زیادہ مدد کی ضرورت والے) طلبہ کی ضرورت کے لحاظ سے ان کی مدد کی جانی چاہیے۔
- بچوں میں یا گروہوں کے درمیان موازنہ سے گریز کریں۔
- بچوں کی عزت نفس کو ٹھیس پہنچانے والے منفی الفاظ کا استعمال کرنے سے گریز کریں۔ (مثلاً کیا آپ بے وقوف ہیں؟ ایک ہی بات کو بار بار دہرانے کے لیے نہ کہیں وغیرہ)
- بچوں میں پڑھنے کی عادت کو پروان چڑھانے کے لیے کوشش کرتے رہیں۔
- مطالعہ کے گوشے میں دلکش تصاویر والی کہانی کی کتابیں رکھی جائیں۔
- زبانی اور تحریری ہدایات دیتے وقت تختۂ سیاہ کا استعمال کریں۔
- رٹ کر حاصل ہونے والا اعداد کا علم عارضی ہوتا ہے۔ جیسے ۴ یہ ہندسہ لکھنا آتا ہے۔ لیکن چار یعنی چار چیزیں ہوتی ہیں، یہ اکثر بچوں کو نہیں سمجھتا۔ اس لیے پڑھتے ہوئے بچوں کو آسان ریاضی کے عمل بھی مشکل معلوم ہوتے ہیں۔ نتیجتاً بچوں میں ریاضی سے عدم دلچسپی پیدا ہوسکتی ہے۔ اس لیے تصور واضح کرنے کے لیے ریاضی کی مختلف زبانیں جیسے (۱) چیزوں کی زبان (۲) تصویری زبان (۳) عمل کی زبان (۴) صوتی زبان (۵) اُنگلیوں کی زبان (۶) نوٹوں کی زبان (۷) لکھے ہوئے ہندسے کی زبان وغیرہ زبانیں استعمال کی جائیں اور پھر تحریری زبان کا استعمال کیا جائے۔ ایک سے دس تک ہندسے سکھاتے وقت پیشگی تیاری کے لیے، چیزیں، لمس، کہانی، تصویریں اس ترتیب سے سلسلہ طے کر کے پیشگی تیاری کی جائے۔ اس کی وجہ سے اعداد کے علم کی بنیاد پختہ ہو کر ریاضی سے دلچسپی پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔
- ریاضی کی زبان کا استعمال کرتے ہوئے کہانیاں سنائیں۔ چیزوں کی مدد سے تصورات کی وضاحت کی جائے۔ لمس پٹی کی مدد سے ہندسوں کو چھونے دیا جائے۔ ریاضی کی پیشگی تیاری میں مختلف قسم کے کھیلوں کا استعمال کریں۔ اس وجہ سے ریاضی کی بنیاد پختہ ہوگی اور ریاضی سے محبت پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔ ریاضی کی زبان اور تصورات جیسے آگے - پیچھے، اوپر - نیچے، اس سے زیادہ - اس سے کم، چڑھتی - اُترتی ترتیب، لمبائی - چوڑائی، چھوٹا - بڑا، اونچا - پست وغیرہ کو عمل/کھیل کے ذریعے سمجھنے پر طلبہ میں خود اعتمادی پیدا ہو کر ریاضی سے ڈر و خوف دور ہو کر ان میں تخلیقی سوچ پیدا ہونے میں مدد ملتی ہے۔
- اعداد پر عمل کرتے وقت جمع، تفریق ان الفاظ کا استعمال نہ کریں۔ عمل کرتے وقت ملانا، ایک جگہ کرنا، کم کرنا، نکالنا اس طرح کے الفاظ کا استعمال کیا جائے۔

## (ب) مشمول تعلیم :

ایک ہی جماعت میں عام بچے اور مخصوص ضرورت والے اس طرح ہر قسم کے بچے ہوتے ہیں۔ یہ تمام بچے ایک ساتھ سیکھنے کے عمل سے گزرتے ہیں۔ ہر بچے میں سیکھنے کی، نشوونما پانے کی، پڑھنے کی صلاحیتیں مختلف ہوتی ہیں۔ ہر ایک ہی سیکھنے کی رفتار بھی الگ ہوتی ہے۔ اس کے لیے ماحول سازی کی جاتی ہے۔ اس طرح تمام قسم کے بچوں کو شامل کر کے ان کی ترقی کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے نقطہ نظر سے ماحول کو سازگار کرنا دراصل یہی مشمول تعلیم ہے۔



### مشمول تعلیم کے اہم پہلو :

- ہر بچے میں افراد کے درمیان پائی جانے والی یکسانیت اور فرق کو سمجھنے اور قبول کرنے کی ذہنی تیاری ہوتی ہے۔
- دوستانہ تعلقات استوار کرنے کے مواقع فراہم ہوتے ہیں۔
- فکری، لسانی، جذباتی، سماجی مہارتوں کو حاصل کرنے میں مدد ہوتی ہے۔

### مشمول تعلیم کے لیے رہنما ہدایات :

- معذور بچوں کی ضروریات کا پورا خیال رکھتے ہوئے جماعت یا سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کی جانی چاہیے۔
- بچے جیسے ہیں ویسے ہی انھیں قبول کیا جائے۔
- بچوں میں سماجی شعور اور حساسیت پیدا کرنے کے لیے جماعت کے دوسرے بچوں کو چاہیے کہ وہ معذور بچوں کی مدد کریں اور ان کی ساتھ میں عمل کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کریں۔
- عمل کرتے وقت ماحصل سے زیادہ عملی کام کو اہمیت دی جائے۔

- ہر بچے میں خود اعتمادی پیدا کرنے کے لیے اسے اس کی رفتار کے مطابق ہر عمل میں حصہ لینے دیا جائے۔
- نظم میں، جماعت کے مسئلہ کو حل کرنے کے عمل میں تمام بچوں کو شامل کیا جائے۔
- اساتذہ کو چاہیے کہ وہ معذور بچوں کو حوصلہ افزائی کریں کہ وہ جماعت میں دوسرے بچوں سے مطابقت پیدا کریں۔
- معذور بچوں کے تئیں حساسیت جماعت کے دوسرے بچوں میں پیدا کی جانی چاہیے۔
- معذور بچوں کے والدین سے بات چیت کریں اور ان کی مناسب پرورش اور معذور بچوں میں موجود خصوصیات کے بارے میں رہنمائی اور حوصلہ افزائی کی جائے۔
- زیادہ چنچل اور اپنی دھن میں رہنے والے بچوں کی دیکھ بھال کرنے کے لیے تربیت یافتہ ماہرین کی رہنمائی حاصل کریں۔ ان بچوں کی ضروریات سے آگاہ رہیں اور ماہرین نے دی ہوئی ہدایات پر عمل کریں۔

## اساتذہ کے لیے رہنما ہدایات:

1) HW = Health and well-being

2) ECL = Effective Communicator Language

3) IL = Involved Learner

(یہ تمام ترقی ساز اہداف NIPUN کے ہیں)

- G1 (ہدف-1) : بچوں کی عمدہ صحت اور تندرستی کا تذکرہ 'تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم' کی ہفتہ واری منصوبہ بندی میں HW کے طور پر کیا گیا ہے۔ (رہنمائے معلم صفحہ ۴۳ تا ۶۸ کل ۶۸ سرگرمیاں ہیں)
- G2 (ہدف-2) : بچے مؤثر انداز میں گفتگو کرنے والے بنتے ہیں۔ تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم کی ہفتہ واری منصوبہ بندی میں ECL کے طور پر تذکرہ کی گی ہے۔ (رہنمائے معلم ۶۶ سے ۸۷ تک کل ۸۱ سرگرمیاں ہیں)
- G3 (ہدف-3) : بچے فعال طالب علم بنتے ہیں اور اپنے اطراف کے ماحول سے جڑے رہتے ہیں۔ 'تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم' کی ہفتہ واری منصوبہ بندی میں IL کے طور پر تذکرہ کیا گیا ہے۔ (رہنمائے معلم صفحہ نمبر ۸۸ سے ۱۱۳ تک کل ۶۸ سرگرمیاں ہیں)
- ہر سرگرمی کے اختتام پر طلبہ کی عملی بیاض حل کرتے وقت رہنمائے معلم میں ورک شیٹ کا صفحہ نمبر دیا گیا ہے۔ سرگرمی کا مطالعہ کر کے طلبہ سے حل کروائیں۔
- رہنمائے معلم میں HW-68، ECL-81، IL-68 اِس طرح کل 217 سرگرمیاں شامل کی گئی ہیں۔
- اس رہنمائے معلم میں آئے ہوئے لنک (link) اور QR Code کو Google Lens کے ذریعے scan کریں۔
- زباندانی صندوق دستیاب نہ ہونے پر اساتذہ کے تیار کردہ تعلیمی وسائل استعمال کیے جائیں۔
- مہینہ بھر طلبہ سے مختلف سرگرمیوں کی مشق کروائی جائے اور مہینے کے آخر میں صفحہ نمبر ۱۱۴ پر دی ہوئی قدر پیمائی کی جدول مکمل کی جائے۔
- اس طرح تین مہینوں کی جدولیں مکمل کی جائیں۔

◈◈◈

# ٦) طلبہ کی صلاحیتوں کے ارتقا کا مشاہدہ اور جانچ

طلبہ کے باقاعدہ مشاہدے اور جانچ کی وجہ سے طلبہ کی صلاحیتوں کے لحاظ سے ضروریات اور جانا جاسکتا ہے اور اس پر دھیان مرکوز کرنے میں مدد ملتی ہے۔ یہ سیکھنے اور سکھانے کا ایک الگ نظریہ ہے۔ اس میں جو رائے پیدا ہوتی ہے وہ طلبہ کی ہمہ جہت ترقی میں معاون ہوتی ہے۔ اس کے لیے اساتذہ کو درج ذیل نکات کو دھیان میں رکھنا ضروری ہوتا ہے۔

☆ طلبہ کی شخصیت کے ارتقا اور سیکھنے کے عمل کو سمجھنے کے لیے طلبہ کے مخصوص حالات میں، گروپ میں کام کرتے وقت، انفرادی طور پر کام کرتے وقت ان کا مشاہدہ کرنا ضروری ہے۔

- ہر طالب علم کا انفرادی ریکارڈ (Portfolio) تیار کیا جائے۔ اس سے اساتذہ کو طلبہ کی صلاحیتوں کے ارتقا کا جائزہ لینے میں مدد حاصل ہوتی ہے۔
- طلبہ کی یا ان کی کارکردگی کا مشاہدہ کرتے وقت سیکھنے کے الگ الگ تجربات اور مقاصد کے بارے میں شفافیت اور وضاحت ہونی چاہیے۔
- مشاہدے میں معروضیت ہونی چاہیے۔ اپنی رائے مشاہدے پر اثر انداز نہ ہونے پائے اس بات کا دھیان رکھنا چاہیے اور مشاہدے کی جانچ کرنے کی بجائے طلبہ کے برتاؤ کا بیان ہونا چاہیے۔
- مشاہدے پر منحصر طلبہ کے برتاؤ کو مختصراً تحریری اندراج کی جائے۔ اندراج کرتے وقت طلبہ کی زبان، سماجی رشتے، براہِ راست گفتگو کا طریقہ وغیرہ (ارتقا کی فہرست دیکھی جائے) کا اندراج کیا جائے۔
- تصاویر اور ویڈیو کلپ : طلبہ کی شخصیت کے پہلو اور سیکھنے کے عمل کو سمجھنے کے لیے طلبہ کی کارکردگی کی ریکارڈنگ (آڈیو ویڈیو ریکارڈنگ) تیار کریں۔ اگر ویڈیوگرافی ممکن نہ ہو تو آواز کو ریکارڈ کر کے مختلف کارکردگیوں کی تصاویر لی جائے۔
- تیسری جانچ مکمل ہوجانے کے بعد تمام طلبہ کا اجتماعی اندراج رکھا جائے۔ اس سے طلبہ کے مستقبل میں ہونے والے ارتقا کے بارے میں مدد حاصل ہوگی۔

## جانچ کرتے وقت دھیان رکھنے والی باتیں (نکات) :

- ہر طالب علم کی اس کا خود سے موازنہ کیا جائے۔
- طلبہ کے سیکھتے وقت ان کو کون سی مدد درکار ہے، یہ دیکھنا بہت اہم ہے۔
- کسی بھی کارکردگی (عمل) کی جانچ کر کے اس کو کامیاب / ناکام نہ بتایا جائے۔
- طلبہ کی کارکردگی کا مشاہدہ کرتے وقت مشاہدہ غیر رسمی ہونا چاہیے۔ طلبہ کو یہ احساس نہ ہونے دیا جائے کہ ان کا امتحان لیا جا رہا ہے۔
- رہنمائے تعلیم میں دی گئی ماہانہ جانچ کے تختے کے نمونے کے مطابق تمام طلبہ کا اندراج کیا جائے۔

◈◈◈

# ۷) سرپرستوں کا اشتراک

طلبہ کی ہمہ جہت ترقی میں اساتذہ، سرپرست اور سماج کا ایک اہم حصہ ہوتا ہے۔اس لیے طلبہ کے خاندان اور سماج کو طلبہ کی تعلیم کے عمل میں شامل کرنا زمانے کی اہم ضرورت بن گئی ہے۔ذمہ دارانہ سرپرستی، گھر کا بہترین مددگار ماحول تعلیم حاصل کرنے کی تحتانوی سطح اور بعد کے زمانے میں اسکولی کارکردگی کے لیے مضبوط اظہار ہوتا ہے۔اس نظریے کے مدنظر طلبہ کے سیکھنے میں سرپرستوں کا اشتراک طے کرنا متوقع ہے۔ اس کے لیے درج ذیل باتوں پر دھیان دیں۔



- صحت مند جسم میں صحت مند دل ہوتا ہے۔اس لیے طلبہ کی جسمانی صحت و تندرستی پر خاص دھیان دیا جائے۔
- پالک سبھا (سرپرستوں کی میٹنگ) میں طلبہ کی صحت وتندرستی کے بارے میں اور متوازن غذا مقوی غذاؤں کے بارے میں ڈاکٹروں کی رہنمائی کا انتظام کیا جائے۔
- سرپرستوں کو بتایا جائے کہ طلبہ کی بنیادی ضروریات کو بھی وقت بہ وقت پورا کیا جانا چاہیے۔
- اگر طلبہ کو کسی عمل میں تکلیف ہوتی ہے تو اس عمل کو کسی دوسرے متبادل عمل سے کس طرح آسانی سے کیا جاتا ہے، اس بات کو سرپرستوں کو سمجھایا جائے۔ان کی رہنمائی کی جائے۔
- آج اسکول میں کیا ہوا؟ آج کا دن کیسا رہا؟ آج اسکول میں کیا نئی بات سیکھنے ملی؟ اس طرح کے سوالات کر کے طلبہ سے اسکول کے اچھے برے تجربات بتانے کے لیے سرپرست طلبہ کو اُکسائیں۔
- اپنے بچے کا دوسرے بچے سے موازنہ کرنے سے غلط اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔اس بات کو سرپرستوں کو سمجھایا جائے۔
- سرپرستوں کی اس بات کے بارے میں رہنمائی کی جائے کہ ان کا بچہ قوت کے کس معیار پر ہے اور اس معیار کو کس طرح بڑھایا جاسکتا ہے۔

- سرپرستوں کو بتایا جائے کہ کہانیاں سننے سے ان کی تعلیم پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔اس سلسلے میں سرپرستوں کی رہنمائی کی جائے۔ جب ممکن ہوتب سرپرست اپنے بچوں کو نئی، لطف اندوز کرنے والی کہانیاں سنائیں۔اس بارے میں ان کو ترغیب دی جائے۔
- رسوئی گھر بچوں کے علم حاصل کرنے کا مقام ہوتا ہے۔رسوئی گھر میں موجود مختلف اشیا اور مختلف سامان سے طلبہ کو کس طرح روشناس کروایا جاسکتا ہے جو ان کی غیر رسمی تعلیم کے لیے کارآمد ثابت ہوسکتا ہے، اس بارے میں سرپرستوں کی رہنمائی کی جائے۔(مثلاً سبزی ترکاری، اناج، تیل، دالیں، پھل، رسوئی گھر میں استعمال ہونے والی اشیا، خوراک وغیرہ)
- سرپرستوں کی اس بارے میں رہنمائی کی جائے کہ وہ اپنے بچوں کو اپنے ساتھ بازار لے جائیں اور ان کو بازار کے کاروبار و تجربات دیں، اس سے کیا فائدے حاصل ہوسکتے ہیں۔(مثلاً چیزوں کے دام، مول تول کرنا، ناپ تول کرنا وغیرہ)
- سرپرستوں کی میٹنگ لی جائے اور بتایا جائے کہ سرپرستوں، گھر کے افراد کو کتابیں پڑھنی چاہیے، کھیل کھیلنا چاہیے، گیت گانا، کہانیاں سنانا چاہیے اور بچوں سے بات چیت کرنا چاہیے۔سرپرستوں کو اس بارے میں ترغیب دی جائے۔

**سرپرستوں کا اجلاس :** ہر سنیچر کو سرپرستوں کا اجلاس منعقد کیا جائے۔سرپرستوں میں یہ جاننے کی بے چینی ہوتی ہے کہ ان کے بچے اسکول میں جاکر کیا کرتے ہیں؟ کیا سیکھتے ہیں؟ اس طرح کوئی سرپرست اپنے بچے کی تعلیم کے بارے میں مایوس بھی ہوتے ہیں۔ایسے سرپرستوں کو ان کے بچوں کے تحصیل علم کے عمل میں شامل ہونے کی ترغیب دی جائے۔ہر سرپرستوں کے اجلاس میں سرپرستوں سے کوئی ایک سرگرمی کروائی جائے اور اس سرگرمی کو اہمیت دی جائے۔حوصلہ مند سرپرستوں سے ان کے تجربات بیان کرنے کو کہا جائے۔اس سے دوسرے سرپرستوں کا بھی حوصلہ بڑھے گا۔

تین مہینے کے ہر سنیچر کے سرپرستوں کے اجلاس میں درج ذیل نکات پر بحث کی جائے۔اس کے لیے سوچ سمجھ کر سنیچر کا وقت دیا گیا ہے۔ضرورت کے مطابق آپ کوئی ایک نکتہ لے سکتے ہیں یا اس سنیچر کو کوئی دوسرا نکتہ بھی لے سکتے ہیں۔

| پہلا سنیچر | دوسرا سنیچر | تیسرا سنیچر | چوتھا سنیچر |
|---|---|---|---|
| علم کا داخلہ یعنی کیا؟ جماعت اوّل میں داخل ہونے والے تمام طلبہ کے لیے اسکول سے پہلے کی تیاری ہونی چاہیے۔ وہ اسکول میں لطف اندوز ہوں، سیکھنے کے لیے تیار ہوجائیں۔ اس کے لیے یہ ۱۲رہفتوں کی سرگرمی پر منحصر یہ پروگرام سرپرستوں کو بتایا جائے۔ | اپنے بچے کو باقاعدہ طور پر اور صحیح طریقے سے تیار کرکے اسکول بھیجنا۔ اس کی ترقی پر دھیان دینا۔ اس کو درپیش مشکلات کو حل کرنا۔ اعادہ اور مناسب سرگرمیاں گھر میں مکمل کروانا۔ اس کے بارے میں ہدایات دینا۔ | سرپرست اپنے بچوں کے اندر ہونے والی تبدیلیوں کے تجربات کو بیان کریں۔ اساتذہ والدین کو مثالوں کے ذریعے سمجھائیں کہ بچہ کس طرح کھیل کھیل میں سیکھتا ہے۔ اسی طریقے پر بچوں سے سرگرمی کروا کر اعادہ کروانے کی ترغیب دیں۔ | کہانیوں کی زبان کس طرح بچوں کی ترقی کے لیے اہمیت کی حامل ہوتی ہے یہ بات سرپرستوں کو سمجھائی جائے۔<br>سرپرستوں سے کہا جائے کہ وہ روزانہ کم از کم ایک کہانی اپنے بچوں کو سنائیں۔ |

| پانچواں سنیچر | چھٹا سنیچر | ساتواں سنیچر | آٹھواں سنیچر |
| --- | --- | --- | --- |
| اپنے بچوں کا روزانہ مشاہدہ کرکے ان کی جانچ کریں۔ اگر کوئی مثبت تبدیلی واقع ہو تو سرپرستوں کے اجلاس میں بتائیں اورمشکلات پر بحث بھی کریں۔ | جانچ (قدر پیمائی) : دیے گئے گھر کام سرپرستوں کو بتائیں۔ اس پر بحث کریں اور رہنمائی کریں۔ کون سی سرگرمی دوبارہ کرنی ہے اس کے بارے میں بتائیں۔ | سرپرستوں کو ان کے بچوں کے ساتھ سرگرمی کرنے کا عملی موقع دیں۔ ان کو بچوں کی نفسیات کو سمجھائیں۔ سرپرستوں کو بچوں کی صحت و تندرستی کی اہمیت سمجھائیں۔ | اپنے بچوں کا روزمرہ مشاہدہ کرکے ان میں ہونے والی مثبت تبدیلیوں کے بارے میں سرپرستوں کے اجلاس میں بتانا اور آنے والی مشکلات پر بحث بھی کریں۔ |
| **نواں سنیچر** | **دسواں سنیچر** | **گیارھواں سنیچر** | **بارھواں سنیچر** |
| بچوں کی کی گئی سرگرمیوں کی تصاویر کارڈ پیپر وغیرہ جو انفرادی ریکارڈ میں محفوظ ہیں، اسے سرپرستوں کو بتائیں۔ سماج کا اشتراک : آرٹسٹ، گلوکار، تعلیمی ماہرین، طلبہ سے محبت کرنے والے لوگ جو سماج میں رہتے ہیں، ان کو سرپرستوں کے اجلاس میں بلائیں ۔ ان کی مدد سے طلبہ کے حصولِ تعلیم میں تعاون حاصل کرنا۔ | بچوں کے ساتھ بلند خوانی کس طرح کی جائے اس کے بارے میں سرپرستوں کی رہنمائی کریں۔ ان کو عملی طور پر کرکے بتائیں۔ ان کو ترغیب دیں کہ وہ گھر میں بچوں کے ساتھ بلند خوانی کریں۔ | بچوں کے ساتھ مل کر پڑھائی کیسے کریں، اس کے بارے میں سرپرستوں کی رہنمائی کی جائے اور عملی طور پر کرکے بتایا جائے۔ گھر پر اسی طرح پڑھائی کرنے کی ترغیب دیں۔ | اپنے بچوں کا روزانہ مشاہدہ کرکے ان کی جانچ کریں۔ اگر کوئی مثبت تبدیلی واقع ہو تو سرپرستوں کے اجلاس میں بتائیں اور مشکلات پر بھی بحث کی جائے۔ |

◊◊◊

# ۸) باقاعدہ سرگرمیاں

تعلیم میں داخلہ (اسکول کی پیشگی تیاری) پروگرام کے مقاصد کی تکمیل کے لیے اس کتاب میں سرگرمیوں کی خاص منصوبہ بندی اور اس پر عمل آوری کس طرح کی جائے، اس بابت رہنمائی کی گئی ہے۔ ان سرگرمیوں کی پر اثر عمل آوری کے لیے کھیلوں پر منحصر اکتسابِ علم کرنے کی توقع ہے۔ اکتسابِ علم کے مطابق باقاعدہ کی جانے والی سرگرمیوں کے بارے میں ہم معلومات حاصل کریں گے۔

## روزانہ کی منصوبہ بندی

۱۔ استقبالیہ ملاقات
۲۔ ہماری روزمرہ کی ڈائری
۳۔ آزادانہ کھیل
۴۔ بنیادی خواندگی
۵۔ بنیادی اعداد شناسی/ ماحولیاتی مطالعہ/ سائنس
۶۔ کھانا
۷۔ تخلیقی صلاحیتوں کا ارتقا
۸۔ میدانی کھیل
۹۔ الوداعیہ

### ۱۔ استقبالیہ ملاقات:

بچوں کے دل میں اپنائیت کا جذبہ پیدا کرنے اور حفاظت کا احساس پیدا کرنے کے لیے ہر بچے کو اس کے نام سے پکاریں اور اس کا استقبال کریں۔ ایسی سرگرمیاں کی جائیں کہ جس سے لڑکوں - لڑکیوں اور لڑکوں - معلم کے درمیان آزادانہ طور پر اندرونی صلاحیتیں پروان چڑھیں۔ جو درج ذیل کے مطابق ہیں:

- اساتذہ کمرۂ جماعت میں بچوں کا استقبال کریں۔ ان سے اس طرح بات کریں کہ بچوں میں اپنائیت کا جذبہ اور حفاظت (محفوظ) کا احساس پیدا ہو۔
- اس وقت معلم وارم اپ، بچوں کی صحت کی جانچ (ناخن، بال، جسم اور دانت، ہاتھوں کی صفائی وغیرہ) کیلنڈر سرگرمی لی جائے۔
- اس کے بعد بچوں کو دائرے یا نصف دائرے میں بٹھائیں۔ اتنی جگہ درمیان میں چھوڑی جائے کہ وہ آپس میں ایک دوسرے سے حال چال معلوم کر سکیں۔ اس سے ان کو کم مشکلات کا سامنا ہوگا جو سرگرمی انجام دینے میں معاون ہوگا۔ قصہ گوئی کے سیشن کے لیے circle time سرگرمی کا وقت تعین کیا جا سکتا ہے۔ دو بچوں کے درمیان غیر رسمی گفتگو اور رہنمایانہ مکالمات کیے جائیں۔ رہنمایانہ بات چیت

(مکالمات) کسی ایک خاص عنوان یا تصور پر معلم شروع کرے۔ اس کے بعد آزادانہ بات چیت کے دوران بچوں کو ان کے روزمرہ کے تجربات کو بیان کرنے کی یا کوئی بھی بات (کہانی) کے بارے میں بولنے کی ترغیب دی جائے۔

## ۲۔ ہماری ڈائری:

### • کیلنڈر:

معلم بچوں کو روزانہ دن، تاریخ، مہینہ (اُردو/ انگریزی) اور سال دیکھنے کی عادت پیدا کرنے کے لیے ایک کیلنڈر تیار کرے۔ کیلنڈر میں کارڈ بدل بدل کر آج کون سا دن ہے؟ کل کون سا دن تھا؟ اور کل کون سا دن ہوگا؟ اس طرح کے سوالات پوچھے۔ اس سے طلبہ میں وقت/ زمانے کی سمجھنے میں مدد ملے گی۔ اگر کسی بچے کی سالگرہ ہو تو تختۂ سیاہ پر 'آج کی سالگرہ' لکھ کر اس کے سامنے اس بچے کا نام لکھ کر اس کو مبارکباد دی جائے۔

### • حاضری کا تختہ:








اساتذہ اس سرگرمی میں بتائی گئی تصویر کے مطابق حاضری کا تختہ تیار کریں۔ اس کے لیے معلم کھڑے (عمودی) خانوں میں بچوں کے نام، پہلی آڑی لکیر میں دنوں کے نام، پہلی لائن میں معلم خود کا نام لکھے۔ اس کے بعد بچوں کے نام لکھے۔ معلم پہلے اپنے نام کے آگے خود کی دستخط کرے۔ یہ دیکھ کر کچھ بچے بھی اپنے نام کے آگے اپنی دستخط کریں گے۔ کچھ بچے آڑی ٹیڑھی لکیریں کھینچیں گے۔ اس طرح لکھنے میں ان کو ایک الگ ہی لطف حاصل ہوگا۔ اس لیے معلم طلبہ کو موقع ضرور دے۔

بچوں کے نام کے کارڈ کا استعمال کر کے حاضری لگانے کا کام کیا جائے۔ یہاں بچوں کو ان کے نام کا کارڈ پہچاننے کہا جائے۔ وہ بالکل غیر رسمی طور پر پڑھنا سیکھنے سے پہلے یہ کام کر سکتے ہیں۔ معلم کلاس کے ہر بچے کا نام ایک کارڈ پر لکھے۔ ہر بچے کو اس کے نام کا کارڈ بتائے۔ اس کے بعد یہ تمام کارڈ ایک ٹرے میں رکھ دے۔ اس کے بعد ہر بچے کو اپنے نام کا کارڈ تلاش کر کے بورڈ پر چسپاں کرنے کو کہے۔ یہ آسان سی سرگرمی لی جا سکتی ہے۔

- **موسم (آب و ہوا) کا تختہ :**

معلم ایک بورڈ تیار کرکے اس پر اس دن کی تاریخ، دن، آب و ہوا وغیرہ لکھے۔ ہفتے کے دن، سال کے مہینے، ان کو روزانہ پڑھائے۔ معلم تصویر میں بتائے گئے طریقے کے مطابق آب و ہوا کا تختہ تیار کرے۔ روزانہ کی آب و ہوا کے متعلق بچوں سے بات چیت کرے۔ دھوپ (گرمی)، ہوا، بارش اور سردی کا اندراج بچوں سے کروائے۔

| جماعت | ہفتے کے دن | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آب و ہوا | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | سنیچر | اتوار |
| | تاریخ | تاریخ | تاریخ | تاریخ | تاریخ | تاریخ | تاریخ |
| دھوپ/گرمی  | | | | | | | |
| ہوا  | | | | | | | |
| بارش  | | | | | | | |
| سردی  | | | | | | | |

## ۳۔ آزادانہ کھیل :

آزادانہ کھیلوں کے ذریعے بچوں میں فیصلہ لینے کی قوت، منتخب کرنے کی قوت، اسی طرح ایک دوسرے کو سمجھنے، خود کے احساسات کو بیان کرنے، دوسروں کے انکار کو برداشت، ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہنے، خود کی باری کے آنے تک انتظار کرنے، خود کی باری آنے پر عمل کرنا جیسی سماجی صلاحیتیں پروان چڑھتی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ طلبہ کے توجہ کا معیار بھی بڑھتا ہے۔

### آزادانہ کھیل کے لیے رہنما ہدایات :

- آزادانہ کھیلوں کے لیے معلم کمرۂ جماعت میں ضروری وسائل اور کمرے کی تشکیل کرے۔
- اطراف و اکناف میں میسر وسائل کا بھرپور استعمال کرے۔
- کمرۂ جماعت میں جگہ کم ہو تو بچوں کو باری باری عمل کرنے کا موقع دیا جائے۔
- ہر سرگرمی کے لیے الگ الگ وسائل استعمال کیے جائیں۔

- بچوں کو ان کی پسند کی جگہ انتخاب کرنے کا موقع دیں۔
- بچوں کو کھیل کے قانون و اصول خود طے کرنے کا موقع دیں۔
- معلم بچوں سے بات چیت کرے اور ان کی رہنمائی کرے۔
- آزادانہ کھیل کے لیے درج ذیل میں سے کوئی ایک شعبہ ہوسکتا ہے۔ ہر ہفتے میں اس طرح کے تین یا چار شعبے ہوسکتے ہیں۔

**(الف) خواندگی کا شعبہ :** بچوں کے ماہنامے، رسالے، معلوماتی کتابیں، تصویری کتابیں، کہانیوں کی کتابیں، موضوعاتی کتابیں، مزاحیہ لطف اندوز والی کتابیں، سلیٹ، کھریا وغیرہ۔

**(ب) گڑیا گھر یا گڑیا کا ناٹک (ڈراما) :** کمرے کے ایک بازو پردے یا فرنیچر کی مدد سے ایک گھر تیار کیا جائے۔ اس میں کٹھ پتلی کا کھیل، الگ الگ طرح کی گڑیاں، کٹھ پتلی کے کھیل کے لیے الگ الگ وسائل رکھے جائیں۔ مثلاً کھیل میں کھانا پکانے کے برتن، پھل، مٹی، پھول پتے، سبزی ترکاری، مختلف سواریاں، صاف صفائی کی اشیا، ڈاکٹر کو لگنے والے لوازمات کا سیٹ وغیرہ۔ (اوڑھنی، ٹوپی، چھوٹے جیکٹ، چھوٹی ساڑی، کپڑے کے بڑے ٹکڑے وغیرہ)، کنگھا۔

**(ج) متلاشی شعبہ :** اس شعبے میں چشمہ، عدسے وغیرہ جیسی چیزیں، اطراف میں میسر نباتات، بیج، مقناطیس، لوہے کے سامان، ترازو، ناپ (وزن) ناپنے کے ٹیپ، درختوں کی پتیاں یا کوئی بھی مقامی چیز جو میسر آ سکے۔ ان چیزوں کو اس شعبے میں شامل کیا جاسکتا ہے۔

**(د) مکعب (block) کی تشکیل کا شعبہ :** اس شعبے میں الگ الگ رنگوں اور الگ الگ شکلوں کے بلاک کو شامل کیا جاسکتا ہے۔ اسی طرح اِنٹرلاک کے باکس، فوم کے بلاک، لکڑی کے بلاک وغیرہ۔ اس طرح کے وسائل کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔

**(ھ) ریاضی کا شعبہ :** اس شعبے میں کوڑی، جڑنے والے کارڈس، لیسنگ کارڈس، اِنسیٹ بورڈ، سیپیاں، شنکھ، پتھر، تار، موتی، چھوٹے کھلونے (گاڑیاں، جانور)، ابیکس اس طرح کی اشیا شامل کی جاسکتی ہیں۔

**(و) کمرۂ جماعت کے باہر کا شعبہ :** اس شعبے میں ریت، مٹی، چھوٹے برتن، بالٹی وغیرہ جیسی اشیا شامل کی جاسکتی ہیں۔

**(ز) ہنر (آرٹ) کا شعبہ :** اس شعبے میں مختلف قسم کے رنگین کاغذ، کریان، پنسل، مارکر پین، سلیٹ، رنگین کھریے، کپڑے کی کترن، رنگ، برش، ٹیپ، چکنی مٹی، بیلن، تختہ، اسٹینسل، پرانے اخبار، رسالے، آئسکریم کے چمچے اور دوسری مقامی اشیا جو آسانی سے دستیاب ہوسکیں شامل کی جاسکتی ہیں۔

**(ح) رقص و موسیقی کا شعبہ :** اس شعبے میں گھنٹی، کٹوریاں، بانسری، دف، ڈھول، مختلف قسم کے دھاتوں کے برتن، مقامی ساز، رِبن، رومال، اوڑھنی وغیرہ بچوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو ترغیب دینے کے لیے اس قسم کی اشیا یا وسائل شامل کیے جاسکتے ہیں۔

## ۴۔ بنیادی خواندگی :

عام طور پر دو سال کے بہت سے بچے چھوٹے چھوٹے الفاظ یا جملے بول سکتے ہیں۔ تین سال کی عمر کے بچے اپنی ضرورت کی بہت سی زبان سیکھ چکے ہوتے ہیں۔ یہ زبان کا ارتقا آگے چل کر بنیادی خواندگی میں کارآمد ثابت ہوتا ہے۔ اس کے لیے اساتذہ اپنے مختلف اکتسابی تجربات کی مدد سے زبان کی خواندگی کے پائے کو مضبوط کر سکتے ہیں، جو درج ذیل کے مطابق ہیں :

- **زبانی ترقی :** اسکول آنے سے پہلے بچوں کے پاس اپنے گھر یا اطراف کے ماحول سے ہی الفاظ کا ذخیرہ ہوتا ہے، وہ ظاہر ہو جاتا ہے۔ اس کے لیے معلم کو بہت سے عملی پروگرام کرنا چاہیے مثلاً بچوں سے بات چیت، اپنے تجربات کا بیان، بڑبڑ گیت (انفرادی یا اجتماعی)، ماحول کے متعلق سوالات پوچھنا، نئے الفاظ کے معنی سمجھنے کی ترغیب دینا وغیرہ اس طرح کی مختلف سرگرمیوں میں شامل ہونے کا موقع دینا۔ ظاہر ہونے والی بولی بھاشا یا مادری زبان کو قبول کرنا۔

- **آواز کی پہچان :** آواز اور نشانات کا یکجا ہونا، بچوں کے الفاظ کو پہچاننے کے عمل میں مددگار رہتا ہے۔ بچوں کو مسلسل نظر آنے والے یا مسلسل سنے جانے والے الفاظ اگر چہ کہ ان کو پہچانتے نہیں ہیں مگر پھر بھی اس کو وہ پڑھ سکتے ہیں۔ اس طرح کی خوانی کو الفاظ کی تصویر خوانی (لوگوگرافک ریڈنگ) کہا جاتا ہے۔

مثلاً طالب علم اس کی روزمرہ کی زندگی میں استعمال ہونے والے الفاظ بہ آسانی پہچان سکتے ہیں جیسے چابی (کی)، کپ، ٹیبل، بسکٹ، پانی وغیرہ۔ آزادانہ کھیل میں مختلف شعبوں کی پہچان کروائی جاسکتی ہے۔

- **ابتدائی خوانی :** ابتدا کی خوانی میں یہ متوقع ہوتا ہے کہ بچے حروفِ تہجی کے ساتھ تصویروں کو پڑھیں۔ اسی کے ساتھ بچے اندازاً متن کی خوانی کرنے لگتے ہیں۔ اس کے لیے معلّمین کمرۂ جماعت میں کچھ تصاویر اور متن پر مبنی کتابیں گوشۂ مطالعہ میں رکھیں۔

- **ابتدائی تحریر :** اپنے اطراف کی اشیا یا کہانیوں سے بچے حروف و الفاظ لکھنے کی ابتدا کرتے ہیں۔ یہ لکھنے کی بنیادی ترقی کا ایک مرحلہ ہے۔ بچے جب بغیر غلطی کے لکھنا سیکھتے ہیں تب وہ لکھنے کی شروعات کرتے ہیں۔ یہ ایک عام غلط فہمی ہے لیکن ایک دوسرے سے ہونے والی بات چیت سے حاصل ہونے والے تجربات کے ذریعے طلبہ اچھی تحریر لکھ سکتے ہیں۔ اس لیے اساتذہ کو چاہیے کہ بنیادی لکھائی میں طلبہ کی مدد کریں۔ اس ضمن میں ذیل کی باتیں ذہن نشین کریں۔
  - بچوں نے جو لکیریں کھینچی ہیں یا جو کچھ لکھا ہے اس سے متعلق ان سے پوچھا جائے۔
  - بچوں کی کھینچی ہوئی لکیروں سے متعلق اساتذہ کی کیا رائے ہے اسے بچوں کے سامنے ظاہر کریں۔

- بچوں کو تحریری وسائل جیسے مومی چاک، چاک، پنسل، مختلف قسم کے مارکر استعمال کرنے کی ترغیب دیں۔ بچوں کو ان کے پسندیدہ موضوعات پر لکھنے کی ترغیب دلائیں۔

- آہستہ آہستہ بچوں کی تیار کردہ شکلیں حروف کی طرح نظر آنے لگیں گی۔ کئی بار غلط حروف بھی لکھے جائیں گے جیسے 'ڈ' کے بجائے 'ڑ'، 'ت'

کے بجائے 'ط' یا 'س' کے بجائے 'ص' اس وقت اساتذہ بچوں کو ان تحریروں کو قبول کریں۔

- اساتذہ کو سمجھنا ضروری ہے کہ بچوں کو باقاعدگی سے لکھنے کے لیے کئی برس لگ سکتے ہیں۔

## ۵۔ بنیادی اعداد شناسی / ماحول کا مطالعہ / سائنس :

روزمرہ زندگی کے سماجی مسائل کے ساتھ ساتھ مختلف ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بچوں کو ریاضی کے تصورات اور مہارتوں سے روشناس کرانے کی ضرورت ہے۔ ریاضی کی مہارتوں میں منطقی سوچ، تجزیہ، کھیل کے لیے روزانہ کی منصوبہ بندی، ارتباط جیسے اعمال شامل ہیں۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ بچوں کے لیے ان کی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے مختلف مواقع پیدا کریں جیسے جوڑنا، درجہ بندی کرنا، پیش کرنا، ترتیب دینا، شکل دینا اور مختلف وسائل سے تواتر پیدا کرنا۔ اس طرح کی صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے اساتذہ کو چاہیے کہ طلبہ کو بہت زیادہ مواقع فراہم کریں۔


جیسے ریاضی کا گوشہ۔ یہ بچوں کو مختلف وسائل استعمال کرنے کے مواقع فراہم کرے گا۔ اسی طرح درس و تدریس کے عمل کے لیے اگر ضرورت ہو تو اساتذہ اپنے طور پر وسائل تیار کر سکتے ہیں۔ اسکول میں موجود گنیتا چاریہ بھاسکراچاریہ وسائل کا صندوق، زبان دانی و ریاضی کی بالیدگی کے صندوق کے وسائل استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ مختلف پہیلیوں والے کارڈ، جوڑی کارڈ، مختلف قسم کے بیج، درجہ بندی کے وسائل بھی دستیاب کرائے جاسکتے ہیں۔ اس قسم کے حوالہ جاتی وسائل بچوں کو ریاضی کے تصورات کو سمجھنے اور ریاضی میں بالیدگی حاصل کرنے میں معاون ہوں گے۔ منطقی سوچ اور پسِ پردہ وجہ ظاہر کرنے کی صلاحیت کے فروغ کے لیے بنیادی اعداد شناسی پر بچوں کا عبور حاصل کرنا ضروری ہے۔ اس کے لیے اساتذہ اور سرپرستوں کو شعوری طور پر عملی کام کی منصوبہ بندی کرنا ضروری ہے۔ اعداد کی صحیح سمجھ، اعداد پر چار بنیادی اعمال کا درست استعمال وغیرہ زندگی کا لازمی حصہ ہیں۔ ساتھ ہی یہ مستقبل یا اعلیٰ تعلیم کی بنیاد ہیں۔ اس لیے بچوں کو ابتدائی مرحلے میں ہی اعداد شناسی پر عبور حاصل کرنے کے لیے کوشش کرنا ضروری ہے۔

### بنیادی اعداد شناسی - اہم پہلو اور اجزا :

- **اعداد کے علم سے پہلے کے تصورات :** اس سے پہلے کہ بچے اعداد کی سمجھ پیدا کرسکیں، انھیں درجہ بندی، ترتیب اور تعلق جیسی صلاحیتیں پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ بچے ان صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے مختلف وسائل کا استعمال کرتے ہوئے مختلف عملی کام کروائیں۔ جیسے ریاضی کے صندوق میں مختلف شکلیں بچوں کو دیں اور ان کے رنگ، شکل وغیرہ خصوصیت کی بنیاد پر درجہ بندی کرنے کے لیے کہیں۔ دو گروہوں میں ایک سے ایک کی مطابقت سے کم - زیادہ طے کیا جاسکتا ہے وغیرہ۔
- **اعداد اور ان پر اعمال :** اعداد خوانی، اعداد کو ہندسوں میں لکھنا، اعداد کا موازنہ کرنا اور اعداد پر کیے جانے والے اعمال، ملاؤ اور کم کرو، ان دو بنیادی اعمال پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ دہائی کی سلاخ، کھلے، جوڑو بلاک ان وسائل کے استعمال سے مقامی قیمت، اعداد کا چھوٹا - بڑا پن، بنیادی اعمال پر مبنی اعمال لیے جاسکتے ہیں۔

- **شکل اور مکانی تصورات کو سمجھنا :** ہم جس دنیا میں زندگی گزارتے ہیں اس کی وضاحت اور درجہ بندی کرنے کے لیے یہ جز بہت ضروری اور مفید ہے۔ اس میں مختلف شکلیں، مکانی تصور، پیمائش، مقام، سمت اور رفتار وغیرہ کا شمار ہوتا ہے۔ مختلف تصویریں، اطراف میں دستیاب وسائل کا استعمال کر کے ایک جیسی شکلوں والی چیزیں پہچانتے، دور - قریب، چھوٹا - بڑا، اوپر - نیچے، اندر - باہر، دائیں جانب - بائیں جانب وغیرہ تصورات کو سمجھنے کے لیے مختلف اعمال کی منصوبہ بندی کریں۔
- **پیمائش :** لمبائی، وزن، حجم، تپش وغیرہ کی پیمائش کے لیے غیر معیاری اکائیوں کا استعمال کر کے اس کے ذریعے معیاری اکائیوں کا تعارف کروانا ضروری ہے۔ اس کے لیے چیزوں کی لمبائی، وزن، حجم کا غیر معیاری اکائیوں کے ذریعے پیمائش کرنا ہوگا۔ اس کے ساتھ ساتھ معیاری اکائیوں کی شناخت بھی ضروری ہے۔
- **تواتر :** یہ ریاضی مضمون کا ایک اہم جز ہے۔ روزمرہ زندگی میں اور اطراف میں مختلف قسم کے تواتر نظر آتے ہیں۔ نئے تواتر بنانا، تواتر کی نوعیت اور وضاحت، تواتر کو پہچاننا، اس کی توسیع کرنا وغیرہ نکات اس میں شامل ہیں۔

**ماحول کی بیداری اور سائنسی نقطہ نظر کے فروغ کے لیے سرگرمی :** بچوں میں بے شمار تجسّس پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ اپنے اطراف میں رونما ہونے والے واقعات کا خود سے مطلب اخذ کرنا اور ردِّ عمل ظاہر کرنے کی صلاحیت بچوں میں پیدائشی ہوتی ہے۔ عملی تجربات اور اطراف و اکناف، سماجی اور قدرتی ماحول سے متعلق گفتگو کرنے سے اس تجسّس میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ تشخیصی غور و فکر، منطقی سوچ، مسائل حل کرنا اور موازنہ کرنا ان مہارتوں سے ماحولیاتی بیداری اور سائنسی نقطہ نظر کے فروغ میں مدد حاصل ہوتی ہے۔ اس غرض سے 'تعلیم میں داخلہ' کی مختلف سرگرمیوں میں اس کو شامل کیا گیا ہے۔



## ۶۔ خوراک :

روزمرہ کی سرگرمیوں کا ایک اہم جز 'کھانے کا وقفہ' ہے جو طلبہ کو کھانے، آرام کرنے اور کھیلنے کے لیے زیادہ وقت فراہم کرتا ہے۔ اس کے لیے کم سے کم ۳۰ منٹ کا وقت دیں۔ اس سے سماجی ترقی میں مدد ملتی ہے۔ اس وقفے کے دوران بہت سی سرگرمیاں کی جاسکتی ہیں۔ جیسے :

- کھانے سے پہلے اپنے ہاتھوں کو صحیح طریقے سے دھونے کی عادت بنائیں (حفظانِ صحت کی ضروری عادات میں سے)
- دوستوں کے ساتھ کھانے کا لطف اُٹھائیں۔
- زمین پر بیٹھ کر بغیر گرائے کھانا۔

## ۷۔ تخلیقی صلاحیتوں کی نشوونما:

موسیقی، رقص، پینٹنگ اور دستکاری اس طرح کے مختلف فنون کے ذریعے بچوں کی تخلیقی صلاحیتوں اور جمالیاتی نقطۂ نظر کے فروغ دینے میں مدد کرتی ہے۔ یہ مختلف اعمال انھیں اپنے جذبات کا اظہار کرنے اور بات چیت کی مہارت کو فروغ دینے کا موقع فراہم کرتی ہے۔

مثلاً مٹی کام، کاغذ کام، چسپاں کام، مصوری ان سے بچوں کی لکھنے کی پیشگی تیاری ہوتی ہے۔ انھیں اپنی روزمرہ زندگی کے تجربات، اپنے ساتھ کی گئی گفتگو کے مظاہرے کرنے کے مواقع ملتے ہیں۔ اس سے انھیں یہ سمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ حقیقی زندگی کے واقعات اور چیزوں کو الگ الگ طور پر پیش کیا جا سکتا ہے۔ بچوں کے فن پاروں کو دیواروں یا میز پر آویزاں کیا جانا چاہیے جس کی وجہ سے انھیں اس عمل کو یاد رکھنے اور ان کی حوصلہ افزائی اور زیادہ حصہ لینے کی ترغیب دینے میں مدد ملے گی۔ اس سے ان کی عزتِ نفس اور خود اعتمادی میں اضافہ ہوگا۔ ساتھ ہی انھیں یہ احساس ہوگا کہ ہر عمل اہم ہے۔ یہ بات بھی سمجھ میں آئے گی کہ فن زندگی میں خوشی پیدا کرنے کے لیے اہم ہے۔

## ۸۔ میدانی کھیل:

بچوں کو روزانہ کم از کم ۳۰ منٹ جماعت سے باہر کھیل میں حصہ لینے کا موقع دیا جانا چاہیے۔ جماعت کے باہر کے یہ کھیل بچوں کو اپنے اردگرد کا مشاہدہ کرنے، گروپ میں کھیلنے، ایک دوسرے کے ساتھ بات چیت کرنے اور جسم کے پٹھوں/عضلات میں ہم آہنگی پیدا کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ اس کے لیے جماعت کے باہر کھیل اور سرگرمیوں کے لیے بھرپور جگہ دستیاب ہونی چاہیے۔ بچے اپنی پسند کے مطابق بیرونی کھیلوں کا انتخاب کر سکتے ہیں جیسے دوڑنا، رسّی کھیلنا یا کھیل کے میدان میں کھیل کے وسائل سے کھیلنا، جسمانی حرکات اور توازن اور عملی سرگرمیاں جیسے باغبانی، کھدائی اور پودے لگانا۔ اس طرح کے کاروباری سرگرمیاں بھی بچوں کو دی جاسکتی ہیں۔

### بیرونِ جماعت کھیل کھیلنے کے لیے ذیل کے نکات کو ذہن نشین کرنا ضروری ہے:

- ریت اور پانی والے کھیل کا علاقہ صاف اور محفوظ ہے یا نہیں اس کا اطمینان کرلیں۔
- تمام بچوں کے لیے بیرونِ جماعت کھیل کے لیے مناسب وسائل یا آلات کی مقدار بہتر ہے یا نہیں اس کا اطمینان کرلیں۔
- میدانی کھیل کے درمیان گروہی بات چیت کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ اس طرح کی منصوبہ بندی کریں۔
- بچوں کے ساتھ معلم/معلّمہ از خود کھیل میں شامل ہوں۔
- بچوں کا کھیل میں فعال تعاون طے کریں۔
- انفرادی کھیل کے ساتھ ساتھ اجتماعی کھیل کا تجربہ بھی طلبہ کو دیں۔

## ۹۔ الوداعیہ (Good Bye Circle Time)

دن بھر کے اعمال کا جائزہ لیں۔اس کے لیے عام طور پر ۳۰ منٹ کا وقفہ دیں۔اس وقت بچوں کو ان کے بارے میں بولنے کا موقع دیں۔ پسندیدہ اعمال اور کوئی بھی اطلاع سمجھ میں نہ آئے تو اسے سمجھنے کا موقع فراہم کرنا چاہیے۔اس طرح بچے پر جوش انداز میں گھر جاتے ہیں اور آئندہ یوم کے اعمال کے لیے تیار رہتے ہیں۔

**مذکورہ بالا تمام سرگرمیوں کو مکمل کرتے وقت اساتذہ کو چاہیے کہ ذیل کی باتوں کا خیال ضرور رکھیں:**

- عمل کرتے وقت بچوں کے ساتھ بیٹھیں۔
- ہر بچے کو سوال کرنے اور اس کے تجربات بتانے کے لیے یکساں مواقع فراہم کریں۔
- ہر بچے کا مشاہدہ کرکے اس کا اندراج رکھیں، جو سرپرستوں کی میٹنگ میں بتایا جاسکتا ہے۔
- کوئی اچھا سا گیت گا کر/لطیفہ سنا کر بچوں کو الوداع کہیں۔

**استراحت:**

ایک عمل ختم ہونے کے بعد دوسرا عمل شروع ہونے میں کچھ وقت لگتا ہے۔ بچے اگلے عمل کے لیے تیار رہیں، اس کے لیے وقت کی منصوبہ بندی اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔اس کے لیے دو اعمال کے درمیانی وقت میں تھوڑا سا استراحت لیں تو مناسب ہوگا۔ جیسے بیٹھے بیٹھے ورزش کرنا، زبانی کھیل، ہاتھوں کی مختلف حرکات وغیرہ کریں۔

(1) G1 - Goal (2) G2 - Goal 2 (3) G3 - Goal 3

(1) HW - Health and Wellbeing

(2) ECL - Effective Communicator Language - 1

(3) IL - Involved Learner

◈◈◈

## ۹) ہفتہ واری لائحۂ عمل (منصوبہ بندی)

مہینہ – پہلا

ہفتہ – پہلا

| مقصد | وقت (منٹ) | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| G1 : استقبالیہ ملاقات | ۳۰ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہمارا روزانہ کا حاضری تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہمارا روزانہ کا حاضری تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہمارا روزانہ کا حاضری تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہمارا روزانہ کا حاضری تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہمارا روزانہ کا حاضری تختہ |
| G1 : آزادانہ کھیل | ۲۰ | رہنمائے معلم کے صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزادانہ کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | | | | |
| G3 : اعداد شناسی، ماحول اور سائنس | ۳۵ | IL-2 : مختلف آوازیں سننا اور پہچاننا۔<br>IL-67 : ہفتہ کے دنوں کے نام پہچانو۔<br>IL-3 : بتاؤ بتاؤ جلدی بتاؤ: کون سا رنگ چاہیے بتاؤ یہ کھیل۔ (ٹپی ٹپی ٹاپ ٹاپ) | IL-3 : بتاؤ بتاؤ جلدی بتاؤ، کون سا رنگ چاہیے بتاؤ۔ یہ کھیل (ٹپی ٹپی ٹاپ ٹاپ)<br>IL-6 : رنگ پہچاننا<br>(ورک شیٹ – ۱) | IL-7 : آؤ کھیلیں<br>IL-5 : پھل اور ترکاری کی پہچان<br>(ورک شیٹ – ۲) | IL-7 : آؤ کھیلیں۔<br>IL-14 : یاد رکھیں۔ | IL-8 : آؤ پہچانو یہ کس چیز کی خوشبو ہے۔<br>IL-14 : یاد رکھیں۔ |
| G1 : اچھی صحت، خوش حال زندگی اور فن، تخلیقی صلاحیت اور جمالیات کی ترقی | ۳۵ | HW-1 : اعضا کا تعارف۔<br>HW-48 : کاغذ پھاڑنا۔ | HW-2 : اعضا کے کام و بات چیت<br>HW-48 : کاغذ پھاڑنا | HW-2 : اعضا کے کام و بات چیت<br>HW-49 : پھول، پتوں کی سجاوٹ | HW-3 : معمول سے مختلف<br>HW-49 : پھول، پتوں کی سجاوٹ | HW-4 : بنگو<br>(ورک شیٹ – ۳)<br>HW-55 : ہاتھی کو دم لگانا۔ |
| کھانا (طعام) | ۳۰ | طعام | طعام | طعام | طعام | طعام |
| کہانی / نظم / گیت | ۵ | کہانی / گیت | کہانی / گیت | کہانی / گیت | کہانی / گیت | کہانی / گیت |

| مقصد | وقت (منٹ) | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| G2 : زباندانی اور خواندگی۔(زبانی کام، پڑھنا،لکھنا) | ۳۵ | EC-1: سرگوشی کرنا، الفاظ، جملے<br>ECL-2: نام بتانا خود کا۔<br>ECL-17: کتابیں استعمال کرنا۔ | EC-3: نام بتانا۔ پھلوں/ پھولوں/ رنگوں کے<br>ECL-38: جماعت میں موجود ہدایتی کارڈ پڑھنا۔<br>ECL-24: تصویرخوانی - ۱ | EC-4: نام بتانا۔مخصوص جگہ کی وضاحت کرکے وہاں کی چیزوں کے نام۔<br>ECL-38: جماعت میں موجود ہدایتی کارڈ پڑھنا۔<br>ECL-24: تصویرخوانی - ۱ | EC-4: نام بتانا۔مخصوص جگہ کی وضاحت کرکے وہاں کی چیزوں کے نام۔<br>EC-50: چیزوں کے ناموں کے لفظی کارڈ پہچانا۔<br>EC-25: تصویرخوانی - ۲ | EC-4: نام بتانا۔مخصوص جگہ کی وضاحت کرکے وہاں کی چیزوں کے نام (ورک شیٹ ۴)<br>ECL-50: چیزوں کے ناموں کے لفظی کارڈ پہچانا۔<br>EC-27: تصویرخوانی - سابقہ تجربات پر بات چیت |
| G1 : میدانی کھیل | ۳۰ | HW-32: سیدھی لکیر پر چلنا۔<br>HW-38: لوٹنا | HW-39: سیدھی لکیر پر چلنا۔<br>HW-38: لوٹنا | HW-40: مزیدار راستہ | HW-40: مزیدار راستہ | HW-57: بکیٹ میں گیند ڈالنا |
| الوداعیہ | ۳۰ | دن بھر کی سرگرمیوں کا جائزہ اور کہانی، گیت، بات چیت، کہانی پڑھنا، گوشۂ مطالعہ، ادبی رسائل پڑھنا وغیرہ۔ | | | | |
| مہینہ - پہلا | | | | | | ہفتہ - دوسرا |
| G1 : استقبالیہ ملاقات | ۳۰ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ |
| G1 : آزادانہ کھیل | ۲۰ | ریت/کتب/موسیقی اور دیگر کھیل | ریت/کتب/موسیقی اور دیگر کھیل | ریت/کتب/موسیقی اور دیگر کھیل | ریت/کتب/موسیقی اور دیگر کھیل | ریت/کتب/موسیقی اور دیگر کھیل |
| G3 : اعداد شناسی، ماحول اور سائنس | ۳۵ | IL-9: مختلف چیزیں (لمس) محسوس کرکے پہچانا۔<br>IL-15: تصویروں کے درمیان فرق پہچانا۔<br>(ورک شیٹ - ۵) | IL-10: اطراف/ ماحول میں موجود پھولوں کی پہچان۔<br>IL-15: تصویروں کے درمیان فرق پہچانا۔<br>(ورک شیٹ - ۲) | IL-4: اناج کا تعارف۔<br>IL-26: آج کی شکل (گول)<br>IL-27: مختلف اشیا کا استعمال کرکے شکلیں تیار کرنا۔ | IL-4: اناج کا تعارف۔<br>IL-26: آج کی شکل (مثلث/ تین کونی)<br>IL-27: مختلف اشیا کا استعمال کرکے شکلیں تیار کرنا۔ | IL-4: اناج کا تعارف۔<br>IL-26: آج کی شکل (چوکون)<br>IL-27: مختلف اشیا کا استعمال کرکے شکلیں تیار کرنا۔ |

| مقصد | وقت (منٹ) | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| G1 : اچھی صحت، خوش حال زندگی اور فن، تخلیقی صلاحیت اور جمالیات کی ترقی | ۳۵ | HW-11 : ہمارے ضابطے۔<br>HW-26 : صفائی - ہاتھ دھونے کی ترتیب | HW-5 : میرا دوسروں سے مختلف پن۔<br>HW-7 : مجھے کس کا / کے؟<br>HW-50 : مٹی کام | HW-6 : میرا خاندان<br>HW-59 : اُنگلیوں کے منبت کاری کرنا | HW-6 : میرا خاندان<br>HW-59 : اُنگلیوں کے منبت کاری کرنا | HW-6 : میرا خاندان (ورک شیٹ - ۷)<br>HW-58 : آ ؤ پانی بھریں |
| طعام/کھانا | ۳۰ | طعام | طعام | طعام | طعام | طعام |
| کہانی/نظم/گیت | ۵ | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت |
| G2 : زباندانی اور خواندگی۔(زبانی، زباندانی پڑھنا، لکھنا) | ۳۵ | EC-5 : نام بتانا۔ مخصوص عمل کے نام۔<br>EC-31 : جملے کے الفاظ الگ الگ کرنا اور ملانا۔<br>EC-45 : مشمول پڑھائی -۱ | EC-6 : مجھے کچھ کہنا ہے۔<br>EC-30 : جملے کے الفاظ الگ الگ کرنا۔<br>ECL-45 : مشمول پڑھائی -۲ | EC-41 : زبانی ہدایات کا کھیل - راجا بولے<br>EC-30 : جملے کے الفاظ الگ الگ کرنا۔<br>EC-45 : مشمول پڑھائی -۳ | EC-41 : زبانی ہدایات کا کھیل - راجا بولے<br>EC-59 : میچنگ سیٹ تصویر اور الفاظ کے کارڈ<br>EC-72 : فری ہینڈ تصویریں اُتارنا۔ | EC-42 : تصویری کارڈ کی مدد سے کہانی سنانا۔<br>EC-60 : تصویر اور الفاظ کے کارڈ۔ تصویر دیکھ کر الفاظ جوڑنا۔<br>EC-43 : واقعات کا سلسلہ |
| G1 : میدانی کھیل | ۲۰ | HW-45 : اسٹیچو کھیل<br>HW-37 : رسّی سے لٹکنا | HW-45 : اسٹیچو کھیل<br>HW-37 : رسّی سے لٹکنا | HW-34 : دونوں پیروں سے چھلانگ لگانا۔<br>HW-56 : گیند جھیلنا، پھینکنا۔ | HW-34 : دونوں پیروں سے چھلانگ لگانا۔<br>HW-56 : گیند جھیلنا، پھینکنا۔ | HW-45 : اسٹیچو کھیل<br>HW-34 : دونوں پیروں سے چھلانگ لگانا۔ |
| الوداعیہ | ۳۰ | دن بھر کی سرگرمیوں کا جائزہ اور کہانی، گیت، بات چیت، کہانی پڑھنا، گوشۂ مطالعہ، ادبی رسائل پڑھنا وغیرہ۔ | | | | |

مہینہ - پہلا　　　　ہفتہ - تیسرا

| مقصد | وقت (منٹ) | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| G1 : استقبالیہ ملاقات | ۳۰ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ |
| G1 : آزادانہ کھیل | ۲۰ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم ، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم ، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم ، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم ، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم ، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ |
| G3 : اعداد شناسی، ماحول اور سائنس | ۳۵ | IL-11 : ماحول کے جانور، پالتو اور جنگلی جانوروں کا تعارف۔<br>(ورک شیٹ–۸، ۹، ۱۰)<br>IL-28 : پہاڑ کو لگی آگ– دوڑو دوڑو | IL-12 : تیرنا / ڈوبنا<br>IL-28 : پہاڑ کو لگی آگ– دوڑو دوڑو<br>IL-60 : ہاتھ کے پنجے کے اطراف لکیریں بنانا | IL-12 : تیرنا / ڈوبنا<br>IL-29 : مختلف شکلوں کے لحاظ سے درجہ بندی۔ | IL-16 : منظر والی تصویر میں چھپی ہوئی تصویر تلاش کرنا۔<br>(ورک شیٹ–۱۲، ۱۳)<br>IL-52 : لمبا–کم لمبا / اونچا– پست قد۔ | IL-16 : منظر والی تصویر میں چھپی ہوئی تصویر تلاش کرنا۔<br>(ورک شیٹ–۱۴، ۱۵)<br>IL-53 : چھوٹا – بڑا پہچاننا۔ |
| G1 : اچھی صحت، خوش حال زندگی اور فن، تخلیقی صلاحیت اور جمالیات کی ترقی | ۳۵ | HW-15 : تو کیسا محسوس ہوگا؟<br>HW-51 : کاغذ کام | HW-16 : اُ گو ہوئی غصہ<br>HW-51 : کاغذ کام | HW-17 : جذبات ظاہر کرنے والے چہرے<br>(ورک شیٹ–۱۱)<br>HW-55 : ہاتھی کو دم لگانا۔ | HW-18 : کہانی میں کیا ہوا؟<br>HW-65 : موتیاں پرونا | HW-18 : کہانی میں کیا ہوا؟<br>HW-65 : موتیاں پرونا |
| کھانا | ۳۰ | طعام | طعام | طعام | طعام | طعام |
| کہانی / نظم / گیت | ۵ | کہانی / گیت | کہانی / گیت | کہانی / گیت | کہانی / گیت | کہانی / گیت |

| مقصد | وقت (منٹ) | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| G2 : زباندانی اور خواندگی۔(زبانی کام، پڑھنا،لکھنا) | ۳۵ | EC-42: تصویری کارڈ کی مدد سے کہانی سنانا۔ EC-31: لفظ کے حروف کو الگ الگ کرنا۔ EC-60: ایک جیسے سیٹ الفاظ کے کارڈ-تصویر سے لفظ کو جوڑنا۔ | EC-8: چیزوں پر بات چیت۔استاد کہیں گے EC-31: لفظ کے حروف کو الگ الگ کرنا۔ EC-60: میچنگ سیٹ-تصویر اور الفاظ کے کارڈ-تصویر سے لفظ کو جوڑنا۔ | EC-9: مجموعے کے لیے لفظ۔ EC-31: لفظ جوڑنا۔ EC-61: میچنگ سیٹ-تصویر اور الفاظ کے کارڈ-تصویر سے لفظ کو جوڑنا۔ | EC-9: مجموعے کے لیے لفظ۔ EC-31: لفظ جوڑنا۔ EC-61: میچنگ سیٹ-تصویر اور الفاظ کے کارڈ-تصویر سے لفظ کو جوڑنا۔ | EC-10: قربانی الفاظ کے کارڈ EC-35: الفاظ کی بیت بازی EC-61: میچنگ سیٹ-تصویر اور لفظ کے کارڈ-الفاظ سے الفاظ کو جوڑنا۔ |
| G1 : میدانی کھیل | ۳۰ | HW-46 : میوزیکل چیئر | HW-47 : ہم سب ایک جیسے | HW-46 : میوزیکل چیئر | HW-47 : ہم سب ایک جیسے | HW-14 : کس کی چیز کھوگئی؟ |
| الوداعیہ | ۳۰ | دن بھر کی سرگرمیوں کا جائزہ اور کہانی، گیت، بات چیت، کہانی پڑھنا، گوشۂ مطالعہ/ ادبی رسائل پڑھنا وغیرہ۔ | | | | |

**مہینہ – پہلا** **ہفتہ – چوتھا**

| مقصد | وقت (منٹ) | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| G1 : استقبالیہ ملاقات | ۳۰ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا IL-1: موسمی جدول HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا IL-1: موسمی جدول HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا IL-1: موسمی جدول HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا IL-1: موسمی جدول HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا IL-1: موسمی جدول HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ |
| G1 : آزادانہ کھیل | ۲۰ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ |

| مقصد | وقت (منٹ) | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| G3 : اعداد شناسی، ماحول اور سائنس | ۳۵ | ECL-65: تعلیمی سیر-عملی سیر | IL-54: عملی کام۔ چھوٹا - بڑا، اونچا - پست قد (ورک شیٹ-۱۶)<br>IL-17: تصویر کا ادھورا حصہ پہچانو۔ (ورک شیٹ-۱۷) | IL-13: پانی کا رنگ اور حل ہونا۔<br>IL-18: تصویر میں نظر آنے والے مزاج کو پہچاننا۔ (ورک شیٹ-۱۸) | IL-13: پانی کا رنگ اور حل ہونا۔<br>IL-36: آؤ تجربہ کریں۔ (ورک شیٹ-۱۹) | IL-55: دو چیزوں میں ہلکا بھاری پن پہچاننا۔<br>IL-36: آؤ تجربہ کریں (ورک شیٹ-۲۲) |
| G1 : اچھی صحت، خوش حال زندگی اور فن، تخلیقی صلاحیت اور جمالیات کی ترقی | ۳۵ | ECL-65: تعلیمی سیر-عملی سیر | HW-8: ہمارے سماجی مددگار<br>HW-50: مٹی کا کام | HW-9: پہچانو کون؟<br>HW-19: آج مجھے کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ | HW-9: پہچانو کون؟<br>HW-10: کولاج کام | HW-24: میں مدد کرتا ہوں<br>HW-10: کولاج کام |
| کھانا | ۳۰ | طعام | طعام | طعام | طعام | طعام |
| کہانی/نظم/گیت | ۵ | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت |
| G2 : زباندانی اور خواندگی۔ (زبانی کام، پڑھنا، لکھنا) | ۳۵ | EC-66: تعلیمی سیر پر گفتگو<br>EC-67: تعلیمی سیر-بچوں کے لیے لکھنا۔ | EC-22: زبان کی ریت<br>EC-32: لفظ کے شروع اور آخر کی آواز پہچاننا۔<br>EC-68: تعلیمی سیر-خود کے رسم الخط میں لکھنا۔ | EC-20: کہانی سنانا۔<br>EC-32: لفظ کے شروع اور آخر کی آواز پہچاننا۔<br>EC-40: بلند خوانی | EC-20: کہانی سنانا۔<br>EC-32: لفظ کے شروع اور آخر کی آواز پہچاننا۔<br>ورک شیٹ-۲۰، ۲۱<br>EC-40: بلند خوانی | EC-18: الفاظ کا اہرام<br>EC-34: لفظ کے شروع کی آواز بدلنا/آخر کی آواز بدلنا۔ |
| G1 : میدانی کھیل | ۳۰ | HW-37: رسّی کو گانٹھ مارنا۔ | HW-40: لطف اندوز راستہ | HW-40: لطف اندوز راستہ | HW-36: گھٹنوں کے درمیان گیند رکھ کر چلنا۔ | HW-33: سر پر کوئی چیز رکھ کر چلنا۔ |
| الوداعیہ | ۳۰ | دن بھر کی سرگرمیوں کا جائزہ اور کہانی، گیت، بات چیت، کہانی پڑھنا، گوشۂ مطالعہ، ادبی رسائل پڑھنا وغیرہ۔ | | | | |

مہینہ - پہلا — ہفتہ - پانچواں

| مقصد | وقت (منٹ) | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| G1 : استقبالیہ ملاقات | ۳۰ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19: مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19: مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19: مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19: مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19: مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ |
| G1 : آزادانہ کھیل | ۲۰ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ |
| G3 : اعداد شناسی، ماحول اور سائنس | ۳۵ | IL-34: واقعات کا تسلسل (ترتیب)<br>**(ورک شیٹ-۲۳)**<br>IL-19: ایک کے ساتھ ایک- سے زیادہ | IL-34: واقعات کا تسلسل (ترتیب)<br>**(ورک شیٹ-۲۴، ۲۵)**<br>IL-19: ایک کے ساتھ ایک- سے زیادہ | IL-37: اچھے شہری<br>**(ورک شیٹ-۲۷)**<br>IL-20: ایک کے ساتھ ایک- سے کم | IL-35: مسئلہ حل کریں۔<br>IL-20: ایک کے ساتھ ایک- سے کم | IL-35: مسئلہ حل کریں۔<br>IL-20: ایک کے ساتھ ایک- جتنے اتنے |
| G1 : اچھی صحت، خوش حال زندگی اور فن، تخلیقی صلاحیت اور جمالیات کی ترقی | ۳۵ | HW-20: ہمارے کام<br>HW-52: مکھوٹے تیار کرنا | HW-20: ہمارے کام<br>HW-52: مکھوٹے تیار کرنا | HW-25: ہم عمدہ/اچھے<br>HW-54: بھنگری | HW-25: ہم عمدہ/اچھے<br>HW-54: بھنگری | HW-66: کترنے کا کام<br>**(ورک شیٹ-۲۸، ۲۸ الف)** |
| کھانا | ۳۰ | طعام | طعام | طعام | طعام | طعام |
| کہانی/نظم/گیت | ۵ | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت |

| مقصد | وقت (منٹ) | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| G2 : زباندانی اور خواندگی۔(زبانی کام، پڑھنا،لکھنا) | ۳۵ | EC-37: سننے کے فرق کا کھیل<br>EC-36: ہم قافیہ الفاظ بتاؤ/ تلاش کرو۔<br>EC-44: گیت پڑھنا۔ | EC-37: سننے کے فرق کا کھیل<br>EC-36: ہم قافیہ الفاظ بتاؤ/ تلاش کرو۔<br>EC-44: گیت پڑھنا۔ | EC-52: جماعت میں موجود چیزوں کے الفاظ کارڈ کا کھیل- ڈومینو<br>EC-23: پسندیدہ کہانی پڑھنا | EC-23: پسندیدہ کہانی پڑھنا۔ | EC-7: انٹرویو<br>EC-73: کہانی کی تصویر بنانا۔ |
| G1: میدانی کھیل | ۳۰ | HW-31: اقداری کھیل | HW-31: اقداری کھیل (ورک شیٹ ۲۶) | HW-36: گھٹنوں کے بیچ گیند پکڑ کر چلنا۔ | HW-35: جانور اور پرندے بننا۔ | HW-37: رسّی کو گانٹھ مارنا۔ |
| الوداعیہ | ۳۰ | دن بھر کی سرگرمیوں کا جائزہ اور کہانی، گیت، بات چیت، کہانی پڑھنا، گوشۂ مطالعہ، ادبی رسائل پڑھنا وغیرہ۔ | | | | |
| مہینہ - دوسرا | | | | | | ہفتہ - چھٹا |
| G1 : استقبالیہ ملاقات | ۳۰ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ |
| G1: آزادانہ کھیل | ۳۰ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ |
| G3: اعداد شناسی، ماحول اور سائنس | ۳۵ | IL-19,20,21: ایک کے ساتھ ایک کی مطابقت<br>IL-59: چیزوں کے اطراف لکیر کھینچنا | IL-19,20,21: ایک کے ساتھ ایک کی مطابقت<br>IL-56: ترازو | IL-19,20,21: ایک کے ساتھ ایک کی مطابقت<br>IL-56: ترازو | IL-22: بیان کے لحاظ سے چیزوں کو ترتیب میں رکھ کر دکھانا۔<br>IL-57: مائیکروترازو | IL-22: بیان کے لحاظ سے چیزوں کو ترتیب میں رکھنا<br>IL-57: مائیکروترازو |

| مقصد | وقت (منٹ) | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| G1: اچھی صحت، خوش حال زندگی اور فن، تخلیقی صلاحیت اور جمالیات کی ترقی | ۳۵ | HW-14: رنگوں کا گوشہ بنائیں<br>HW-59 : اُنگلیوں سے منبت کاری کرنا | HW-21 : کٹھ پتلی پیشکش | IL-22 : آؤ سوال حل کریں (ورک شیٹ - ۲۹)<br>IL-60 : دیگر اشیا استعمال کر کے منبت کاری | HW-68 : ترازو بنانا | HW-23: میرا ترقی نامہ<br>HW-61: مختلف چیزوں سے منبت کاری کرنا |
| کھانا | ۳۰ | طعام | طعام | طعام | طعام | طعام |
| کہانی/نظم | ۵ | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت |
| G2 : زباندانی اور خواندگی۔(زبانی کام، پڑھنا، لکھنا) | ۳۵ | EC-7 : انٹرویو<br>EC-24 : تصویرخوانی (۱)<br>EC-74 : ہدایت سن کر تصویر بنانا۔ | EC-25:تصویرخوانی (۲)<br>EC-35:الفاظ کی بیت بازی<br>EC-72 : فری ہینڈ تصویر بنانا | EC-25:تصویرخوانی (۲)<br>EC-31:لفظ الگ کرنا، جوڑنا<br>EC-79: بچوں کو ان کی پسندیدہ کتاب دیکھ کر/ بغیر دیکھے تصویر اُتار کر اس کے بارے میں لکھنے کے لیے کہیے۔ | EC-25:تصویرخوانی (۲)<br>EC-32:لفظ کے شروع اور اور آخر کی آواز پہچاننا۔<br>EC-79: بچوں کو ان کی پسندیدہ کتاب دیکھ کر/ بغیر دیکھے تصویر اُتار کر اس کے بارے میں لکھنے کے لیے کہیے۔ | EC-26: تصویرخوانی - مکالمے/کہانی کی توسیع<br>EC-29 : تصویرخوانی - تصویروں کی مدد سے کہانی لکھنا۔ |
| G1 : میدانی کھیل | ۳۰ | HW-40: لطف اندوز راستہ | HW-40: لطف اندوز راستہ | HW-46: میوزیکل چیئر | HW-46: میوزیکل چیئر | HW-45: اسٹیچو کا کھیل |
| الوداعیہ | ۳۰ | دن بھر کی سرگرمیوں کا جائزہ اور کہانی، گیت، بات چیت، کہانی پڑھنا، گوشۂ مطالعہ، ادبی رسائل پڑھنا وغیرہ۔ | | | | |
| **مہینہ - دوسرا** | | | | | | **ہفتہ - ساتواں** |
| G1 : استقبالیہ ملاقات | ۳۰ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12: استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1: موسمی جدول<br>HW-13: ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ |

| مقصد | وقت (منٹ) | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| G1 : آزادانہ کھیل | ۲۰ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ |
| G3 : اعداد شناسی، ماحول اور سائنس | ۳۵ | IL-23 : دی ہوئی تصویر کی بنا پر بیان مناسب، غیر مناسب طے کرنا۔ (ورک شیٹ–۳۰)<br>IL-67 : ہفتے کے دن پہچانو۔ | IL-23 : دی ہوئی تصویر کی بنا پر بیان مناسب، غیر مناسب طے کرنا۔ (ورک شیٹ–۳۱)<br>IL-68 : مہینے پہچانو۔ | EC-53 : پکوان کا عملی مظاہرہ کرنا | IL-31 : ترتیب<br>IL-38 : ۱۰/تک چیزیں گننا (۱ سے ۵ تک گنتی) | IL-31 : ترتیب<br>IL-39 : ۱۰/تک چیزیں گننا (۶ سے ۱۰ تک گنتی) |
| G1 : اچھی صحت، خوش حال زندگی اور فن، تخلیقی صلاحیت اور جمالیات کی ترقی | ۳۵ | HW-27 : صحت مند عادتیں<br>HW-64 : گاڑی تیار کرنا | HW-28 : جوڑیاں لگاؤ۔ (ورک شیٹ–۳۲)<br>HW-64 : گاڑی تیار کرنا | EC-53 : پکوان کا عملی مظاہرہ کرنا | HW-29 : متوازن غذا کا انتخاب (ورک شیٹ–۳۳)<br>HW-58 : آؤ پانی بھریں | HW-29 : متوازن غذا کا انتخاب (ورک شیٹ–۳۴)<br>HW-65 : موتیوں کا ہار بنانا |
| کھانا | ۳۰ | طعام | طعام | طعام | طعام | طعام |
| کہانی / نظم | ۵ | کہانی / گیت | کہانی / گیت | کہانی / گیت | کہانی / گیت | کہانی / گیت |
| G2 : زباندانی اور خواندگی۔ (زبانی کام، پڑھنا، لکھنا) | ۳۵ | EC-11 : میں کہاں ملوں گا؟<br>EC-34 : لفظ کے شروع کی آواز بدلنا / آخری آواز بدلنا۔<br>EC-72 : فری ہینڈ تصویر بنانا۔ | EC-12 : اگر ایسا ہو گیا تو کیا کریں گے؟<br>EC-34 : لفظ کے شروع کی آواز بدلنا / آخری آواز بدلنا۔<br>EC-76 : فہرست تیار کرنا۔ | EC-54 : پکوان کا عملی مظاہرہ کرنا، بحث کرنا اور عمل کو ضبطِ تحریر میں لانا۔ | EC-13 : آنکھیں بند کر کے چیزیں پہچاننا۔<br>EC-55 : پکوان کا عملی مظاہرہ، اس کی تصویریں بنانا اور اپنے رسم الخط میں لکھنا۔ | EC-13 : آنکھیں بند کر کے چیزیں پہچاننا۔<br>EC-56 : دیکھ کر عملی مظاہرہ – لکھنے کی قسموں کا تعارف۔ |
| G1 : میدانی کھیل | ۳۰ | HW-56 : گیند جھیلنا، پھینکنا | HW-44 : کس کی چیز کھو گئی؟ | HW-36 : دونوں گھٹنوں کے درمیان گیند پکڑ کر چلنا۔ | HW-46 : میوزیکل چیئر | HW-45 : اسٹیچو کا کھیل |
| الوداعیہ | ۳۰ | دن بھر کی سرگرمیوں کا جائزہ اور کہانی، گیت، بات چیت، کہانی پڑھنا، گوشۂ مطالعہ، ادبی رسائل پڑھنا وغیرہ۔ | | | | |

مہینہ - دوسرا

ہفتہ - آٹھواں

| مقصد | وقت (منٹ) | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| G1 : استقبالیہ ملاقات | ۳۰ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ |
| G1 : آزادانہ کھیل | ۲۰ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم، صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ |
| G3 : اعداد شناسی، ماحول اور سائنس | ۳۵ | IL-32 : ترتیب وار بیانات 1<br>IL-40 : ۱۰ تک چیزیں گننا مشق | IL-32 : ترتیب وار بیانات 1<br>IL-40 : ۱۰ تک چیزیں گننا مشق | IL-32 : ترتیب وار بیانات 2<br>IL-40 : ۱۰ تک چیزیں گننا مشق | IL-32 : ترتیب وار بیانات 2<br>IL-41 : عددی کہانی | IL-33 : ترتیب وار بیانات 2<br>IL-42 : اُلٹی گنتی گننا |
| G1 : اچھی صحت، خوش حال زندگی اور فن، تخلیقی صلاحیت اور جمالیات کی ترقی | ۳۵ | HW-30 : اچھا لمس اور لمس<br>HW-48 : کاغذ پھاڑنا | HW-9 : پہچانو کون ہے؟<br>HW-51 : کاغذ کام | HW-16 : پھوپھی کو آیا غصہ<br>HW-49 : پھول پتوں سے سجاوٹ | HW-18 : کہانی میں کیا ہوا؟<br>HW-50 : مٹی کام | HW-30 : اچھا لمس اور خراب لمس<br>HW-50 : مٹی کام |
| کھانا | ۳۰ | طعام | طعام | طعام | طعام | طعام |
| کہانی/نظم | ۵ | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت |
| G2 : زباندانی اور خواندگی۔ (زبانی کام، پڑھنا، لکھنا) | ۳۵ | EC-14 : میں کیسا/ میں کیسی؟ استاد اور بچے۔<br>EC-61 : میچنگ سیٹ۔تصویر اور الفاظ کے کارڈ۔الفاظ اور الفاظ کی جوڑی<br>EC-75 : تہنیتی کارڈ تیار کرنا اور نیک خواہشات لکھنا۔ | EC-15 : میں کیسا/ میں کیسی؟ گروپ گروپ میں<br>EC-62 : میچنگ سیٹ۔تصویر اور الفاظ کارڈ - ڈومینو۔<br>EC-51 : جماعت میں موجود چیزوں کے ناموں کے الفاظ کارڈ - کھیل - جوڑی لگاؤ | EC-16 : میں کیسا/ میں کیسی؟ ایک جیسے، الگ الگ<br>EC-45 : مشمول پڑھائی 1<br>EC-57 : میرے پسندیدہ پکوان | EC-19 : گانوں کی پیشکش<br>EC-46 : مشمول پڑھائی 2<br>EC-58 : میرے پسندیدہ پکوان خود کی زبان میں لکھنا | EC-22 : زبان کی ریٹ<br>EC-47 : مشمول پڑھائی 3<br>EC-80 : پسندیدہ چیز کی تصویر بنا کر خود کی تحریر میں اس کے بارے میں لکھنا۔ |

| مقصد | وقت (منٹ) | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| G1 : میدانی کھیل | ۳۰ | HW-46 : میوزیکل چیئر | HW-47 : ہم سب ایک جیسے | HW-42 : لگوری/لنگورچہ | HW-44 : کسی کی چیز کھوگئی | HW-42 : لگوری/لنگورچہ |
| الوداعیہ | ۳۰ | دن بھر کی سرگرمیوں کا جائزہ اور کہانی، گیت، بات چیت، کہانی پڑھنا، گوشۂ مطالعہ، ادبی رسائل پڑھنا وغیرہ۔ | | | | |
| **مہینہ - تیسرا** | | | | | | **ہفتہ - نواں** |
| G1 : استقبالیہ ملاقات | ۳۰ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19 : مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19 : مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19 : مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19 : مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19 : مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ |
| G1 : آزادانہ کھیل | ۲۰ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ |
| G3 : اعداد شناسی، ماحول اور سائنس | ۳۵ | IL-44 : گول لکیر پر چلنا۔<br>IL-46 : مینار کا کھیل | IL-44 : گول لکیر پر چلنا۔<br>IL-46 : مینار کا کھیل | IL-44 : گول لکیر پر چلنا۔<br>IL-62 : تواتر کا تعارف | IL-44 : گول لکیر پر چلنا۔<br>IL-63 : تواتر تیار کرو۔ | IL-44 : گول لکیر پر چلنا۔<br>IL-63 : تواتر تیار کرو۔ |
| G1 : اچھی صحت، خوش حال زندگی اور فن، تخلیقی صلاحیت اور جمالیات کی ترقی | ۳۵ | HW-67 : تشاکل مکمل کر کے اس میں رنگ بھرنا۔<br>(ورک شیٹ - ۳۵) | HW-10 : کولاج کام | HW-8 : ہمارے سماجی مددگار | HW-9 : پہچانو کون ہے؟ | HW-52 : مکھوٹے تیار کرنا |
| کھانا | ۳۰ | طعام | طعام | طعام | طعام | طعام |
| کہانی/نظم | ۵ | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت |

| مقصد | وقت (منٹ) | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| G2 : زباندانی اور خواندگی۔(زبانی کام، پڑھنا،لکھنا) | ۳۵ | EC-21 : کہانی کو مختصر ڈراما کے طور پر پیش کرنا۔<br>EC-69 : کھیل – آواز کی پہچان 'ا' (الف) | EC-21 : کہانی کو مختصر ڈراما کے طور پر پیش کرنا۔<br>EC-69 : کھیل – آواز کی پہچان 'ا' (الف) | EC-64 : تصویری جملے پڑھنا (ورک شیٹ–۳۶)<br>EC-70 : حروف کا کھیل – الفاظ کی ٹوکری – 'ا' (الف)<br>EC-76 : فہرست تیار کرنا۔ | EC-18 : لفظی اہرام<br>EC-71 : حروف کا کھیل (ورک شیٹ – ۳۷)<br>EC-73 : کہانی کی تصویر بنانا۔ | EC-20 : کہانی سنانا۔<br>EC-63 : الفاظ پہچانو۔<br>EC-72 : فری ہینڈ تصویر بنانا۔ |
| G1 : میدانی کھیل | ۳۰ | HW-32 : سیدھی لکیر پر چلنا<br>HW-38 : لوٹا | HW-32 : سیدھی لکیر پر چلنا<br>HW-38 : لوٹا | HW-40 : لطف اندوز راستہ | HW-40 : لطف اندوز راستہ | HW-57 : بالٹی میں گیند ڈالنا |
| الوداعیہ | ۳۰ | دن بھر کی سرگرمیوں کا جائزہ اور کہانی، گیت، بات چیت، کہانی پڑھنا، گوشۂ مطالعہ، ادبی رسائل پڑھنا وغیرہ۔ | | | | |
| **مہینہ – تیسرا** | | | | | | **ہفتہ – دسواں** |
| G1 : استقبالیہ ملاقات | ۳۰ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19 : مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19 : مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19 : مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19 : مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19 : مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ |
| G1 : آزادانہ کھیل | ۲۰ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ |
| G3 : اعداد شناسی، ماحول اور سائنس | ۳۵ | IL-47 : کیا کم کیا زیادہ<br>IL-25 : کتنے سے کم – کتنے سے زیادہ | IL-47 : کیا کم کیا زیادہ<br>IL-25 : کتنے سے کم – کتنے سے زیادہ | ECL-65 : علاقائی سیر – عملی سیر | IL-64 : تواتر – (ورک شیٹ ۳۹)<br>IL-50 : کتنے روپے | IL-64 : تواتر (اپنے ماحول میں سے)<br>IL-61 : جوڑیاں لگاؤ (ورک شیٹ – ۴۰) |

| مقصد | وقت (منٹ) | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| G1: اچھی صحت، خوشحال زندگی اور فن، تخلیقی صلاحیت اور جمالیات کی ترقی | ۳۵ | HW-21 : کٹھ پتلی پیشکش (پپیٹ شو) | HW-64 : گاڑی تیار کرنا۔ | HW-66 : علاقائی سیر پر بات چیت | HW-30 : اچھالمس برالمس | HW-52 : کھلونے تیار کرنا۔ |
| کھانا | ۳۰ | طعام | طعام | طعام | طعام | طعام |
| کہانی / نظم | ۵ | کہانی / گیت | کہانی / گیت | کہانی / گیت | کہانی / گیت | کہانی / گیت |
| G2 : زباندانی اور خواندگی۔ (زبانی کام، پڑھنا، لکھنا) | ۳۵ | EC-48 : کہانی مکمل کریں<br>EC-69 : حروف کا کھیل۔ آواز کی پہچان – 'م' | EC-49 : کہانی تیار کریں<br>EC-69 : حروف کا کھیل۔ آواز کی پہچان<br>EC-73 : کہانی پر مبنی تصویر نکالنا | EC-67 : علاقائی سیر – بچوں کے لیے لکھنا۔<br>IL-64 : تواتر (ورک شیٹ – ۳۸) | EC-70 : حروف کا کھیل۔ الفاظ کی ٹوکری 'م'<br>EC-68 : علاقائی سیر – خود کی تحریر میں لکھنا۔ | EC-71 : حروف کا کھیل۔ ورک شیٹ 'م' (ورک شیٹ – ۴۱)<br>EC-75 : تہنیتی کارڈ بنانا۔ مبارکباد / نیک خواہشات لکھنا |
| G1 : میدانی کھیل | ۳۰ | HW-43 : یوگا | HW-43 : یوگا | HW-43 : یوگا | HW-43 : یوگا | HW-43 : یوگا |
| الوداعیہ | ۳۰ | دن بھر کی سرگرمیوں کا جائزہ اور کہانی، گیت، بات چیت، کہانی پڑھنا، گوشۂ مطالعہ، ادبی رسائل پڑھنا وغیرہ۔ | | | | |
| **مہینہ – تیسرا** | | | | | | **ہفتہ – گیارھواں** |
| G1 : استقبالیہ ملاقات | ۳۰ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19 : مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19 : مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19 : مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19 : مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا<br>IL-1 : موسمی جدول<br>HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ<br>HW-19 : مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟ |
| G1 : آزادانہ کھیل | ۲۰ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ |

| مقصد | وقت (منٹ) | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| G3 : اعداد شناسی، ماحول اور سائنس | ۳۵ | IL-58: دو چیزوں میں سما جانے کی صلاحیت کا موازنہ اور پانی کی بالٹی کا حجم | IL-58: دو چیزوں میں سما جانے کی صلاحیت کا موازنہ اور پانی کی بالٹی کا حجم | IL-58: دو چیزوں میں سما جانے کی صلاحیت کا موازنہ اور پانی کی بالٹی کا حجم | IL-66: نتیجہ اخذ کرنا (ورک شیٹ ۴۲) IL-48: زبانی ریاضی کے سیٹ میں اضافہ کرنا۔ | IL-66: نتیجہ اخذ کرنا (ورک شیٹ - ۴۴) IL-48: زبانی ریاضی کے سیٹ میں اضافہ کرنا۔ |
| G1 : اچھی صحت، خوش حال زندگی اور فن، تخلیقی صلاحیت اور جمالیات کی ترقی | ۳۵ | HW-55 : ہاتھی کو دم لگانا۔ | HW-53 : رنگولی بنانا | HW-53 : رنگولی بنانا | HW-62 : رسّی کام | HW-62 : رسّی کام |
| کھانا | ۳۰ | طعام | طعام | طعام | طعام | طعام |
| کہانی/نظم | ۵ | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت |
| G2 : زباندانی اور خواندگی۔(زبانی کام، پڑھنا، لکھنا) | ۳۵ | EC-49 : آؤ کہانی بنائیں EC-69 : حروف کا کھیل- آواز کی پہچان EC-28 : تصویر خوانی - اپنی تحریر میں بیان لکھنا۔ | EC-48 : کہانی مکمل کریں EC-69 : حروف کا کھیل- آواز کی پہچان - 'ن' EC-72 : فری ہینڈ تصویر بنانا۔ | EC-70 : لفظی کھیل - الفاظ کی ٹوکری - 'ن' EC-80 : پسندیدہ چیز کی تصویر بنا کر اپنی تحریر میں اس کے بارے میں لکھنا۔ | EC-71 : حروف کا کھیل (ورک شیٹ - ۴۳) EC-72 : فری ہینڈ تصویر بنانا۔ | EC-70 : لفظی کھیل - الفاظ کی ٹوکری - (ا، م، ن) EC-81 : پسندیدہ شخص کی تصویر بنا کر اس کے بارے میں اپنی تحریر میں لکھنا۔ |
| G1 : میدانی کھیل | ۳۰ | HW-41 : رکاوٹوں کا مقابلہ | HW-42 : لگوری-لنگورچہ | HW-41 : رکاوٹوں کا مقابلہ | HW-42 : لگوری-لنگورچہ | HW-41 : رکاوٹوں کا مقابلہ |
| الوداعیہ | ۳۰ | دن بھر کی سرگرمیوں کا جائزہ اور کہانی، گیت، بات چیت، کہانی پڑھنا، گوشۂ مطالعہ، ادبی رسائل پڑھنا وغیرہ۔ | | | | |
| **مہینہ - تیسرا** | | | | | | **ہفتہ - بارھواں** |
| G1 : استقبالیہ ملاقات | ۳۰ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا IL-1 : موسمی جدول HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا IL-1 : موسمی جدول HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا IL-1 : موسمی جدول HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا IL-1 : موسمی جدول HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ | HW-12 : استقبالیہ گیت، دعا IL-1 : موسمی جدول HW-13 : ہماری روزانہ کی حاضری کا تختہ |

| مقصد | وقت (منٹ) | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| G1 : آزادانہ کھیل | ۲۰ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ | تعلیم میں داخلہ رہنمائے معلم صفحہ ۲۰ تا ۲۲ کے مطابق آزاد کھیلوں کی منصوبہ بندی کریں۔ |
| G3 : اعداد شناسی، ماحول اور سائنس | ۳۵ | IL-49: زبانی ریاضی-سیٹ میں کم/سیٹ میں فرق | IL-49: زبانی ریاضی-سیٹ میں کم/سیٹ میں فرق | IL-51: بازار | IL-45: کچھ بھی باقی نہیں<br>IL-30: کئی خوبیوں کے لحاظ سے درجہ بندی | IL-43: کیلنڈر کے لحاظ سے الٹے سیدھے عدد گننا۔<br>IL-30: کئی خوبیوں کے لحاظ سے درجہ بندی<br>(ورک شیٹ-۴۵ اور ۴۶) |
| G1 : اچھی صحت، خوش حال زندگی اور فن، تخلیقی صلاحیت اور جمالیات کی ترقی | ۳۵ | HW-63 : بیج چسپاں کر کے تصویریں | HW-63 : بیج چسپاں کر کے تصویریں | HW-51 : کاغذ کام | HW-51 : کاغذ کام | HW-51 : کاغذ کام |
| کھانا | ۳۰ | طعام | طعام | طعام | طعام | طعام |
| کہانی/نظم | ۵ | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت | کہانی/گیت |
| G2 : زباندانی اور خواندگی۔(زبانی، زباندانی پڑھنا، لکھنا) | ۳۵ | EC-77 : خود کی کتاب بنانا<br>EC-78 : موسم دیکھ کر اس کی تصویر بنانا۔اس کا بیان اپنی تحریر میں لکھنا۔ | EC-77 : خود کی کتاب بنانا<br>EC-78 : موسم دیکھ کر اس کی تصویر بنانا۔اس کا بیان اپنی تحریر میں لکھنا۔ | EC-6 : مجھے کچھ کہنا ہے۔<br>EC-23 : پسندیدہ کہانی پڑھنا۔<br>EC-78 : موسم دیکھ کر اس کی تصویر بنانا۔اس کا بیان اپنی تحریر میں لکھنا۔ | EC-9 : جمع کو ظاہر کرنے والے الفاظ<br>EC-23 : پسندیدہ کہانی پڑھنا۔<br>EC-78 : موسم دیکھ کر اس کی تصویر بنانا۔اس کا بیان اپنی تحریر میں لکھنا۔ | EC-11 : میں کہاں ملوں گا؟<br>EC-78 : موسم دیکھ کر اس کی تصویر بنانا۔اس کا بیان اپنی تحریر میں لکھنا۔ |
| G1 : میدانی کھیل | ۳۰ | HW-43 : یوگا | HW-46: میوزیکل چیئر | HW-43 : یوگا | HW-46: میوزیکل چیئر | HW-43 : یوگا |
| الوداعیہ | ۳۰ | دن بھر کی سرگرمیوں کا جائزہ اور کہانی، گیت، بات چیت، کہانی پڑھنا، گوشۂ مطالعہ، ادبی رسائل پڑھنا وغیرہ۔ | | | | |

# ۱۰) اہداف کے لحاظ سے عملی کام/ سرگرمی کے لیے رہنما ہدایات

## ہدف ۱ - طلبہ کی عمدہ صحت اور تندرستی (Health and Wellbeing)

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- |
| HW-3.1 : خود کی اور دوسروں کی جسمانی خصوصیات، جنس، دلچسپی، پسند، ناپسند کو بیان کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۱ : اعضا کی پہچان**<br>۱) معلم خود کے کسی عضو پر ہاتھ رکھ کر اس کا نام دہرائیں۔ طلبہ کو بھی اسی طرح عمل کرنے کے لیے کہیں جیسے آنکھ پر ہاتھ رکھ کر کہیں 'آنکھیں'، پیر پر ہاتھ رکھ کر کہیں 'پیر'۔<br>۲) طلبہ کو ہدایت دیں 'میں عضو کا نام بتاتا ہوں تم اس عضو پر ہاتھ رکھو' تمام طلبہ مناسب عضو پر ہاتھ رکھ رہے ہیں یا نہیں اس طرف توجہ دیں۔ | - | ۱ |
| | **عملی کام نمبر ۲ : اعضا کے کام اور گفتگو**<br>۱) ہمارے اعضا کون کون سے کام کرتے ہیں، اس پر بات چیت کریں گے جیسے میرے ہاتھ لکھنے کا کام کرتے ہیں۔ اس طرح کا جملہ کہہ کر لکھنے کا عملی مظاہرہ کریں۔<br>۲) ہر طالب علم کو کسی ایک عضو کا نام اور اس عضو کا کام بتانے کی طرف راغب کریں۔ ان کی مدد کریں۔ بچے بتا نہ سکیں تو مناسب سوال پوچھیں۔ 'تم کس سے کھانا کھاتے ہو؟، کسی چیز کو اٹھانے کے لیے کس عضو کا استعمال کرتے ہو؟ تم نظم کس عضو سے سنتے ہو؟<br>۳) کسی طالب علم کو اگر کوئی عضو نہ ہو تو وہ کس طرح کام کرتا ہوگا؟ یہ بات بچوں سے پوچھیں۔ طلبہ کے خیالات کو اطمینان سے سن لیں۔ بچوں سے کہیں کہ 'کیا تم نے ایسے کسی شخص کو دیکھا ہے؟' اس کے بعد ان کے تجربات کو سن لیں۔<br>۴) اس بات کا خیال رکھیں کہ کوئی عضو نہ ہونے کے باوجود دیگر اعضا کی مدد سے بہترین زندگی گزاری جا سکتی ہے، اس پر بحث کریں۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے** : طالب علم بات کرنے سے معذور ہو تو عمل کر کے بتانے یا ظاہر کرنے کے لیے کہیں۔ | - | ۱ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| HW-3.1 : خود کی اور دوسروں کی جسمانی خصوصیات، جنس، دلچسپی، پسند، ناپسند کو بیان کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۳ : اس دفعہ کچھ الگ**<br>طلبہ کو ان کے ہاتھ/ پیر، ایک ایک عضو کو مختلف طریقوں سے استعمال کر کے بتانے کے لیے کہیں جیسے پیر سے چلنے کی بجائے پیر سے رنگ بھرنے کا کام کرتا ہے، اس کی اداکاری کریں وغیرہ۔ | - | ۱ |
| | **عملی کام نمبر ۴ : دوست کی پہچان**<br>۱) طلبہ کو دائرے میں بٹھائیں۔<br>'آج ہم اپنے دوستوں کے ساتھ گپ شپ کریں گے۔<br>۲) تمھارے دوست/ سہیلی کو کون کون سی چیزیں کھانا پسند ہیں؟ کون سا رنگ پسند ہے؟ کون سے پھل پسند ہیں؟ اس قسم کے سوالات کرتے ہوئے بچوں کو بات چیت کرنے کی ترغیب دیں۔<br>۳) عملی کام کی شیٹ پر لکھی ہدایات پڑھ کر سنائیں۔ طلبہ کی تعداد سے ان کے گروپ/ جوڑی میں سرگرمی انجام دینے کے لیے کہیں۔<br>۴) اس کھیل میں طلبہ کو دوسروں کے ساتھ مکالمہ کرنے، اپنی اور دوسروں کی پسند/ ناپسند سمجھنا اہم ہے۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** جس طالب علم کو چار دوست تلاش کرنے میں عذر ہوگا اور اگر وہ ایک ہی دوست تلاش کرنے پر اسے قبول کیا جائے۔ | ورک شیٹ نمبر ۳ | ۱ |
| | **عملی کام نمبر ۵ : میرا اپنا انداز**<br>۱) کسی خالی بکس کی تہہ میں ایک آئینہ رکھیں۔ اس بکس کو بعد میں بند کر دیں۔ | | ۲ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| | ۲) طلبہ کو ہدایت دیں کہ بکس میں کیا چیز ہے دیکھ کر بتائیں۔ ہر طالب علم دیکھے اور اپنی جگہ پر آ کر بیٹھ جائے۔ کسی سے بات نہ کرے۔ جب تمام طلبہ دیکھ لیں تو ہر ایک سے انفرادی طور پر پوچھیں کہ تم نے بکس میں کیا دیکھا؟ تمھیں کیا محسوس ہوا؟ یہ سوال کریں۔<br>۳) اس کے بعد معلم بتائے کہ ہر طالب علم اپنی ایک انفرادیت رکھتا ہے اور اس بکس میں نظر آنے والی تصویر تمھاری خود کی تھی۔ ہر ایک میں کچھ نہ کچھ مخصوص ہوتا ہے، اس بات کو معلم اچھی طرح سمجھائیں۔<br>۴) تمام طلبہ سے ان کے والد کی پسندیدہ غذا، رنگ، کھیل وغیرہ دریافت کریں اور یہ بات اچھی طرح سمجھائیں کہ ہر ایک کی پسند ناپسند الگ الگ ہوتی ہے۔ | | |
| HW-3.2 : بڑے خاندان کے ممبران کے ساتھ رشتوں کی تفہیم کو ظاہر کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۶ : میرا خاندان**<br>۱) طلبہ کو دائرے میں بٹھائیں۔<br>۲) بچوں سے کہیں کہ آپ کے گھر میں کون کون رہتے ہیں، آج اس بارے میں بات چیت کریں گے۔ بچوں سے پوچھیں کہ تمھارے گھر میں کون کون رہتے ہیں؟ آپ دادا، دادی وغیرہ رشتوں کو اپنی زبان میں کیا کہتے ہیں۔ تایا کسے کہتے ہیں؟ ماموں یعنی کون؟ (ماں کا بھائی) یہ باتیں پوچھیں۔<br>۳) اس کے بعد ورک شیٹ نمبر (۷) دے کر اس میں خاندان والوں کی تصویر بنانے/فوٹو چسپاں کرنے کے لیے کہیں اور ان کے نام خود کی تحریر میں لکھوائیں۔ | ورک شیٹ نمبر ۷ | ۲ |
| | **عملی کام نمبر ۷ : مجھے کس کا کیا پسند ہے؟**<br>طلبہ کو دائرے میں بٹھائیں اور طلبہ سے پوچھیں آپ کی والدہ کون سا لباس پہنتی ہیں؟ آپ کے ابو کون سے لباس پہنتے ہیں؟ باجی، بڑے بھائی اور آپ خود کون سا لباس استعمال کرتے ہیں؟ یہ پوچھیں اور اس کی فہرست بنائیں جیسے ساڑی، پینٹ شرٹ، شیروانی، پنجابی سوٹ، فراک وغیرہ۔ بچوں کو اس موضوع پر بات چیت کرنے کے لیے راغب کریں کہ آپ کو کون کون سی چیزیں پسند ہیں؟ جیسے دادی کہانی سناتی ہیں وہ مجھے پسند ہے۔ چاچی سلائی کام اچھا کرتی ہیں۔ وہ مجھے بہت اچھا لگتا ہے۔ دادا قرآن مجید کی تلاوت بہت اچھے انداز میں کرتے ہیں۔ | - | ۲ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| HW-3.2 : بڑے خاندان کے ممبران سے اسکول سے قبل رشتوں کی فہم بیان کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۸ : ہمارے سماجی مددگار**<br>۱) ہمیں کون کون مدد کرتے ہیں؟ جیسے ہم بس سے گاؤں جانا چاہتے ہیں تو کون کون ہماری مدد کرتا ہے؟ اس طرح کے سوالات سے آغاز کریں۔ طلبہ کو ڈرائیور/ کنڈکٹر وغیرہ کے بارے میں بتانے کے لیے کہیں۔ اسی طرح دیگر مدد کرنے والوں سے متعلق بات چیت کریں۔<br>۲) گاؤں، محلّہ میں کوئی شخص/ سرپرستوں میں سے ڈاکیا، ڈاکٹر، پولس، کنڈکٹر وغیرہ ہو تو انھیں جماعت میں مدعو کر کے ان کا انٹرویو لیا جاسکتا ہے۔<br>۳) طلبہ سے بات چیت کر کے انٹرویو کے سوالات معلم ایک چھوٹے سے کاغذ پر لکھ لیں۔ کاغذ طلبہ کو نظر آئے اس طرح دیوار پر چسپاں کر کے ان سے کہیں کہ اس میں تم مزید اضافہ کر سکتے ہو۔<br><br>**عملی کام نمبر ۹ : پہچانو کون؟**<br>دو گروہوں میں یہ کھیل کھیلا جاسکتا ہے۔<br>۱) ایک گروہ کے طلبہ پیشہ ور لوگوں کا بیان کریں لیکن معمے میں جیسے بیمار ہونے پر ہم جس کے پاس جاتے ہیں اور وہ گولیاں اور انجکشن دیتا ہے۔ پہچانو کون؟ دوسرا گروہ ان پیشہ ور لوگوں کے نام پہچانیں۔<br>۲) روزمرہ زندگی میں کام کرتے ہوئے اگر کوئی مشکل آئے یا مسئلہ ہوجائے تو آپ کس کی مدد لیں گے جیسے چپل ٹوٹ جائے تو...، کوئی بیمار ہوجائے تو...<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** بعض بچوں کو یہ کام نہیں آئے گا۔ اس موقع پر دوسرے لوگ ان کی مدد کریں۔ | ہمارے سماجی مددگار تصویروں کی جدول | ۹ ، ۴ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- |
| HW-3.3 : سرگرمیوں میں آزادی کو ظاہر کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۱۰ : کولاج کام**<br>۱) طلبہ کو دائرے میں بٹھائیں اور مندرجہ ذیل کولاج کام کے نمونے کا عملی مظاہرہ کریں۔<br>۲) تین چار چھوٹے ایک جانب سے کورے کاغذ یا پنسل سے لکھے ہوئے کاغذ لیں۔ موی قلم سے ہر کاغذ میں رنگ بھریں۔ اس کے بعد اس کاغذ کے اوسط شکل والے ٹکڑے کریں۔ ایک A-4 سائز کاغذ پر ان رنگین کاغذوں کو چسپاں کر کے کوئی قدرتی منظر یا کسی چیز کی شکل بنائیں۔ طلبہ سے کہیں کہ ہر ایک کو الگ الگ شکل بنانی ہے۔ دوسروں سے ہماری تصویر مختلف ہونی چاہیے۔ اس کام میں تین چار بچوں کے گروہ میں ایک قلم، قینچی، گوند وغیرہ دیں اور کہیں کہ اسے مشترکہ طور پر استعمال کریں۔ دوسروں کے کاغذ استعمال نہ کریں اور یہ بھی ہدایت دیں کہ ضرورت ہو تو ایک دوسرے سے پوچھ لیں۔<br>۳) اساتذہ اس طرف توجہ دیں کہ ہر طالب علم اپنی اپنی مرضی سے کولاج کام کر رہا ہے یا نہیں؟ وسائل جیسے قینچی، قلم وغیرہ کے استعمال میں ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں یا نہیں؟ مدد کی ضرورت ہو تو کس انداز میں مطالبہ کرتے ہیں اس طرف خاص توجہ دیں۔ | کاغذ، گوند، قلم وغیرہ۔ | ۹ ، ۴ |
| HW-3.4 : ایک ہی وقت میں ہدایات اور سادہ قوانین پر عمل کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۱۱ : ہمارے اُصول**<br>طلبہ سے بات چیت کر کے جماعت میں جن اُصولوں پر عمل کرتا ہے۔ اسے عام فہم زبان میں تیار کریں۔ ایک بڑے کاغذ پر لکھ کر ایسی جگہ لگائیں جہاں سے بچوں کو نظر آئے۔<br>جیسے : کھیلنا ختم ہونے پر کھلونے مناسب مقام پر رکھیں۔<br>اپنا توشہ دان اور پانی کی بوتل مقررہ جگہ پر ترتیب وار رکھیں۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** اُصول کو زیادہ واضح کرنے کے لیے انھیں تصویری صورت میں بتائیں جیسے توشہ دان اور پانی کی بوتل کی قطار کو ظاہر کرنے والی تصویر بتائیں۔ | جدول اور اسکیچ پین | ۲ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| HW-3.5 : معمول یا روزمرہ کے نظام الاوقات میں تبدیلی کے تئیں توافق کا مظاہرہ کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۱۲ : آؤ استقبال کریں**<br>۱) جب طلبہ جماعت میں داخل ہوں تب جماعت کے دروازے پر کھڑے رہ کر مختلف طریقوں سے ان کا استقبال کریں۔<br>۲) استقبال کے لیے مختلف طریقوں کا استعمال کریں جیسے تالی پر تالی مارنا، سلام کرنا، ہنس کر استقبال کرنا، معانقہ کرنا، مصافحہ کرنا وغیرہ اس طرح کے مختلف طریقوں کا استعمال کریں۔ | | ۱، ۲، ۳، ۴، ۵ |
| | **عملی کام نمبر ۱۳ : ہمارا روزمرہ کا معمول**<br>۱) ہر ہفتے کا نظام الاوقات (ہم ہفتے بھر میں کیا کیا کام کرنے والے ہیں، اس کی ایک جدول) تیار کریں۔<br>۲) روزانہ شروع میں آج ہم کیا کیا کام کرنے والے ہیں، طلبہ کو پڑھ کر سنائیں۔ آج کون سی نظم پڑھیں گے، کون سا کھیل کھیلیں گے، اس کا تذکرہ کریں۔<br>۳) نظم کا آغاز نظم/گیت/حمد سے کریں۔<br>سرگرمی کے ہر مرحلے کے اختتام پر گیت یا نظم گائیں۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے** : نظام الاوقات کو زیادہ واضح کرنے کے لیے انھیں تصویری صورت میں بتائیں جیسے پیش درس کا وقت ظاہر کرنے کے لیے اس کی تصویر بتائیں۔ وقفہ طعام کو ظاہر کرنے کے لیے طلبہ قطار میں رکابیوں کے ساتھ بیٹھے ہوئے ہیں، اس طرح کی تصویر بنائیں۔ | | ۱، ۲ |
| HW-3.6 : دوسرے کے ذریعے تفویض کردہ کام یا سرگرمی کو مکمل کرنے پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۱۴ : آؤ رنگ کام کا گوشہ بنائیں**<br>۱) طلبہ کے تین گروہ بنائیں۔ انھیں تین رنگ دیں (یا انھیں انتخاب کرنے کے لیے کہیں)۔ ہر رنگ کی چیزوں کو جمع کر کے متعلقہ رنگ کے کونے میں اسے رکھیں۔ جیسے لال کونا، ہرا کونا وغیرہ۔<br>۲) اس کام کے لیے طلبہ کو ایک دن کا وقت دیں جیسے آج کرو۔ تیار کریں تو دوسرے دن انھیں ان کا کونا سجانا ہے۔<br>۳) بچوں کو تیاری کے لیے ضروری وسائل فراہم کریں جیسے چیزیں سجانے کے لیے ٹیبل، کاغذ، رنگ، ڈوری وغیرہ۔<br>۴) ممکن ہو تو معلم یہ سرگرمی کرانے سے قبل ایک رنگ کا کونا تیار کر کے بتائیں۔ | دبیز کاغذ | ۲ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- |
| HW-3.7 : زبانی اور غیر زبانی طریقوں (اشارات، ڈرائنگ) سے جذبات کا اظہار کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۱۵: کیا محسوس ہوگا؟**<br>۱) طلبہ کو مختلف واقعات سنا کر ان سے کہیں کہ تمھیں کیا محسوس ہوگا، اسے ایک جملے میں بتائیں۔ جیسے: میرے یونیفارم کی سلائی کھل گئی۔ بچے جواب دیں گے: مجھے برا لگے گا / رونا آئے گا / مجھے ڈر لگے گا امّی غصہ کریں گی / مجھے غصہ آئے گا / خوشی ہوگی کہ نیا یونیفارم ملے گا۔<br>۲) طلبہ کے ہر جواب کو قبول کریں۔ اس کے پس پردہ وجہ ظاہر کرنے کے لیے بچوں کو راغب کریں۔ ضرورت ہو تو وجہ تلاش کرنے میں ان کی مدد کریں۔<br>۳) ہم سب الگ الگ موقعوں پر الگ الگ جذبات کا اظہار کرتے ہیں۔ ہم کو حقیقی طور پر کیسا محسوس ہو رہا ہے اس کو پہچاننا، اس کو الفاظ میں بیان کرنا اہمیت کا حامل ہے۔ اس بات کو اساتذہ اچھی طرح سمجھائیں۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** بعض واقعاتی تصویروں کا استعمال کر کے طلبہ کو بولنے کی جانب راغب کریں۔ | بچوں کے جذباتی دنیا سے متعلق مختلف واقعات کی فہرست | ۳ |
| | **عملی کام نمبر ۱۶: اکّو ہوئی غصّہ**<br>یہ کہانی بچوں کو سنائیں اور اس کہانی میں لڑکی جس طرح اپنے غصّے کا اظہار تصویروں کے ذریعے کرتی ہے، اسی طرح آپ کو بھی کسی ایک جذبے کو تصویر کے ذریعے ظاہر کرنا ہے۔ طلبہ کو تصویر بنانے کے لیے کہیں جیسے آپ کو خوشی کس سے ہوتی ہے؟ | https://storyweaver.org.in/stories/13861-akku-hui-guss?mode=read<br>(معلم درج بالا لنک پر کہانی سنے اور بعد ازاں طلبہ کو سنائے۔ | |
| HW-3.7 : زبانی اور غیر زبانی طریقوں (اشارات، ڈرائنگ) سے جذبات کا اظہار کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۱۷: جذبات ظاہر کرنے والے چہرے**<br>۱) عملی کام کی بیاض میں دیے ہوئے چہروں کے مختلف جذبات ظاہر کرنے والی تصویریں بنانے میں طلبہ کی مدد کریں۔<br>۲) اسی طرح کے چہرے دوسرے کاغذ پر بنائیں۔ یہ چھوٹے چھوٹے چہرے کاٹ کر انھیں نیچے چسپاں کریں۔ اب ہر ایک کے پاس ہر جذبے کا ایک چہرہ ہوگا۔ اس 'رہنمائے معلم' کے آخری صفحے پر چہروں کے مختلف جذبات ظاہر کیے گئے ہیں، ان کا استعمال کریں۔ | عملی کام کی بیاض کے چہرے، مکھوٹے اور ورک شیٹ نمبر - ۱۱ | ۳ |

| ہفتہ نمبر | درکار وسائل | ہدایات برائے اساتذہ | آموزشی ماحصل |
|---|---|---|---|
| ۳، ۸ | مختلف جذبات ظاہر کرنے والے چھوٹے چھوٹے چہروں کی تصویریں | **عملی کام نمبر ۱۸ : کہانی میں کیا ہوا؟**<br>اب ہر ایک کے پاس جذبات ظاہر کرنے والے چہرے ہیں۔ طلبہ کو ایک کہانی سنائیں اور درمیان میں رک کر ''اسے کیسا محسوس ہوا ہوگا؟ اپنے پاس کے چہرے کے ذریعے بتائیں۔'' اس طرح بتائیں۔ جیسے : ایک بوڑھی عورت تھی۔ وہ اکیلی رہا کرتی تھی۔ اسے اپنی بیٹی کی یاد بہت ستا رہی تھی (یہاں رک کر کہیں کہ اسے کیا محسوس ہو رہا ہوگا؟ مجھے ایسا لگتا ہے کہ اسے بہت زیادہ دکھ ہو رہا ہوگا۔ اس کے بعد معلم اپنے پاس کا دکھ ظاہر کرنے والا چہرہ اُٹھا کر بتائیں اور طلبہ کو بھی اسی طرح کا چہرہ بتانے کے لیے کہیں) اس نے طے کیا کہ وہ اپنی لڑکی سے ملاقات کرنے جائے گی۔ لیکن راستے میں ایک گھنا جنگل تھا (یہاں اس طرح کا سوال کریں کہ ''اسے کیا محسوس ہوا ہوگا؟ اس کے بعد اپنے پاس چہروں میں ایک چہرے بتانے کے لیے کہیں) اس طرح کہانی کو مکمل کریں۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** بعض طلبہ کو کسی جذبے کو سمجھانے کے لیے بار بار وضاحت کرنا ہوگی۔ | |
| ۵، ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲ | مختلف جذبات ظاہر کرنے والے چھوٹے چھوٹے چہروں کی تصویریں، حاضری کی جدول ایسی ہو کہ روزانہ چہرے بدل سکیں (ربر بینڈ لگائیں یا ویلکرو کا استعمال کریں) | **عملی کام نمبر ۱۹ : مجھے آج کیسا محسوس ہو رہا ہے؟**<br>حاضری کی جدول سے متصل خانے میں بچوں کو ان کی مرضی کے مطابق آج انھیں کیسا محسوس ہو رہا ہے، یہ ظاہر کرنے والا چہرہ چسپاں کرنے کے لیے جگہ فراہم کریں۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** طلبہ کی جذبات اور دماغی حالت کو سمجھنے کے لیے یہ عمل انتہائی مفید ہے۔ کیا کوئی بچہ مسلسل دکھی، غصّے کی حالت میں یا مایوس ہوتا ہے؟ اس پر توجہ دیں۔ بعض مسائل سے، جذبات میں بہہ جانے والے طلبہ کی بروقت نشاندہی کی جاسکتی ہے۔ ایسے بھی بعض طلبہ ہو سکتے ہیں جنھیں خود کے جذبات کا علم نہیں ہوتا یا اسے صحیح انداز میں بیان نہیں کرسکتا۔ اس طرح کے طلبہ نظر آئیں تو ان سے انفرادی طور پر بات چیت کریں۔ | |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| HW-3.8 : جواب دہی قبول کرتا ہے اور اپنی ترجیحات اور دلچسپی کی بنیاد پر پسند کا تعین کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۲۰ : ہمارے کام**<br>معلم کو چاہیے کہ جماعت کے کچھ کام طلبہ میں تقسیم کر دیں۔ ہر ہفتے کو کام تبدیل کیا جائے اور ہر ہفتے کے کام اور ان کے ذمہ داروں کی فہرست جماعت کے بورڈ سے متصل لگائیں۔<br>جیسے : طلبہ کی چپلیں قطار میں ہیں یا نہیں؟ - راجو، بابو<br>ریاضیاتی صندوق کا سامان اپنے مقام پر رکھنا - فرح، زید وغیرہ<br>کھانے سے قبل ہاتھ دھونے کے لیے صابن دینا اور ہاتھ دھلانا - منو، رانی وغیرہ | جماعت کے کاموں کی فہرست، کاغذ اور اسکیچ پین، چکٹ پٹّی | ۵ |
| HW-3.9 : مسائل کا حل تجویز کرتا ہے اور عمر کے لحاظ سے مناسب تبدیلی کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۲۱ : کٹھ پتلی کا کھیل**<br>کٹھ پتلی کے ذریعے کہانی سناتے وقت چند خیالی مسائل/ تنازعات پیدا کر کے طلبہ سے سوال پوچھیں کہ اب کیا کریں؟ اس طرح کہانی مکمل کریں۔ جیسے عائشہ اور ناز سہیلیاں ہیں۔ وہ خوب کھیلتی ہیں لیکن آج ان میں کچھ دوری نظر آ رہی ہے۔ دونوں کو ایک وقت میں بلاکس سے کھیلنا ہے۔ | کٹھ پتلی (کہانی کے لحاظ سے) | ۶ ، ۱۰ |
| | **عملی کام نمبر ۲۲ : مسائل حل کریں**<br>عملی بیاض کی ورک شیٹ میں دیے گئے واقعے پر طلبہ سے بات چیت کریں۔ اس مسئلے کو کس طرح حل کریں؟ اس پر بات چیت کریں۔ اس کے بعد طلبہ کو ورک شیٹ مکمل کرنے کے لیے کہیں اور بات چیت کریں۔ | ورک شیٹ نمبر - ۲۹ | ۶ |
| HW-3.10 : کھیل اور باہمی عمل کے دوران دوسروں کے خیالات کو شامل کرنے کی خواہش کا مظاہرہ کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۲۳ : آج میں کیسا ہوں؟**<br>۱) روزانہ پانچ طلبہ کو سامنے بلا کر...<br>میں نے آج کیا اچھا کیا؟<br>میں نے آج کس کی کس طرح مدد کی؟<br>اس طرح کے سوالات پوچھ کر طلبہ سے بات چیت کریں۔ | | ۶ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| | ۳) اچھا کام کرنے پر (☆) اسٹار دیا جاسکتا ہے اور ہر پندرہ دن بعد کس کو کتنے اسٹار ملے، یہ ظاہر کرکے ان کی تعریف وتوصیف کی جاسکتی ہے۔ | | |
| HW-3.11 : چھوٹے اور بڑے گروہ میں سرگرمی انجام دیتے وقت مدد کے ضرورت مند ہم جماعت دوستوں کی مدد کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۲۴ : میں مدد کرتا ہوں**<br>۱) معلم کو چاہیے کہ طلبہ کو دائرے میں بٹھائیں۔<br>۲) کسی ایک کہانی جیسے چیونٹی اور کبوتر کی کہانی کے ذریعے بات چیت کا آغاز کیا جاسکتا ہے۔ ہفتے میں ایک مرتبہ اس طرح کی بات چیت کی جائے۔<br>۳) ہفتے بھر میں کس کی کیا مدد کی، ہر بچے کو یہ بات بتانے کے لیے کہیں۔<br>۴) اپنی والدہ، دوست/سہیلیوں، اساتذہ، پڑوسیوں کی مدد کرنے کے بعد انھیں اور تمھیں کیا محسوس ہوتا ہے، اس بات پر بحث کروائیں۔<br>۵) آئندہ ہفتے کس کو کیا مدد کرنے والے ہیں، یہ بات سب کے سامنے ظاہر کریں۔<br>۶) یہ بحث سرپرستوں کی کسی میٹنگ میں کی جاسکتی ہے یہ بھی طے کریں۔ جیسے علاقائی سیر کے دوران، کسی کھیل کی تیاری میں، کچھ درست کرنا ہو وغیرہ۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** ضرورت ہو تو اس عمل سے متعلق سرپرستوں سے بات چیت کریں اور طلبہ کو جو کام/ مدد کرنی ہے اس میں تیز رفتاری لائیں۔ | | ۴ |
| HW-3.12 : متنوع پس منظر سے تعلق رکھنے والے بچوں اور مخصوص ضرورت مند بچوں کے تئیں حساسیت اور قبولیت کا مظاہرہ کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۲۵ : ہم کچھ کم نہیں**<br>بچوں کو کوئی معروف کہانی پڑھ کر سنائیں۔ | https://youtu.be/pAGwZ_JAM8c?si=FYW2SMIH8Gp_BK6L | ۵ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| HW-3.13 : بنیادی صحت، حفظانِ صحت، صاف صفائی کے طور طریقوں اور کھانے پینے کی صحت مند عادتوں کا آزادانہ طور پر مظاہرہ کرتا ہے اور انھیں برقرار رکھتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۲۶ : ہاتھ صاف دھونے کا عملی مظاہرہ**<br>۱) ہاتھوں کی صفائی کی اہمیت کو ذہن میں رکھ کر، ہاتھ دھونے کے عمل کا عملی مظاہرہ بچوں سے کروایا جائے۔<br>۲) اس میں مزاح پیدا کرنے کے لیے ہاتھ دھونے سے متعلق کوئی گیت یاد ہو تو اسے حرکات و سکنات کے ساتھ گانے کے لیے کہیں۔<br>۳) اسی دوران ہاتھ دھونے کی اہمیت کو واضح کریں۔ | وسائل : صابن، پانی، نیپکن | ۲ |
| HW-3.13 : بنیادی صحت، حفظانِ صحت، صاف صفائی کے طور طریقوں اور کھانے پینے کی صحت مند عادتوں کا آزادانہ طور پر مظاہرہ کرتا ہے اور انھیں برقرار رکھتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۲۷ : صحت مند عادتیں**<br>۱) صحت مند عادتوں سے متعلق بات چیت کریں۔<br>۲) ان عادتوں پر بچے عملی طور پر عمل پیرا ہیں یا نہیں، یہ بات گفتگو سے اخذ کریں۔<br>۳) صحت مند عادتوں کو ظاہر کرنے والا تصویری سلسلہ بتا کر، ان عادتوں سے بچوں کو غیر رسمی انداز میں واقف کروائیں۔ ''صبح بیدار ہونے سے رات میں سونے تک کا روزنامچہ'' اس موضوع پر طلبہ سے بات چیت کریں۔<br>جیسے : کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد ہاتھ صابن سے دھوئیں، صبح جلدی بیدار ہونا، پابندی سے ورزش کرنا، متوازن غذا کا استعمال کرنا وغیرہ۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** اچھی عادتوں کا تصویری سلسلہ ایسی جگہ نصب کریں کہ طلبہ اسے آسانی سے دیکھ سکیں۔ | صحت مند عادتوں کو ظاہر کرنے والا تصویری سلسلہ<br>ورک شیٹ نمبر : ۳۲ | ۷ |
| | **عملی کام نمبر ۲۸ : مناسب عادتیں اپناؤ**<br>مختلف اعضا کی صاف صفائی کس طرح کریں اس ضمن میں زبانی کھیل لیا جائے۔ ایک گروہ عضو کے نام بتائے/ چیزوں کے نام بتائے اور دوسرا گروہ کس سے صاف صفائی کرتے ہیں، یہ بتائیں۔<br>جیسے : کنگھی - بال ، صابن - تمام جسم | | ۷ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| | **عملی کام نمبر ۲۹ : متوازن غذا کا انتخاب**<br>ورک شیٹ کے مطابق طلبہ کون سی غذا کا انتخاب کریں، اس کی نشاندہی کریں۔ اس کے بعد اس کا انتخاب کیوں کیا اور اس کا انتخاب کیوں نہیں کیا، بچوں سے پوچھیں۔ اس عمل کو دو دو کی جوڑی میں بھی مکمل کیا جا سکتا ہے۔ بچوں کو ایک دوسرے سے وجہ بتانے کے لیے کہیں۔ | ورک شیٹ نمبر ۳۳، ۳۴ | ۷ |
| HW-3.14 : اچھے برے لمس کے بارے میں آگاہی کا مظاہرہ کرتا ہے اور اجنبی لوگوں سے دوری بنائے رکھتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۳۰ : اچھا لمس اور بُرا لمس**<br>۱) معلم پوسٹر/موبائل کے ذریعے طلبہ کو یہ بات اچھی طرح سمجھائیں کہ اچھا لمس کون سا ہوتا ہے اور برا لمس کون سا ہوتا ہے۔<br>۲) طلبہ کو یہ بتاتے ہوئے/سمجھاتے ہوئے ان کا ردّعمل کیا ہے، اس کا باریک بینی سے مشاہدہ کریں۔ | ویڈیو لنک :<br>Good Touch & Bad Touch Copyright Podar Jumbo Kids - YouTube https://youtu.be/EZAV4uvefis | ۸، ۱۰ |
| HW-3.15 : گھر پر اسکول اور کھیل کے میدان میں تحفظ کے بنیادی قوانین پر عمل کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۳۱ : اخلاقی کھیل**<br>۱) سانپ سیڑھی بورڈ پر دی ہوئی تصویروں پر بات چیت کرو اور اس کے بعد اس کھیل کے مطابق اسے کھیلنے کے لیے کہو۔ | اخلاقی کھیل والے بورڈ گیم پانسہ، ورک شیٹ نمبر - ۲۶ | ۵ |
| HW-3.16 : بہتر تال میل، کنٹرول اور قوت کے ساتھ عضلاتی مہارتوں کا مظاہرہ کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۳۲ : سیدھی لکیر پر چلنا**<br>۱) سب سے پہلے تمام بچوں کو کمرۂ جماعت کی ایک جانب بٹھائیں۔<br>۲) کمرۂ جماعت کے درمیان میں دو متوازی لکیریں بنائیں۔<br>۳) بچوں کو ان لکیروں پر سے چلنے کے لیے کہیں۔<br>۴) چلتے وقت یہ دیکھیں کہ بچے ایک پیر کے انگوٹھے کو دوسرے پیر کی ایڑی لگاتے ہیں یا نہیں۔ | | ۳، ۹ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| | ۵) اس طرح تمام بچوں کو لکیر پر چلنے کا موقع دیں۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے** : اگر کوئی طالب علم کچھ الگ انداز میں چل رہا ہے، توازن برقرار نہیں رکھ رہا ہے یا مسلسل گر رہا ہے، کھیل میں شامل ہونے سے انکار کر رہا ہے یا ہاتھ پیر دُکھتے ہیں، دیگر اعضا میں تکلیف ہونے کی شکایت کر رہا ہے تو ان کے سرپرستوں کو مطلع کریں اور اس ضمن میں بات چیت کریں اور معلومات حاصل کریں۔ خصوصی تربیت یافتہ اساتذہ سے ربط قائم کریں۔ | | |
| | **عملی کام نمبر ۳۳ : سر پر کوئی چیز رکھ کر چلنا**<br>بچوں کو سر پر کتاب، بیاض، کمپاس باکس وغیرہ چھوٹی چیز رکھ کر اور توازن برقرار رکھ کر (چیز زمین پر گرنے نہ پائے) سیدھی لکیر پر چلنے کے لیے کہیں۔ | | ۴، ۷ |
| | **عملی کام نمبر ۳۴ : دونوں پیروں کے ساتھ چھلانگ لگانا**<br>کمرۂ جماعت میں دائرہ بنائیں۔ بچوں کو ہدایت دیں۔ ایک وقت میں ایک دائرے سے دوسرے دائرے میں چھلانگ لگا کر جائیں۔ اس طرح تمام دائروں میں بیک وقت ۵ تا ۶ طلبہ کو یہ عمل کرنے کے لیے کہیں۔ | | ۲ |
| HW-3.16 : بہتر تال میل، کنٹرول اور قوت کے ساتھ عضلاتی مہارتوں کا مظاہرہ کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۳۵ : پرندے جانور بنیں**<br>پرندے، جانوروں جیسی حرکت کرنے کے لیے کہیں جیسے مینڈک کی چھلانگ، خرگوش کی چھلانگ، بطخ کی چال، ہاتھی چال، کیڑے جیسا چلنا، سانپ کی طرح سرپٹ دوڑنا وغیرہ۔ | | ۵ |
| HW-3.16 : بہتر تال میل، کنٹرول اور قوت کے ساتھ عضلاتی مہارتوں کا مظاہرہ کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۳۶ : گھٹنوں کے درمیان گیند پکڑ کر چلنا**<br>طلبہ کے دونوں گھٹنوں کے درمیان اوسط حجم کی گیند رکھ کر اسے گرنے نہ دیتے ہوئے چلنے کے لیے کہیں۔ | گیند | ۴، ۵، ۷ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| | **عملی کام نمبر ۳۷ : رسّی سے لٹکنا**<br>۱) دروازے کی چوکھٹ پر ایک ہک لگائیں۔<br>۲) اس میں زمین سے دو تین فٹ اونچائی پر رسّی باندھیں۔<br>۳) اس رسّی کے نچلے سرے پر اور درمیان میں ایک دو گانٹھ باندھ دیں۔ گانٹھ کو پکڑ کر لٹکنے کے لیے بچوں سے کہیں۔ ایک وقت میں ایک ہی طالب علم یہ عمل کرے۔<br>۴) اسکول کے قریب برگد کا درخت ہو تو معلم کی نگرانی میں یہ عمل کروائیں۔ | رسی | ۲، ۴، ۵ |
| | **عملی کام نمبر ۳۸ : لوٹنا**<br>۱) یہ سرگرمی لینے سے قبل کمرۂ جماعت کو جھاڑ کر صاف ستھرا کر دیں۔<br>۲) زمین/فرش پر شطرنجی بچھا دیں اور بچوں کو اس پر سلا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لوٹتے ہوئے جانے کے لیے کہیں۔ | | ۱، ۹ |
| | **عملی کام نمبر ۳۹ : لکیر پر چلنا**<br>۱) زمین پر سیدھی، ترچھی، زِگ زاگ (انگریزی حرف Z شکل کی)، دائروی اس طرح مختلف شکلوں کی لکیریں بنالیں۔ سب سے پہلے طلبہ کو ان کی مرضی کے مطابق عمل کرنے کے لیے کہیں۔ اس کے بعد باضابطہ عملی مظاہرہ کروائیں۔<br>۲) اس طرح ہر طالب علم کو مختلف لکیروں پر چلنے کی ترغیب دیں۔ طلبہ میں جوش و جذبہ پیدا کرنے کے لیے اس کو کھیل، مقابلے کی صورت دیں۔ اس سرگرمی میں لکیر کی بجائے ڈوری کا استعمال کریں۔ | چونے کا پاؤڈر یا چاک پیس | ۱ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| HW-3.16 : بہتر تال میل، کنٹرول اور قوت کے ساتھ عضلاتی مہارتوں کا مظاہرہ کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۴۰ : مزاحیہ راستہ**<br>فرش پر ایک کھیل کا نقشہ بنائیں۔ اس میں مختلف اعمال سلسلہ وار کرنا ہے۔ جیسے دو پیروں سے چھلانگیں لگاتے ہوئے مربعوں میں آئیں۔ اس کے بعد پانچ مینڈک کی طرح چھلانگیں لگا کر دوسرے مقام پر پہنچیں۔ اس کے بعد لنگڑی کھیلتے ہوئے مثلث میں آئیں وغیرہ۔ بطور نمونہ ایک کھیل عملی بیاض میں دیا گیا ہے۔ یہ کھیل زمین پر بھی نقش بنا کر کھیلا جا سکتا ہے۔ (رہنمائے معلم کا صفحہ نمبر ۱۲۱ دیکھیں)<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے** : مخصوص ضرورت مند طالب علم اگر ایسے موقع پر میدان میں کھیلنے والے بچوں کے ساتھ نہ ہو اور جماعت میں اکیلا بیٹھا ہو تو اسے کھیل میں شامل کریں۔ جماعت میں تنہا بیٹھنے نہ دیں۔ | کھریا، فرش (رہنمائے معلم، صفحہ نمبر ۱۲۱) | ۱، ۴، ۶، ۹ |
| | **عملی کام نمبر ۴۱ : رکاوٹوں والا مقابلہ**<br>۱) اساتذہ کو چاہیے کہ جماعت یا میدان پر چند چیزیں رکھ کر رکاوٹوں والا راستہ تیار کریں اور طلبہ سے اسے عبور کرتے ہوئے آخر تک پہنچنے کے لیے کہیں۔<br>۲) ذیل کے مطابق رکاوٹیں پیدا کی جا سکتی ہیں جیسے رسّی کے نیچے سے سرپٹ دوڑنا، کرسی پر چڑھ کر چھلانگ لگانا اور دوڑنا، راستے میں رکھے ہوئے کنکر/ پتھروں کو وہاں رکھی ہوئی بالٹی میں ڈال کر آگے بڑھنا وغیرہ۔<br>۳) ایک ایک مرتبہ کھیل کھلانے کے بعد رکاوٹیں ذہن نشین ہونے پر دو دو بچوں کے ساتھ مقابلہ لیا جا سکتا ہے۔ | رکاوٹوں کے لیے مختلف چیزیں | ۱۱ |
| | **عملی کام نمبر ۴۲ : لگوری/لنگورچہ**<br>لگوری کا کھیل کھلانا | گیند، لگوری | ۸ |
| | **عملی کام نمبر ۴۳ : یوگا**<br>معلم کو چاہیے کہ طلبہ کو آسان یوگا کے طریقے سکھائیں جیسے تاڑاسن، پدماسن، بھجنگ آسن، وجراسن وغیرہ۔ | | ۱۰، ۱۲ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| HW-3.16 : بہتر تال میل، کنٹرول اور قوت کے ساتھ عضلاتی مہارتوں کا مظاہرہ کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۴۴ : ماموں کا خط کھو گیا**<br>۱) معلم تمام طلبہ کو دائرے میں بٹھائیں۔<br>۲) دائرے میں بیٹھے ہوئے کسی ایک طالب علم کے ہاتھ میں رومال یا چھوٹا کپڑا دیں۔<br>۳) اس کے بعد جس طالب علم کے پاس رومال/ کپڑا ہے اس طالب علم کو ''ماموں کا خط کھو گیا'' بلند آواز میں کہنے لگائیں اور دائروی شکل میں بیٹھے طلبہ کے گرد چکر لگانے کے لیے کہیں۔<br>۴) جب وہ طالب علم رومال/ چھوٹا کپڑے کا ٹکڑا لے کر دوڑ رہا ہے، اس وقت معلم درمیان میں اچانک سیٹی بجائیں۔<br>۵) سیٹی بجنے کے بعد جس طالب علم کے پاس رومال/ کپڑا ہے وہ وہاں پر رُک جائے اور جہاں رُکا ہے اس طالب علم کے پیچھے رومال رکھ کر دوبارہ دوڑنا شروع کر دے۔<br>۶) جس طالب علم کے پیچھے رومال/ کپڑا ہے وہ رومال/ کپڑا اُٹھا کر پہلے سے دوڑنے والے طالب علم کا پیچھا کرے گا۔ اگر پہلا طالب علم آؤٹ ہونے سے قبل خالی مقام پر آ کر بیٹھ جائے تو اب دوسرا طالب علم اسی طرح کھیل کو جاری رکھے گا۔ | رومال/ کپڑا | ۳، ۷، ۸ |
| HW-3.17 : موسیقی اور نقل و حرکت کی سرگرمیوں میں فعال طور پر حصہ لیتا ہے اور اس میں خود کے لیے مواقع تلاش کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۴۵ : اسٹیچو کھیل**<br>۱) طلبہ کو موسیقی سنائیں۔<br>۲) اس موسیقی پر طلبہ کو رقص کرنے کے لیے کہیں۔<br>۳) موسیقی کے اچانک رُکنے پر طلبہ کو جس حالت میں ہوں، اسی طرح کھڑے رہنے کے لیے کہیں۔<br>۴) تھوڑے وقفے کے بعد موسیقی دوبارہ شروع کر کے یہی عمل دہرایا جائے۔<br>۵) طلبہ کو موسیقی اور مختلف حالت میں پتلا بننے سے محظوظ ہونے دیں۔ | موبائل، کھنجری، ٹیپ ریکارڈر | ۳، ۷، ۸ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| HW-3.17 : موسیقی اور نقل و حرکت کی سرگرمیوں میں فعال طور پر حصہ لیتا ہے اور اس میں خود کے لیے مواقع تلاش کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۴۶ : میوزیکل چیئر**<br>۱) ایک قطار میں مخالف سمت میں کرسیاں رکھیں۔<br>۲) اس کھیل میں کھلاڑیوں سے ایک کرسی کم ہونی چاہیے جیسے چھ کھلاڑی ہوں تو پانچ کرسیاں رکھیں۔<br>۳) کھلاڑیوں کو کرسیوں کے روبرو کھڑا کریں۔ موسیقی شروع ہونے کے بعد انھیں دوڑنے کے لیے کہیں۔ موسیقی رُکتے ہی وہ کرسیوں پر بیٹھ جائیں یہ توقع ہے۔ جس کھلاڑی کو کرسی نہ ملے وہ کھلاڑی کھیل سے آؤٹ ہوجائے گا۔<br>۴) اس کھیل میں ہر وقت ایک ایک کرسی کم ہوتی جائے گی۔ اور ایک کرسی رہنے تک یہ کھیل جاری رہے گا۔ سب سے آخر میں جو کرسی پر بیٹھا وہ جیت جائے گا۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** جو طلبہ یہ کھیل کھیلنے سے انکار کریں یا خواہش ظاہر نہ کریں تو ان سے بات کریں۔ انھیں کیا دِقت ہے اسے سمجھ کر ان کی مدد کریں۔ | کرسیاں، ٹیپ ریکارڈر، موبائل یا دیگر ساز | ۳، ۶، ۸، ۱۱ |
| | **عملی کام نمبر ۴۷ : ہم سب ایک جیسے**<br>طلبہ کو دائرے میں کھڑا کریں۔ اس دائرے میں ایک چھوٹا دائرہ بنائیں اور اس میں معلم خود کھڑے ہو اور بتائے کہ اس چھوٹے دائرے میں جو طالب علم کھڑے ہوگا وہ جس طرح بات کرے یا عمل کرے، آپ کو بھی اسی طرح ہو بہو کرنا ہے۔ شروع میں معلم اپنے طور پر کھیل کا آغاز کریں۔ مختلف اعمال کریں۔ مختلف نقالی کریں اور تمام بچوں کو اسی طرح نقالی کرنے کے لیے کہیں۔ جیسے معلم چھلانگیں لگا تا ہے/ سبزی والا بن کر سبزی لو سبزی لو کی آواز نکالیں۔ اس کے ساتھ ہی تمام بچے اسی طرح نقل اُتاریں یہ توقع ہے۔ تمام جماعت کے بچوں کے ساتھ آزادانہ حرکت کرتے ہوئے اس کھیل کو مکمل کریں۔ ایک دفعہ کھیل بچوں کی سمجھ میں آجائے تو الگ الگ بچوں کو دائرے میں کھڑے کر کے انھیں رہنمائی کرنے کے لیے کہیں۔ | | |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| HW-3.18 (A) : درستگی اور توازن کے ساتھ لطیف حرکی مہارتوں کا مظاہرہ کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۴۸ : کاغذ پھاڑنا**<br>۱) بچوں کو جماعت میں دائرے میں بٹھائیں۔ اسکول کے بے کار کاغذات تمام بچوں میں بانٹ دیں۔<br>۲) اس کے بعد کاغذ کو مختلف طریقوں سے پھاڑنے کے لیے کہیں۔ جیسے : دو اُنگلیوں سے کاغذ پھاڑنا وغیرہ۔ اس کے بعد تمام پھاڑے ہوئے کاغذات کو یکجا کر کے گیند تیار کرنا۔<br>۳) طلبہ کو دائرے میں ایک دوسرے کی جانب گیند پھینکنے اور جھیلنے کا کھیل کھلائیں۔ گیند کو کسی بھی بچے کی طرف پھینکا جاسکتا ہے۔ اس طرح کی ہدایت دیں تو طلبہ کھیل میں فعال شامل ہوں گے۔ | بے کار کاغذ | ۸ |
| | **عملی کام نمبر ۴۹ : پھول پتوں سے سجاوٹ**<br>۱) بچے روزانہ اپنے والدین کو گھر صاف ستھرا رکھتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ اسی طرح سے اپنے اسکول کو بھی صاف ستھرا رکھنا چاہیے۔ اس طرح سے طلبہ کو بھی ترغیب دلائیں کہ اسکول کو صاف ستھرا رکھیں۔ اپنے اطراف میں دستیاب پھول پتوں سے سجاوٹ کریں۔<br>۲) بچوں کی سجاوٹ میں نقص نکالنے کی بجائے ان کی تعریف کریں۔ درخت سے پھول پتے توڑتے وقت احتیاط کریں کہ جس قدر ضرورت اسی لحاظ سے توڑیں، اس طرح کی ہدایت دیں۔ | پتے ، پھول | ۸ |
| | **عملی کام نمبر ۵۰ : مٹی کام**<br>طلبہ کو بازار یا اطراف میں دستیاب کالی/ لال یا کلّے مٹی مہیا کریں۔ اس سے مختلف چیزیں بنانے کی طرف راغب کریں اور انھیں آزادی دیں۔ | کالی مٹی، لال مٹی، کلّے | ۲ ، ۴ ، ۸ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| HW-3.18 (A) : درستگی اور توازن کے ساتھ لطیف حرکی مہارتوں کا مظاہرہ کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۵۱ : کاغذ کام**<br>رڈی کاغذ سے ذیل کے اعمال طلبہ کے ذریعے کروائیں۔ اس سے قبل ہر عمل کا عملی مظاہرہ کریں۔<br>☆ کاغذ کو تہہ کرکے دروازہ بنانا۔ ☆ کاغذ کو تہہ کرکے رومال بنانا۔<br>☆ کاغذ کو تہہ کرکے مثلث بنانا۔ ☆ ہاتھ سے کاغذ پھاڑنا۔<br>☆ کاغذ سے گیند تیار کرنا۔ ☆ کاغذ کو لپیٹنا۔ | رڈی کاغذ | ۳، ۸ |
| | **عملی کام نمبر ۵۲ : مکھوٹے بنانا**<br>۱) دبیز کاغذ پر پرندے/ جانور کا چہرہ بنائیں۔<br>۲) اس میں رنگ بھریں۔<br>۳) دونوں جانب کان میں لگانے کے لیے ربر یا ڈوری لگائیں۔<br>۴) طلبہ کو اپنے چہرے پر یہ مکھوٹے لگانے کے لیے کہیں۔ | دبیز کاغذ، پین، پنسل، اسکیچ پین، ربر، ڈوری | ۵، ۹، ۱۰ |
| | **عملی کام نمبر ۵۳ : ڈیزائن بنانا**<br>۱) معلم باریک ریت، سفید پاؤڈر طلبہ کو دیں اور اس سے مختلف ڈیزائن بنانے کے لیے کہیں۔ | ریت، سفید پاؤڈر | ۷، ۱۱ |
| | **عملی کام نمبر ۵۴ : بھنگری**<br>۱) استاد طلبہ کو بھنگری کس طرح گھمائی جاتی ہے، عملی مظاہرہ کرکے بتائیں۔<br>۲) ہر طالب علم کو بھنگری دے کر اس کی مشق لی جائے۔<br>۳) کسی طالب علم کو بھنگری بنانا آتا ہو تو اسے ضروری وسائل مہیا کرکے عملی طور پر تیار کرنے کے لیے کہیں۔<br>اگر بھنگری سے متعلق کوئی بڑبڑ گیت یا نظم ہو تو بچوں کو سنائیں۔ | دبیز مقوا، رنگ، تیلی | ۵ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| HW-3.18 (A) : درستگی اور توازن کے ساتھ لطیف حرکی مہارتوں کا مظاہرہ کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۵۵ : ہاتھی کو دم لگانا**<br>۱) بچوں کو نصف دائرے میں بٹھائیں۔<br>۲) تختۂ سیاہ/ بورڈ پر بغیر دم والے ہاتھی کی شکل بنائیں۔<br>۳) اس کے بعد ہر طالب علم کو قریب بلا کر اس کی آنکھ پر پٹی یا رومال باندھ دیں۔ اس کے بعد بورڈ سے تھوڑی دور کھڑا کر کے آگے آنے کے لیے کہیں اور ہاتھی کی دم بنانے کے لیے کہیں۔<br>۴) اسی طرح ایک کھیل چہرے پر ناک بنانے کا بھی کھیلا جا سکتا ہے۔ | رومال/ کپڑے کی پٹی | ۱۱ |
| | **عملی کام نمبر ۵۶ : گیند پھینکنا - جھیلنا**<br>مختلف جسامت کی گیندیں پھینکنا - جھیلنا یہ کھیل کھلائیں۔<br>کھیل ختم ہونے پر بچوں کو دائرے میں بٹھائیں اور ان سے پوچھیں کہ گیند پکڑنے کے لیے کیا کیا کرنا ہوتا ہے؟ | گیند | ۲، ۷ |
| | **عملی کام نمبر ۵۷ : بالٹی میں گیند ڈالنا**<br>۱) طلبہ کو میدان میں یا اپنے مکان میں مخصوص فاصلے سے گیند کو بالٹی میں ڈالنے کے لیے کہیں۔ اس سرگرمی میں تین موقع دیں۔<br>۲) خالی بالٹی میں گیند گرنے پر طلبہ کو شاباشی دیں۔<br>۳) اس عمل سے متعلق ان کے تجربات کس طرح ہیں، یہ دریافت کریں۔ | خالی بالٹی، گیند | ۱، ۸ |
| HW-3.18 (B) : انتہائی پیچیدہ کاموں کو مکمل کرنے کے لیے مربوط حرکات کا استعمال کرتا ہے جیسے نشان سے کاٹنا، پانی اُنڈیلنا، بٹن لگانا وغیرہ۔ | **عملی کام نمبر ۵۸ : آؤ پانی بھریں**<br>۱) اس عمل کے لیے گھر یا جماعت میں دستیاب برتنوں کا استعمال کریں۔<br>۲) شروع میں بالٹی میں پانی لے کر گلاس سے بوتل میں پانی بھرنے کے لیے کہیں۔<br>۳) اس کے بعد بالٹی کو خالی کر کے لوٹے سے بوتل میں پانی بھرنے کے لیے کہیں۔<br>۴) اس کے بعد مذکورہ بالا دونوں سرگرمیوں کے بارے میں سوالات پوچھیں۔ | گلاس، لوٹا، بالٹی، اس کے علاوہ دستیاب برتن | ۲، ۷ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| | ۵) اس بوتل میں چمچے سے پانی بھریں تو کیا ہوگا؟ اس طرح کے غور وفکر والے سوالات پوچھیں۔ پانی احتیاط سے بھریں۔ پانی کم سے کم گرنے پائے اس کی ہدایت دیں۔ | | |
| HW-3.18 (B) : انتہائی پیچیدہ کاموں کو مکمل کرنے کے لیے مربوط حرکات کا استعمال کرتا ہے جیسے نشان سے کاٹنا، پانی اُنڈیلنا، بٹن لگانا وغیرہ۔ | **عملی کام نمبر ۵۹ : اُنگلیوں سے منبت کاری کرنا**<br>۱) طلبہ کو دائرے میں بٹھائیں۔ معلم اُنگلیوں سے ٹھپے کام کا ایک نمونہ طلبہ کو عملی مظاہرے کے ذریعے بتائیں۔<br>۲) پھر تین تا چار طلبہ میں ایک رنگ کی کٹوری دیں۔<br>۳) ہر طالب علم کو رنگ میں اُنگلیوں ڈبو کر اس کے نشان لینے کے لیے کہیں۔<br>۴) اس بات کی طرف توجہ دیں کہ کیا طلبہ ٹھپے کو کوئی شکل دے سکتے ہیں۔ ٹھپے سوکھ جانے کے بعد بطور نمونہ ٹھپے کو ایک شکل میں تبدیل کرنے کا عملی مظاہرہ کریں۔ اس کے بعد بچوں کو ان کے تخیل سے ٹھپے کو تتلی، شیر وغیرہ شکل دینے کے لیے کہیں۔<br>۵) کسی مرتبہ ٹھپے کام کرنے کی سرگرمی لیں۔ | کٹوری، کاغذ، رنگ، اسفنج | ۲، ۶ |
| | **عملی کام نمبر ۶۰ : دیگر چیزوں سے منبت کاری کرنا**<br>۱) طلبہ کو دائرے میں بٹھائیں۔<br>۲) ہر تین تا چار طلبہ میں ایک رنگ بھری کٹوری رکھیں۔<br>۳) ہر طالب علم کو اس دن کی طے شدہ شکل/ چیز رنگ میں ڈبو کر نشانات بنانے کے لیے کہیں۔<br>۴) ان نشانات سے کوئی تصویر یا مخصوص نقش ونگار بنانے کے لیے کہیں۔ | کٹوری، رنگ، مختلف شکلوں کے اسفنج، بھنڈی کے ٹکڑے، پیاز کے تراش، مختلف درختوں کے پتے، بے کار دھاگے وغیرہ۔ | ۶ |
| | **عملی کام نمبر ۶۱ : چیزوں سے منبت کاری کرنا**<br>۱) چابی، کنگھی، سکے وغیرہ سے کوئی ایک چیز طلبہ کو دیں۔ اس کے ساتھ پنسل، رنگین کھریا اور کاغذ بھی دیں۔<br>۲) کاغذ کے نیچے چیز رکھ کر اوپر سے پنسل یا رنگین چاک پھیرنے کے لیے کہیں۔<br>۳) اس طرح طلبہ کو اپنی پسند کی اشیا سے ٹھپے کام کرنے کے لیے کہیں۔ | چابی، کنگھی، کاغذ، سکّے، پنسل، رنگین کھریا وغیرہ۔ | ۶ |

| ہفتہ نمبر | درکار وسائل | ہدایات برائے اساتذہ | آموزشی ماحصل |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ڈوری، رسّی، پانی، رنگ، کاغذ | **عملی کام نمبر ۶۲ : ڈوری/ رسّی کام**<br>۱) طلبہ کو دائرے میں بٹھائیں۔ طلبہ کو ایک تصویر بنا کر بتائیں۔<br>۲) ایک کورا کاغذ لیں اور اسے درمیان سے تہہ کریں۔ ایک دبیز دھاگا یا ڈوری رنگ میں ڈبو کر طلبہ کو دیں اور اسے کاغذ کے درمیان میں رکھیں۔ کاغذ کو ہاتھ سے داب دیں اور دھاگے کو باہر نکال لیں۔ اب کاغذ کھول کر دیکھیں۔ کاغذ پر متشاکل رنگین تصویر نظر آئے گی۔<br>۳) اس کے بعد طلبہ کو تین چار کے گروہ میں بٹھائیں اور ضروری سامان مہیا کریں اور تصویریں بنانے کے لیے کہیں۔ | HW-3.18 (B) : انتہائی پیچیدہ کاموں کو مکمل کرنے کے لیے مربوط حرکات کا استعمال کرتا ہے جیسے نشان سے کاٹنا، پانی اُنڈیلنا، بٹن لگانا وغیرہ۔ |
| ۱۲ | مختلف قسم کے بیج، کاغذ، گوند | **عملی کام نمبر ۶۳ : بیجوں کو چسپاں کر کے تصویر بنانا**<br>۱) طلبہ کو درخت کے نیچے گرے ہوئے بیج یا تربوز/ خربوز کے بیج وغیرہ جمع کر کے لانے کے لیے کہیں۔ بیج چسپاں کر کے، تھوڑی کپاس، سوکھی گھاس چسپاں کر کے اس سے تصویر بنانے کے لیے راغب کریں۔ | |
| ۷ ، ۱۰ | خالی ماچس بکس، ٹیپ، ڈوری، بٹن وغیرہ۔ | **عملی کام نمبر ۶۴ : گاڑی بنانا**<br>۱) خالی ماچس بکس کو ڈوری سے باندھ لیں۔<br>۲) اس کو بطور پہیے پرانے شرٹ کے بٹن لگائیں۔<br>۳) اس سرگرمی کو انجام دیتے وقت اور گاڑی کو سجانے میں طلبہ کو آزادی دیں۔ | HW-3.18 (C) : مصوری اور تحریری کام کرتے وقت وسائل کو پکڑنے اور انھیں استعمال کرنے کے لیے چٹکی کی پکڑ کا استعمال کرتا ہے۔ |
| | | **عملی کام نمبر ۶۵ : موتیاں پرونا**<br>۱) طلبہ کو دائرے میں بٹھائیں۔ ہر دو طلبہ کے درمیان موتیوں سے بھری ایک کٹوری رکھیں۔<br>۲) معلم دو دو موتیاں کس طرح پروئی جاتی ہیں، اس کا عملی مظاہرہ کرے گا۔ اس کے بعد طلبہ کو موتیاں پرونے دیں۔<br>۳) طلبہ نے اگر موتیوں کو پرولیا ہو تو انھیں مخصوص رنگ کے موتی پرونے کے لیے کہیں۔ | |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- |
| (C) HW-3.18 : مصوری اور تحریری کام کرتے وقت وسائل کو پکڑنے اور انھیں استعمال کرنے کے لیے چٹکی کی پکڑ کا استعمال کرتا ہے۔ | ۴) کچھ مخصوص تواتر بتا کر اس طرح موتیاں پرونے کے لیے کہیں۔ جیسے طلبہ کو دو لال اور دو سفید اس طرح تواتر میں موتیاں پرو کر بتائیں اور اس کے بعد یہی عمل طلبہ سے کروائیں۔ طلبہ سے پوچھیں کہ اب کون سی موتی پرونا ہے؟ طالب علم اگر تواتر کے مطابق پرو رہا ہے تو ٹھیک ہے ورنہ پروئے ہوئے موتیوں کو نکال لیں اور دوبارہ ترتیب بتائیں۔ اس کے بعد دوبارہ انھیں پرونے کے لیے دیں۔<br>۵) مختلف تواتر میں موتیاں پروئی جاسکتی ہیں۔ | دھاگا، رنگین موتی | ۵ ، ۱۰ |
| | **عملی کام نمبر ٦٦ : کاٹنے/کترنے کا کام**<br>ورک شیٹ میں دی ہوئی شکلوں میں رنگ بھر کر اسے کاٹے اور ورک شیٹ میں دی ہوئی تصویر کے مطابق دوسرے کاغذ پر اسے چسپاں کر کے تصویر بنائیں۔ | قینچی، کورے کاغذ، گوند وغیرہ۔ ورک شیٹ نمبر ۲۸ اور ۲۸-الف | ۹ |
| | **عملی کام نمبر ٦٧ : متشاکل تصویر کو مکمل کر کے اس میں رنگ بھرنا**<br>ورک شیٹ نمبر ۳۵ | رنگین پنسل، موی قلم، ورک شیٹ نمبر - ۳۵ | ۹ |
| | **عملی کام نمبر ٦٧ : ترازو بنانا**<br>سامنے دیے ہوئے ویڈیو لنک میں بتائے گئے طریقے کے مطابق کھیلنے کے لیے ترازو بنانے میں طلبہ کی مدد کریں۔<br>لیمو کے چھلکے، ماچس کی خالی ڈبیا، بوتل کا ڈھکن وغیرہ سے چھوٹا سا ترازو بنانے میں طلبہ کی مدد کریں۔ | | ٦ |

## ہدف ۲ : بچے مؤثر اظہارِ خیال کرنے والے بنتے ہیں (Effective Communicator)

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 3.1 ECL1 : اسکول میں یا گھر پر غیر مانوس شخص، معلم، نئے دوست، اسکول کے ملازمین اور دیگر بالغ افراد کے ساتھ خود کی زبان میں گفتگو کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۱ : سرگوشی کرنا، لفظ جملے**<br>طلبہ کو دائرے میں بٹھا کر سرگوشی کا کھیل کھلائیں۔ بتائے گئے لفظ کی تصویر دیکھ کر وہ لفظ آخری بچے تک صحیح پہنچا یا نہیں، یہ دیکھنے کے لیے کہیں۔ کبھی آخری بچے کو لفظ بتائیں اور پہلا بچہ وہی لفظ دہرا رہا ہے یا نہیں، دیکھیں۔ اسی طرح تختۂ سیاہ پر جملہ لکھ کر اسے دہرانے کے لیے بھی کہا جا سکتا ہے۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** جس طالب علم کو کم سنائی دیتا ہے اس سے آغاز کریں۔ لفظ بتاتے وقت شروع میں ایک دفعہ تصویر بتا دیں تو زیادہ واضح ہوگا۔ | بورڈ، کھریا | ۱ |
| | **عملی کام نمبر ۲ : نام بتانا - خود کا**<br>معلم طلبہ کے ساتھ دائرے میں کھڑے رہ کر یہ کھیل کھلائیں گے۔<br>۱) دائرے میں کھڑے رہ کر ایک دوسرے کی جانب گیند پھینکیں۔ جس طالب علم کے پاس گیند آئے گی وہ اپنا نام بتائے گا۔<br>۲) کبھی جس کی طرف گیند پھینکی جا رہی ہے اس کا نام گیند پھینکنے والا بتائے گا۔<br>۳) کبھی ترتیب کے لحاظ سے ایک ایک کا اضافہ کرتے ہوئے تمام طلبہ کے نام بتائے گا۔ جیسے پہلا لڑکا زید، دوسری لڑکی عائشہ، تیسرا لڑکا نوید، اکبر | گیند | ۱ |
| | **عملی کام نمبر ۳ : نام بتانا - پھل/ پھول/ رنگ**<br>معلم طلبہ کے ساتھ دائرے میں کھڑے رہ کر یہ کھیل کھلائیں گے۔ کبھی پھل، پھول، رنگ کا نام لیے جا سکتے ہیں۔ دائرے میں کھڑے رہ کر ایک دوسرے کی جانب گیند پھینکیں۔ جس طالب علم کے پاس گیند آئے گی وہ نام بتائے گا۔ | گیند | ۱ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ECL1 3.1 : اسکول میں یا گھر پر غیر مانوس شخص، معلم، نئے دوست، اسکول کے ملازمین اور دیگر بالغ افراد کے ساتھ خود کی زبان میں گفتگو کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۴ : مخصوص مقام کا نام بتانے پر وہاں کی چیز کا نام بتانا**<br>۱) معلم طلبہ کے ساتھ دائرے میں کھڑے رہ کر یہ کھیل کھلائیں۔مخصوص مقام کا نام بتا کر وہاں کی چیز کا نام بتانے کے لیے کہیں۔ جیسے : باورچی خانہ، کرانہ دکان، جانوروں کا کوٹھا، اسکول۔<br>۲) طلبہ جو نام بتائیں، معلم ان ناموں کو تختۂ سیاہ پر لکھ لیں اور آخر میں ہر لفظ پر اُنگلی پھیر کر اسے پڑھ کر سنائیں۔<br>۳) طلبہ کی مادری زبان/ مقامی زبان والے نام/ لفظ کو قبول کریں اور معلم معیاری اُردو میں ان کے نام بتائیں۔<br>۴) تختۂ سیاہ پر دونوں زبانوں کے الفاظ لکھیں۔<br>۵) اس کے بعد طلبہ کو اس کھیل پر مبنی ورک شیٹ مکمل کرنے کے لیے دیں۔ | ورک شیٹ نمبر - ۴ | ۱ |
| | **عملی کام نمبر ۵ : نام بتانا - مخصوص اعمال کے نام بتانا**<br>معلم طلبہ کے ساتھ دائرے میں کھڑے رہ کر یہ کھیل کھیلیں گے۔<br>ایک طالب علم سامنے آ کر بغیر کچھ بولے کچھ کام/عمل کی نقل کرے گا۔ دوسرے طلبہ اسے پہچانیں۔ جیسے : باورچی خانے کے کام - کاٹنا، دھونا، بھوننا/تلنا وغیرہ، جھاڑو دینا، بورویل سے پانی نکالنے کی نقل کرنا۔ | | ۲ |
| | **عملی کام نمبر ۶ : مجھے کچھ کہنا ہے**<br>گزشتہ دن کے واقعات، تجربات پر بات چیت کریں اور طلبہ سے ان کے تجربات سنیں۔ جیسے : طالب علم اسکول سے مکان جاتے وقت سلسلہ وار کیا واقعات پیش آئے، کون سے تجربات حاصل کیے، ان موضوعات پر بولنے کی ترغیب دیں۔ | | ۲ |
| | **عملی کام نمبر ۷ : انٹرویو**<br>۱) طلبہ سے کہیں کہ اسکول کے کسی دو افراد سے ملاقات کریں (جس سے زیادہ واقفیت نہیں ہے ایسے دو افراد) اور ان سے بات چیت کریں۔ ان سے کہیں کہ آپ کی تھوڑی سی معلومات حاصل کرنا ہے۔ کم از کم ذیل کے سوالات کے جواب پوچھ کر اسے جماعت کے روبرو دہرانا ہے۔<br>سوال: ۱) تمھارا نام کیا ہے؟ ۲) آپ کہاں رہتے ہیں؟ | | ۵ ، ۶ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| EC1 3.1 : اسکول میں یا گھر پر غیر مانوس شخص، معلم، نئے دوست، اسکول کے ملازمین اور دیگر بالغ افراد کے ساتھ خود کی زبان میں گفتگو کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ | ۳) تمھاری پسندیدہ غذا کون سی ہے؟ یا تمھارا پسندیدہ کھیل یا شوق کیا ہے؟<br>۲) دوسرے دن طلبہ اپنے مکان کے قریب رہنے والے لیکن بہت زیادہ جان پہچان نہ رہنے والے شخص سے یہ سوالات پوچھیں یا ان کے کام سے متعلق سوال کرو۔ | | |
| | **عملی کام نمبر ۸ : اشیا پر بات چیت - اساتذہ بات کریں**<br>معلم جماعت میں کوئی چیز لائے اور اس سے متعلق طلبہ سے بات چیت کریں۔ جیسے چھتری۔ کون کون سی شکل کی اور کس کس رنگ کی ہوتی ہے، یہ سوال پوچھیں۔ لائی ہوئی چھتری کا مشاہدہ کرنے کے لیے طلبہ کو راغب کریں۔ اس کی اونچائی، کس طرح بند ہوتی ہے۔ ہم اس کا استعمال کب اور کس طرح کرتے ہیں؟ وغیرہ۔ اسی طرح طلبہ کو اس سے متعلق اپنے تجربات بیان کرنے کے لیے بھی راغب کریں۔ جیسے چھتری خریدنے کے لیے رقم کس طرح جمع کی؟/ چھتری کو کس طرح درست کیا؟ وغیرہ۔ | چھتری، ہیلمٹ، بوتل، ماسک وغیرہ | ۳ |
| | **عملی کام نمبر ۹ : گروہ/ مجموعے کو ظاہر کرنے والے الفاظ**<br>۱) تصویر کا استعمال کرکے گروہ/ مجموعے کو ظاہر کرنے والے الفاظ کی معلومات طلبہ کو دیں۔ جیسے ہرنوں کا جھنڈ، جانوروں کا ریوڑ، پھولوں کا غنچہ وغیرہ۔<br>۲) مجموعے کو ظاہر کرنے والے الفاظ کا استعمال کرکے جملے تیار کرنے کے لیے کہیں۔ | تصاویر | ۳ |
| | **عملی کام نمبر ۱۰ : زبانی پہیلیاں حل کرنا**<br>معلم طلبہ سے ذیل کی طرح پہیلیاں بیان کریں۔ طلبہ کو جواب تلاش کرنے میں مدد کریں۔<br>جیسے : میں ایک پرندہ ہوں۔ میرا رنگ کالا ہے۔ میں کاؤں کاؤں کرتا ہوں۔ آپ کے اطراف میں آواز کرتا نظر آتا ہوں۔ کیا آپ مجھے جانتے ہیں؟ میرا نام کیا ہے؟<br>۱) بچوں کو اس طرح کی پہیلیاں تیار کرنے میں مدد کریں۔<br>۲) مادری زبان/ علاقائی زبان کی روایتی پہیلیوں سے متعلق معلومات حاصل کریں۔ | | ۳ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| | **عملی کام نمبر ۱۱ : میں کہاں پایا جاتا ہوں؟**<br>بچوں کو فصل/ اناج / چیز/مخصوص شخص کے نام بتائیں/تصویر دِکھائیں۔ یہ کہاں دستیاب ہوتے ہیں اس پر بات چیت کریں۔ جیسے ہلدی - کھیت، دکان دار، مکان وغیرہ۔ ڈاکیا - گاؤں، پوسٹ آفس یا ان کے مکان میں۔ (بچوں سے مختلف جوابات کی توقع ہے۔اس کی وجہ بتا کر تمام جواب قبول کریں) | فصل، اناج کی تصویریں، مختلف چیزیں | ۷ |
| EC1 3.1 : اسکول میں یا گھر پر غیر مانوس شخص، معلم، نئے دوست، اسکول کے ملازمین اور دیگر بالغ افراد کے ساتھ خود کی زبان میں گفتگو کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۱۲ : اس موقع پر تم کیا کروگے؟**<br>طلبہ سے ایک واقعہ بیان کریں۔ اس موقع پر تم کیا جواب دوگے یا کیا کروگے، سوچو اور اداکاری کے ذریعے بتاؤ۔ جیسے تمھاری چپل ٹوٹ گئی/تمھاری کتاب میں موجود کسی کردار سے ملاقات ہوگئی۔ | | ۷ |
| | **عملی کام نمبر ۱۳ : آنکھ بند کرکے چیز پہچاننا**<br>ایک تھیلی میں مختلف خوشبو اور چھوکر بتائی جانے والی چیزیں رکھیں۔ طلبہ کی آنکھ پر پٹی باندھ کر لمس، رنگ، شکل، خوشبو کے ذریعے چیزوں کو پہچاننے کے لیے کہیں۔ | مختلف چیزیں | ۷ |
| | **عملی کام نمبر ۱۴ : میں کیسا/ میں کیسی - معلم اور طلبہ**<br>میں کیسا/ میں کیسی (صفت)<br>۱) معلم طلبہ کو دائرے میں بٹھائیں۔ ۲) معلم چند مانوس چیزیں بتائیں۔ (کم از کم چار تا پانچ)<br>۳) چیزوں کے نام بتا کر کہیں یہ تمھیں کس طرح نظر آرہی ہے؟ یا ہاتھ میں لینے پر وہ کس طرح محسوس ہوتی ہے؟ بتاؤ۔<br>۴) طلبہ اپنے ذخیرۂ الفاظ کے مطابق جواب دیں گے۔<br>۵) اس کے علاوہ چیزوں کی مزید خصوصیات (صفات) معلم بتائے گا۔ جیسے : پانی کی بوتل - چوکون، کھڑی، گول، رنگین، پلاسٹک کی (طلبہ کی بتائی ہوئی صفات) استوانہ، اسٹیل کی/لکڑی کی، ملائم (معلم کی بتائی ہوئی صفات)<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** طلبہ کو دی جانے والی ہدایات کم الفاظ میں اور واضح ہوں۔ زبان کی ترقی میں رکاوٹ/ مسائل والے طلبہ کو بڑے جملے مشکل محسوس ہوتے ہیں۔ ہدایت کو بار بار دہرایا جائے۔ بچے اگر ایک دو الفاظ میں بھی چیزوں کو بیان کریں تو اسے قبول کیا جائے۔ | مختلف چیزیں | ۸ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ECL1 3.1 : اسکول میں یا گھر پر غیر مانوس شخص، معلم، نئے دوست، اسکول کے ملازمین اور دیگر بالغ افراد کے ساتھ خود کی زبان میں گفتگو کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۱۵ : میں کیسا/ میں کیسی؟ - گروہ میں**<br>میں کیسا/ میں کیسی (صفت)<br>عملی کام نمبر ۱۴ کو معلم اور طلبہ کے بجائے دو گروہ میں کھیلا جائے۔ طلبہ سے کہیں کہ مختلف چیزیں جمع کریں۔ انھیں ترتیب میں رکھ کر ہر چیز کے بارے میں بتایا جائے۔ دوسرے گروہ کے بچے چیز کی پہچان کریں۔ | مختلف چیزیں | ۸ |
| | **عملی کام نمبر ۱۶ : میں کیسا/ میں کیسی؟ - ایک جیسے نظر آنے والے لیکن الگ الگ**<br>صفت کھیل کا یہ اگلا مرحلہ ہے۔ طلبہ کو اب ایک جیسی چیزیں تلاش کر کے لانے کے لیے کہیں جیسے پتے۔ لیکن ہر پتے کی شکل مختلف ہو اور اس میں کچھ خصوصیت ہو۔ تمام بچے اپنے پتوں کو دائرے میں رکھیں۔ اپنے پتے کی خصوصیت بیان کرے اور دوسرے بچے اس پتے کو پہچانے۔ | | ۸ |
| ECL1 3.2 : گوشۂ مطالعہ سے کتابوں کا انتخاب کرنا اور تصاویر کی مدد سے کہانیوں کو سمجھنے کی کوشش کرنا اور لکھی ہوئی کہانی کے بارے میں پیشگوئی کرسکتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۱۷ : کتاب کا استعمال**<br>مطالعہ کا گوشہ بنانا۔<br>۱) طلبہ کے لیے مناسب کتابیں فراہم کی جائیں۔<br>۲) پہلے دن تمام وسائل دستیاب کریں، کتابیں ترتیب میں رکھتے وقت طلبہ کی مدد لیں۔<br>۳) طلبہ کے ذریعے گوشۂ مطالعہ کے اُصول طے کرلیں۔<br>۴) کمرۂ جماعت کے ایک کونے/ گوشے میں دیوار پر تار باندھ کر/ ڈوری باندھ کر/ تھیلی میں کتابیں رکھیں۔ اسے اس طرح رکھیں کہ طلبہ آسانی سے دیکھ سکیں، استعمال کرسکیں۔<br>۵) بعض کتابوں کے بعض حصے (اقتباس) طلبہ کو پڑھ کر سنائیں۔<br>۶) طلبہ نے جو کتابیں پڑھی ہیں اس سے متعلق بولنے کا موقع فراہم کریں۔<br>۷) گوشۂ مطالعہ کے لیے مختص کتابیں طلبہ کو مسلسل استعمال کے لیے اور دیکھنے کے لیے دیں۔ (کتابیں پھٹتی ہیں، کھو جاتی ہیں اس قسم کا معاملہ ہوتا ہے۔ ان وجوہات کی بنا پر طلبہ کو کتابوں سے دور نہ کریں۔) | مختلف قسم کی کتابیں | ۸ ، ۱ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- |
| | ۸) طلبہ کو ان کی پسند کی کتابیں مطالعہ کرنے، پڑھنے کی طرف راغب کریں۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** کتابیں استعمال نہ کر سکنے والے بچوں کی طرف توجہ دیں۔ انھیں کتابیں بتائیں۔ کتاب کس طرح پکڑیں، کس طرح کھولیں، کہاں سے پڑھنا شروع کریں وغیرہ باتوں سے انھیں واقف کرائیں۔ | | |
| ECL1 3.3 : اپنی کہانی یا نظم پڑھ کر اپنے تجربات کو اپنی زبان میں بیان کرتا ہے۔ اس سے متعلق بات کرتا ہے اور دوستوں سے بحث کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۱۸ : الفاظ کا اہرام**<br>جماعت میں سب سے پہلے بورڈ پر ایک لفظ لکھ دیں۔ لفظ پڑھ کر سنائیں۔ اسی لفظ میں طلبہ مزید ایک ایک لفظ کا اضافہ کرتے ہوئے اس کی توسیع کریں۔ جیسے سبزی - تازی سبزی - میتھی کی تازی سبزی، میتھی کی تازی سبزی پکائی، باجی نے میتھی کی تازی سبزی پکائی ہے،... | کھریا، تختۂ سیاہ | ۴ ، ۹ |
| ECL1 3.4 (A) : : اپنی پسند کی نظم یا گیت خود کی زبان میں یاد کرتے وقت آواز کے اُتار چڑھاؤ یا آواز کے اُصولوں کا استعمال کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۱۹ : گیت پیش کرنا**<br>طلبہ کو اپنی پسند کا گیت انفرادی طور پر/ جوڑی میں/گروہ میں گانے کے لیے راغب کریں۔ طلبہ سے دریافت کریں کہ گیت گاتے وقت کیسا محسوس ہوا؟ کیا گروہ میں گیت گاتے وقت لطف آیا؟ اپنی مادری زبان یا علاقائی زبان کے گیت سے متعلق اپنے تجربات بیان کرنے کی طرف راغب کریں۔ جیسے گیت کے پس پردہ کہانی، کون اور کب یہ گیت گاتے ہیں وغیرہ۔ | مختلف گیتوں کا ذخیرہ (آسان سے مشکل) | ۸ |
| | **عملی کام نمبر ۲۰ : کہانی سنانا**<br>طلبہ کو اپنی مادری زبان/ علاقائی زبان کی کوئی کہانی سنانے کے لیے کہیں یا طلبہ کو جو کہانی یاد ہو سنانے کے لیے کہیں۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** سب کے روبرو کہانی نہ سنا پانے والے طلبہ کو ان کے دوستوں کے ہمراہ یہ سرگرمی کرنے دیں یا دیگر طلبہ کہانی سنا چکیں تب وہی کہانی دہرانے کہیں یا معلم خود کہانی شروع کریں اور ایسے طلبہ کو مکمل کرنے کے لیے کہیں۔ ہر طالب علم اپنی اپنی سطح کے لحاظ سے شامل ہو یہ اہمیت کا حامل ہے۔ | کہانیوں کا ذخیرہ | ۴ |
| | **عملی کام نمبر ۲۱ : کہانی کو ڈرامائی انداز میں پیش کرنا**<br>طلبہ کو ان کی پسند کی کہانی کو ڈرامائی انداز میں پیش کرنے میں مدد کریں۔ (مثلاً خرگوش اور کچھوے کی کہانی) | کہانیوں کا ذخیرہ | ۹ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ECL1 3.4 (B) : بغیر رکاوٹ کے متن خوانی کرتا ہے۔<br>روانی سے ازبر کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۲۲ : زبان کی رَپٹ**<br>طلبہ کو مزاحیہ جملے سنائیں۔ انہی جملوں کو بار بار رفتار بڑھاتے ہوئے دہرانے کے لیے کہیں۔ اس میں انھیں کون سا لطف آیا، اس ضمن میں وضاحت کرنے کے لیے کہیں۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** اگر طالب علم کو یہ عمل نہیں آتا یا بتائے ہوئے جملے سمجھ میں نہیں آتے تو سب کے سامنے دہرانے کا اصرار نہ کریں بلکہ بعد میں تنہائی میں دہرانے کے لیے کہیں اور ضرورت ہو تو مدد کریں۔ اس سے طلبہ کو احساسِ کمتری نہیں ہوگی اور اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ ان کی بے عزتی نہ ہو۔ | مزاحیہ جملوں کا ذخیرہ | ۴، ۸ |
| ECL1 3.5 (A) : استاد کو کہانی سنانے کے لیے اپنی پسند کی کتاب دیتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۲۳ : پسندیدہ کہانی سننا**<br>طلبہ کو ان کی پسند کی کتابیں ایک کے بعد ایک لانے کے لیے کہیں۔ اس میں موجود کہانی بچوں کو پڑھ کر سنائیں۔ | کتابیں | ۵ |
| ECL1 3.5 (B) : تصویر میں موجود چیزوں کا توجہ کے ساتھ مشاہدہ کرتا ہے۔<br>ان سے متعلق بتاتا ہے اور تلاش کردہ الفاظ میں اسے لکھتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۲۴ : تصویر خوانی (۱)**<br>طلبہ کو مانوس منظر والی تصویریں بتا کر سوال کریں کہ اس میں کیا کیا نظر آتا ہے؟ طلبہ ایک لفظ میں جواب دیں/ مادری زبان میں جواب دیں تو اسے قبول کریں۔<br>طلبہ کو مکمل جملے میں وضاحت کرنے کی طرف رغبت دلائیں۔ | تصویر | ۱، ۲ |
| | **عملی کام نمبر ۲۵ : تصویر خوانی (۲)**<br>تصویر میں دی ہوئی معلومات سے پرے جا کر غور و فکر کریں، اس طرح کے سوالات پوچھیں۔ جیسے یہ بچے کہاں جا رہے ہوں گے؟ تمھارے خیال میں تصویر والی لڑکی کیا تلاش کر رہی ہوگی؟ ایسے سوالات پوچھیں جن کے جواب ایک سے زیادہ ہوسکتے ہیں۔ طلبہ کے جواب کے پس پردہ وجوہات کو سمجھ کر تمام جوابات کو قبول کرنا چاہیے۔ | تصویر | ۱، ۲ |
| | **عملی کام نمبر ۲۶ : تصویر خوانی - مکالمے/کہانی کی توسیع**<br>تصویر کے کرداروں کے لحاظ سے کہانی تیار کرنے کی طرف طلبہ کو راغب کریں۔ کرداروں میں کیا گفتگو ہو رہی ہوگی؟ اس کے بعد کیا ہوا ہوگا؟ | تصویر | ۲ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- |
| | **عملی کام نمبر ۲۷ : تصویر خوانی - سابقہ تجربات پر گفتگو**<br>تصویر کے واقعات کو سابقہ تجربات سے منسلک کر کے بچوں کو زیادہ سے زیادہ بولنے کی ترغیب دیں۔<br>عملی کام نمبر ۲۴ تا عملی کام نمبر ۲۷ کے لیے ایک ہی تصویر کا استعمال کریں۔ | تصویر | ۱ |
| ECL1 3.5 (B) : تصویر میں موجود چیزوں کا توجہ کے ساتھ مشاہدہ کرتا ہے۔ ان سے متعلق بتاتا ہے اور تلاش کردہ الفاظ میں اسے لکھتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۲۸ : تصویر خوانی - خود کی تحریر میں وضاحت ضبطِ تحریر کرنا**<br>تصویر میں کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ اس تصویر کو بنا کر اپنی تحریر میں ان کو نام دیں۔ اس طرح کی ترغیب دیں۔<br>اپنی تحریر میں ان تصویروں کی وضاحت کرنے کے لیے بھی راغب کریں۔ | تصویر خوانی کے لیے مفید تصویروں کا ذخیرہ، کاغذ، پنسل | ۱۱ |
| | **عملی کام نمبر ۲۹ : تصویر خوانی - تصویر کی مدد سے کہانی لکھنا**<br>تصویروں سے اپنی تحریر میں کہانی لکھنے کی طرف طلبہ کو راغب کریں۔ (طلبہ نے کون سی تصویر بنائی؟ اپنی تحریر میں کیا لکھا؟ اس طرح کے سوالات پوچھ کر طلبہ کے الفاظ کے سامنے معلم بڑے حروف میں یہی الفاظ دوبارہ لکھیں) | تصویر خوانی کے لیے مفید تصویروں کا ذخیرہ، کاغذ، پنسل | ۶ |
| ECL1 3.6 (A) : طبع شدہ مواد کو سمجھ کر پڑھتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۳۰ : جملوں کے الفاظ کو الگ الگ کرنا**<br>آج ہم ایک کھیل کھیلنے والے ہیں۔ اس طرح سے سرگرمی کا آغاز کریں۔ میں ایک جملہ سناتا ہوں، یہ کہہ کر ایک جملہ سنائیں۔ جیسے 'میرا نام زید ہے۔' اب اس جملے کو میں کس طرح دہراتا ہوں غور سے سنو۔ اس طرح ہدایت دے کر جملے کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں اور ہر لفظ پر ایک تالی بجائیں۔ اسی طرح کا عمل طلبہ سے بھی کروائیں۔ طلبہ کو نیا جملہ دے کر اسے الگ الگ کرنے میں مدد کریں۔ اس طرح شروع میں چند جملے اجتماعی طور پر/ انفرادی طور پر مکمل کروائیں۔ اس کے بعد ہر طالب علم سے جملوں کے الفاظ الگ الگ کروانے کی مشق لیں۔ اس کھیل میں تالی بجانے کی بجائے کمرۂ جماعت میں دائرہ بنا کر ہر لفظ پر طالب علم کو اُچھلنے کے لیے بھی کہا جا سکتا ہے۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے** : آئندہ متن خوانی کے لیے یہ عمل انتہائی مفید ثابت ہوسکتا ہے، اس پر زیادہ توجہ دیں۔ | جملوں کی مشق، تین لفظوں کے جملے سے پانچ لفظوں کے جملے تک | ۲ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ECL1 3.6 (A) : طبع شدہ مواد کو سمجھ کر پڑھتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۳۱ : لفظ توڑنا، جوڑنا**<br>۱) جملے سے الفاظ الگ الگ کرنا۔ اسی طرح الفاظ کا ہجا کرنا۔ ہر آواز کے لیے ایک تالی بجائیں جیسے ادرک – 'اَ' تالی، 'دَ' تالی، 'رَک' تالی بجائیں۔<br>۲) اسی طرح حروف کو جوڑ کر لفظ بنانے کا کھیل لیں۔ جیسے 'رومال' (ہر مخرج پر ٹھہریں) بچوں کو ان حرفوں کو جوڑ کر رومال لفظ بتائیں۔<br>۳) یہ کھیل جوڑی میں بھی کھیلا جا سکتا ہے۔ | | ۳، ۲ |
| | **عملی کام نمبر ۳۲ : لفظ کی پہلی اور آخری آواز پہچاننا**<br>۱) لفظ کا تلفظ ادا کرنے کے بعد شروع میں کون سی آواز سنائی دیتی ہے، اس طرف توجہ مرکوز کریں۔ شروع میں ایک جیسی آواز سے شروع ہونے والے الفاظ ادا کریں۔ اس درمیان ایک مختلف آواز سے شروع ہونے والا لفظ ادا کریں۔<br>۲) اسی طرح لفظ کے آخر میں کون سی آواز آتی ہے، یہ کھیل کھلائیں۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے** : یہ عملی کام آواز میں فرق نہ کر سکنے والے بچوں کے لیے مفید ثابت ہوتا ہے۔ | | ۴، ۲ |
| | **عملی کام نمبر ۳۳ : لفظ کی پہلی اور آخری آواز پہچاننا۔ ورک شیٹ مکمل کرنا**<br>ایک جیسی آواز سے شروع/ختم ہونے والے الفاظ/تصویروں کی جوڑیاں لگائیں۔ اس طرح ورک شیٹ مکمل کرو۔ | ورک شیٹ نمبر ۲۰، ۲۱ | ۴ |
| | **عملی کام نمبر ۳۴ : لفظ کی پہلی اور آخری آواز کو تبدیل کرنا**<br>'کان' اس لفظ کے شروع میں کون سی آواز سنائی دیتی ہے، اس طرح کا سوال پوچھیں۔ اب میں 'کا' کی بجائے 'پا' کا استعمال کر کے لفظ 'پان' تیار کرتا ہوں۔ اس طرح طلبہ کو سمجھائیں۔ اس کے بعد طلبہ سے کہیں کہ آپ دیے ہوئے لفظ کی پہلی آواز بدل کر دوسرا بامعنی لفظ بناؤ۔ بعض دفعہ الفاظ بے معنی بھی ہو سکتے ہیں۔ یہاں اس بات کو زیادہ اہمیت حاصل ہے کہ پہلی آواز کو الگ کر کے دوسری آواز شامل کریں۔ | | ۴، ۷ |

<table dir="rtl">
<tr><th>آموزشی ماحصل</th><th>ہدایات برائے اساتذہ</th><th>درکار وسائل</th><th>ہفتہ نمبر</th></tr>
<tr><td rowspan="4">ECL1 3.6 (A) : طبع شدہ مواد کو سمجھ کر پڑھتا ہے۔</td><td>عملی کام نمبر ۳۵ : لفظی زنجیر<br>بیت بازی کی طرح لفظ کی زنجیر بنانے کی طرف طلبہ کو راغب کریں جیسے کان ← ناک ← کام</td><td>–</td><td>۳ ، ۶</td></tr>
<tr><td>عملی کام نمبر ۳۶ : ایک جیسی آواز والے (ہم آہنگ) الفاظ بتانا<br>۱) معلم ہم آہنگ الفاظ والا اقتباس یا ہم قافیہ والی نظم پڑھ کر سنائے۔ ہم آہنگ الفاظ کسے کہتے ہیں بتائے جیسے پان – کان ، کار – چار وغیرہ۔<br>۲) ہم آہنگ الفاظ بنانے کی ترغیب دیں۔<br>۳) معلم الفاظ کی جوڑیاں بتاتا جائے۔ جب ہم آہنگ جوڑی آئے تو طلبہ کو تالی بجانے کہیں۔ اس طرح کا کھیل کھیلا جائے۔ یہ کھیل جوڑی میں بھی کھیلا جاسکتا ہے۔</td><td>ایک جیسی آواز والے الفاظ کی جوڑیوں کا ذخیرہ (زبان کے صندوق کا استعمال کیا جاسکتا ہے)</td><td>۵</td></tr>
<tr><td>عملی کام نمبر ۳۷ : مختلف مخرج والے الفاظ کا کھیل<br>۱) رہنمائے معلم میں دی ہوئی تصویری پٹیاں تیار کریں۔<br>۲) تصویر پر اُنگلی رکھ کر تمام تصویری پٹیوں کی خواندگی طلبہ سے کروائیں۔ جیسے پان پھول پان پھول۔ (صفحہ ۱۲۲)<br>۳) اس کے بعد تمام تصویری پٹیاں طلبہ کے سامنے ایک ساتھ رکھ دیں۔ اساتذہ جو پٹی مانگیں گے وہ تصویری پٹی نکال کر دینے کے لیے کہیں۔</td><td>مختلف مخرج والے الفاظ کے کارڈ (زبان کے صندوق کا استعمال کیا جاسکتا ہے) (رہنمائے معلم، صفحہ نمبر ۱۲۲)</td><td>۵</td></tr>
<tr><td>عملی کام نمبر ۳۸ : جماعت کے ہدایتی فیتوں کو پڑھنا<br>معلم کو چاہیے کہ جماعت میں مختلف ہدایتوں کے فیتے لگائیں۔ اس کو پڑھ کر سنائیں۔ کافی مشق ہوجانے کے بعد طلبہ کو اس بات کی ترغیب دیں کہ ہدایتی فیتوں پر جو لکھا ہے، اسے پڑھیں۔ ہدایتی پٹیاں – (۱) کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ صابن سے اچھی طرح دھولیں۔ (۲) جوتے چپل کو ترتیب میں رکھیں۔ (۳) توشہ اور پانی کی بوتل کو اپنے مقام پر ترتیب سے رکھیں۔ (۴) کچرا یہاں ڈالیں۔</td><td>جماعت کے ہدایتی فیتے</td><td>۱</td></tr>
</table>

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- |
| ECL1 3.6 (A) : طبع شدہ مواد کو سمجھ کر پڑھتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۳۹ : ہدایتی فیتوں کا کھیل**<br>۱) معلم کو چاہیے کہ چھوٹی چھوٹی ہدایتوں والے فیتے تیار کریں۔ جیسے : دوڑ کر جاؤ، دروازے کو ہاتھ لگا کر آؤ/ چار کنکر لاؤ/ خود اپنے اطراف گھوم کر بتاؤ۔<br>۲) طلبہ کے سامنے تمام ہدایتی فیتے رکھ کر اس میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنے کے لیے کہیں۔<br>۳) معلم کہیے کہ میں اب ہدایتی فیتوں پر جو لکھا ہے، اسے پڑھ کر سناتا ہوں۔ اس کے مطابق آپ عمل کریں۔<br>۴) طلبہ کو انتخاب کردہ پٹی/ فیتہ پڑھ کر سنائیں۔ دوسرے طلبہ کو بھی اسی طرح عمل کرنے کی طرف راغب کریں۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** ہوسکتا ہے بعض طلبہ کو مدد کی ضرورت محسوس ہو۔ تمام طلبہ کو ہدایت سنائی دیتی ہے یا نہیں اور یہ ہدایتیں ان کی سمجھ میں آتی ہیں یا نہیں، اس کا خیال رکھیں۔ | ہدایتی پٹیوں کا سیٹ | ۵ |
| | **عملی کام نمبر ۴۰ : بلند خوانی**<br>۱) معلم کو چاہیے کہ جو کہانی کو پڑھ کر سنا رہا ہے اسے پہلے دو تین مرتبہ خود پڑھ لیں۔<br>۲) تصویروں سے مزین کہانی کی کتاب ساتھ رکھ کر طلبہ کے ساتھ دائرے میں بیٹھیں۔<br>۳) کتاب کے سرورق اور آخری صفحے کی تصویریں طلبہ کو بتائیں اور مصنف کا نام پڑھ کر سنائیں۔ کہانی کا نام پڑھ کر سنائیں۔<br>۴) سرورق کی تصویروں اور کہانی کے نام کی بنیاد پر طلبہ سے سوال کریں کہ اس کہانی میں اصل بات کیا ہوگی؟<br>۵) کتاب کی بلند خوانی کرتے وقت کسی مخصوص مرحلے پر رک کر طلبہ سے ایسا کیوں ہوا؟ کیا ہوگا؟ ایسا کیوں محسوس ہوتا ہے؟ اس طرح کے سوالات کریں۔<br>۶) کہانی مکمل ہونے پر سوال کریں کہ کہانی میں تمھیں کون سی بات پسند آئی؟ کون سی بات ناپسند آئی؟ (یہاں کہانی کا حاصل مقصد دریافت نہ کریں) | تصویروں والی کہانی کی کتابیں | ۴ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ECL1 3.6 (B) : تصویروں کو صحیح ترتیب دے کر، سمجھتے ہوئے کہانیاں پڑھتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۴۱ : زبانی ہدایات کا کھیل - راجا کہتا ہے**<br>۱) معلم کو چاہیے کہ زبانی ہدایتیں دیں۔ بچے ہدایت سن کر اس پر عمل کرتے ہیں یا نہیں، یہ دیکھیں۔<br>۲) آسان ہدایت سے مشکل ہدایت کی طرف جائیں۔ جیسے آسان ہدایت : کھڑے رہو۔ دو چھلانگیں لگاؤ۔ مشکل ہدایت : کھڑے رہ کر اپنے اطراف میں گھوم جاؤ، مینڈک کی طرح چھلانگیں لگاؤ، دروازے کو ہاتھ لگاؤ، دوبارہ دوڑ کر آتے ہوئے ایک چھلانگ لگاؤ۔<br>۳) اس کے بعد بچوں کو اس طرح کی ہدایت ایک دوسرے کو دینے کے لیے کہیں۔ | ہدایتوں کا ذخیرہ (دو لفظ والے اور زیادہ لفظ والے) | ۲ |
| | **عملی کام نمبر ۴۲ : تصویری کارڈ سے کہانی سنانا**<br>۱) طلبہ کو کہانی والے تصویری کارڈ بتائیں اور اس کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہیں اور ہر حصے میں کیا نظر آتا ہے، اس پر بحث کریں۔ اسی طرح معلم کہانی کو مکمل کرے۔<br>۲) اس کے بعد کہانی والی تصویروں کے کارڈ بچوں کو دیں اور ان سے کہیں کہ تصویروں کی بنیاد پر کہانی سناؤ۔ اس سرگرمی کو دوبارہ لیں تو طلبہ کو نئی کہانی تیار کرنے کی طرف راغب کریں۔ اس کام کے لیے زبان دانی کی بالیدگی کے صندوق کا استعمال کریں۔ | تصویری کہانیوں کا سیٹ | ۲ |
| | **عملی کام نمبر ۴۳ : واقعات کی ترتیب**<br>۱) چند چھوٹے چھوٹے اعمال ترتیب سے کرنا ہوتا ہے۔ اس طرح کے مانوس واقعات کو ترتیب لگانے کے لیے طے کریں۔ وسائل کے صندوق میں دیے ہوئے واقعاتی ترتیب وار کارڈ طلبہ کو دیں اور انھیں ترتیب میں لگانے کے لیے کہیں۔ جیسے : کپڑے دھونے کا عمل۔<br>۲) معلم جب کارڈ ترتیب میں لگائیں تب ان کارڈ کے نیچے لکھے جملے پڑھ کر سنائیں۔ جملے کا فیتہ جملے سے جوڑیں۔<br>۳) کافی مشق کے بعد صرف جملے کے فیتے ترتیب میں لگانے میں مدد کریں۔ | واقعاتی ترتیب کے کارڈ | ۲ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 3.7 ECL1 : مانوس کہانی / نظموں میں بار بار آنے والے الفاظ کی آوازوں کو پہچانتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۴۴ : گیت گانا**<br>طلبہ کو روزانہ سکھائے جانے والے گیتوں کو چارٹ پیپر پر لکھ کر جماعت میں لگائیں۔ بچوں کے ساتھ گیتوں کو اجتماعی طور پر پڑھیں۔ بچوں کی مادری زبان/ علاقائی زبان کے گیت بھی چارٹ پر لکھ کر جماعت میں لگائیں۔ | مختلف گیتوں کا ذخیرہ (آسان سے مشکل)، چارٹ پیپر، اسکیچ پین، چکٹ پٹّی، ڈوری، چمٹے۔ چارٹ پیپر اس طرح لگائیں کہ طلبہ بہ آسانی پڑھ سکیں۔ | ۵ |
| | **عملی کام نمبر ۴۵ : باہم مطالعہ-۱**<br>۱) معلم واضح تصویروں والی اور بڑے حرفوں میں لکھی ہوئی کہانیوں کی کتابوں کا انتخاب کریں۔ کتاب کے ہر صفحے پر صرف ایک یا دو جملے لکھے ہوں۔ کتاب ایسی ہو جس میں جملوں کی بار بار تکرار ہو اور اس میں ہم قافیہ الفاظ ہوں اور اس کا موضوع طلبہ کی زندگی سے مربوط ہو۔ اگر ایسی کتابیں دستیاب نہ ہوں تو ایسی چھوٹی کتابیں تیار کریں۔<br>۲) طلبہ کو دائرے میں بٹھائیں اور ان کی توجہ اپنی طرف مبذول کروائیں۔<br>۳) سرورق پر کہانی کا نام پڑھ کر سنائیں۔<br>۴) اس میں کیا بات ہوگی یہ سرورق سے اندازہ لگانے کے لیے کہیں۔<br>۵) ہر لفظ پر پنسل/ پٹی/ چھڑی رکھ کر بلند خوانی کریں اور بچوں کو دہرانے کے لیے کہیں۔<br>۶) جس جملے میں الفاظ کی تکرار ہو ان جملوں کو طلبہ کے ذریعے بار بار پڑھوائیں۔ | باہمی مطالعہ میں معاون بننے والی کتابوں کا ذخیرہ | ۲ ، ۸ |
| | **عملی کام نمبر ۴۶ : باہم مطالعہ-۲**<br>۱) طلبہ کو نصف دائرے میں بٹھائیں۔<br>۲) کہانی کی کتاب اس طرح پکڑیں کہ وہ تمام بچوں کو نظر آئے اور سابقہ عمل کے مطابق طلبہ سے تعاون حاصل کر کے کہانی مکمل پڑھ کر دِکھائیں۔ | | ۲ ، ۸ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ECL1 3.7 : مانوس کہانی / نظموں میں بار بار آنے والے الفاظ کی آوازوں کو پہچانتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۴۷ : باہم مطالعہ-۳**<br>۱) سابقہ کہانی کو ہی اس طرح رکھیں کہ وہ سب کو نظر آئے۔ بچوں کو نصف دائرے میں بٹھائیں۔ کہانی پڑھتے وقت اس کے جملوں میں موجود علاماتِ اوقاف جیسے ختمہ، سکتہ، سوالیہ نشان وغیرہ بتا کر ان سے بچوں کو واقف کروائیں۔<br>۲) خاص طور پر کون سی علامت ہونے سے کس طرح پڑھا جائے، اس کا عملی مظاہرہ طلبہ کے روبرو کریں۔ | | ۲، ۸ |
| ECL1 3.8 (B) : تحریر شدہ مواد پر یا دیکھی ہوئی تصویروں پر اپنے تجربات کی روشنی میں پیشگوئی کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۴۸ : آؤ کہانی مکمل کریں**<br>معلم کسی تخیلی کہانی کا صرف آغاز بیان کریں۔ اس کے بعد کیا ہوگا؟ اس طرح کا سوال کر کے طلبہ کو یہ کہانی مکمل کرنے کے لیے کہیں۔ | | ۱۰ |
| | **عملی کام نمبر ۴۹ : آؤ کہانی تیار کریں**<br>معلم طلبہ سے کہیں کہ آج ہم ایک کہانی تیار کرنے والے ہیں۔ معلم پہلے ایک جملہ کہے۔ ہر طالب علم اس میں ایک ایک جملے کا اضافہ کرتے ہوئے کہانی تیار کریں۔ کہانی تیار کرتے وقت معلم اسے تختۂ سیاہ پر لکھ بھی سکتے ہیں۔ | | ۱۰ |
| | **عملی کام نمبر ۵۰ : کمرۂ جماعت کی چیزوں کے ناموں کے لفظی کارڈ کا کھیل**<br>کمرۂ جماعت میں موجود چیزوں کے نام واضح اور بڑے حرفوں میں لکھ کر اس چیز کے اطراف لگائیں۔ معلم طلبہ کو ہر چیز کے قریب لے جا کر کہے کہ یہ کیا ہے؟ اور یہ بھی کہیں کہ میں نے ان کے ناموں کی پرچیاں لگائی ہیں اور اسے پڑھ کر سنائیں۔ ہر کارڈ پر لکھے نام کو کم از کم دو مرتبہ پڑھ کر سنائیں۔<br>جیسے 'بورڈ' کا لفظی کارڈ۔<br>تمام لفظی کارڈ کے مزید کارڈ تیار کریں۔ بچوں کو دو دو لفظی کارڈ دیں اور کہیں کہ ان کے پاس موجود کارڈ کی طرح اور کارڈ کہاں چسپاں ہے، اسے تلاش کریں۔ اگر بچہ تلاش کرنے میں ناکام رہا تو ہاتھ میں موجود کارڈ پڑھ کر سنائیں اور چسپاں شدہ کارڈ اور ہاتھ میں موجود کارڈ کا موازنہ کرنے کے لیے کہیں۔ | لفظی کارڈ کے سیٹ | ۱ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- |
| تحریر شدہ مواد : ECL1 3.8 (B) پر یا دیکھی ہوئی تصویروں پر اپنے تجربات کی روشنی میں پیشگوئی کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۵۱ : جماعت کی چیزوں کے لفظی کارڈ کا کھیل - جوڑیاں لگانا**<br>کمرۂ جماعت میں موجود چیزوں کے لفظی کارڈ زیادہ سے زیادہ تیار کریں۔ بچوں کے پاس دو دو کارڈ دے کر ان سے کہیں کہ تمھارے ہاتھ میں موجود کارڈ کی طرح چسپاں ہوا کارڈ کہاں ہے، تلاش کرو۔ لفظ تلاش نہ کرنے کی صورت میں ہاتھ میں موجود کارڈ کو پڑھ کر سنائیں اور چسپاں شدہ کارڈ اور ہاتھ میں موجود کارڈ کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہیں۔<br>اس کھیل کو دو دو کی جوڑی میں یا دو گروہوں میں کھیلا جاسکتا ہے۔ سب سے پہلے تمام کارڈ کی خواندگی کرنے والے گروہ کی تعریف و توصیف کریں۔ | لفظی کارڈ کے سیٹ | ۸ |
| | **عملی کام نمبر ۵۲ : جماعت کی چیزوں کے لفظی کارڈ کا کھیل - ڈامنو**<br>جماعت میں موجود چیزوں کے ناموں کا ڈامینو کھیلنے کے لیے طلبہ کو دیں۔ | ڈامینو | ۵ |
| | **عملی کام نمبر ۵۳ : پکوان کا عملی مظاہرہ**<br>پکوان - (بھیل بنانا)<br>۱) معلم کو چاہیے کہ پہلے طے کریں کہ کون سا پکوان کرنا ہے اور اس کے مطابق وسائل تیار رکھیں۔<br>۲) ایک دن قبل بچوں کو یہ اطلاع دیں کہ ہم کل کون سا پکوان پکانے والے ہیں، اس کے لیے کون کون سی چیزوں کی ضرورت ہوگی، اس پر بات چیت کریں اور اس کی فہرست کو بورڈ پر لکھیں۔<br>۳) تمام طلبہ کو نصف دائرے میں بٹھائیں۔<br>۴) بچوں کے سامنے بھیل کے لیے لگنے والی اشیا رکھ دیں اور انھیں پہچاننے کے لیے کہیں۔ جیسے مرمرے (چرمرے)، پیاز، ٹماٹر، ہرا دھنیا، نمک، لیمو وغیرہ۔ اس کے ساتھ ہی بڑا چمچہ، بھگونا بھی بتائیں۔<br>۵) پکوان کرتے وقت ترتیب اور تناسب کافی اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ تمام بچوں کو نظر آئے اور ان سے بات کرتے ہوئے/عمل کی وضاحت کرتے ہوئے پکوان مکمل کریں۔ ہم نے کیا کیا عمل کیا اس کو ترتیب وار دوبارہ دہرائیں۔ اس کے بعد تمام بچوں کو بھیل کھانے کے لیے دیں۔<br>۶) اسی طرح آپ کے مکان میں بھیل کس طرح بنائی جاتی ہے یا اور کسی پکوان کے بارے میں بتانے کے لیے طلبہ کو راغب کریں۔ | جو پکوان پکانا طے ہو، اس کے مطابق چیزیں | ۷ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ECL1 3.8 (B) : تحریر شدہ مواد پر یا دیکھی ہوئی تصویروں پر اپنے تجربات کی روشنی میں پیشگوئی کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۵۴ : پکوان کے عمل پر بات چیت اور عمل کو لکھنا**<br>پکوان - (بھیل بنانا)<br>جب عملی طور پر بھیل تیار ہوجائے اور سب کھالیں تب بچوں سے سوال کریں کہ ہم نے کیا کیا عمل کیا اور اسے ترتیب وار بورڈ پر لکھ لیں۔ اگر بچوں نے ترتیب کو آگے پیچھے کردیا تو ان سے بات کرکے ترتیب کو برابر کرلیں اور لکھ لیں۔<br>بھیل کا رنگ، خوشبو، ذائقہ سے متعلق طلبہ سے بات کریں۔ اس سے متعلق اگر طالب علم اپنی گھریلو زبان کے الفاظ کا استعمال کرتا ہے تو اس کے مترادف لفظ سے اسے واقف کروائیں۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** بعض بچوں کو ترتیب یاد نہیں رہی تو اس موقع پر بھیل تیار کرنے کی ترتیب وار تصویریں بتا کر اسے یاد دلائیں۔ | | ۷ |
| | **عملی کام نمبر ۵۵ : پکوان کی تصویریں اور اسے اپنے الفاظ میں لکھنا**<br>پکوان - (بھیل بنانا)<br>بچوں کو یہ پکوان یا اسی طرح کے اور پکوان کو کس طرح پکاتے ہیں، اس کی تصویر بنانے کے لیے کہیں اور اسے ان کی اپنی زبان میں لکھنے کے لیے کہیں۔ جیسے بھیل کی طرح کچے پوہے کا چوڑا۔ اسی طرح کوئی آسان پکوان کے بارے میں تصویر بنانا اور اسے اپنے الفاظ میں لکھنا۔ | | ۷ |
| | **عملی کام نمبر ۵۶ : پکوان - لکھائی کی قسمیں**<br>پکوان - (بھیل بنانا)<br>اس مرحلے میں پکوان کے عمل کو معیاری زبان میں لکھ کر بتائیں۔ پکوان کا عمل جس ترتیب میں ہوتا ہے اسی طرح اس کا اعادہ کروائیں اور بورڈ/ چارٹ پیپر پر لکھیں۔ جیسے : نام، چیزوں کے نام اور تناسب، ترتیب وار عمل، کچھ مخصوص ہدایات۔ | | ۷ |
| | **عملی کام نمبر ۵۷ : پکوان - میرا پسندیدہ پکوان**<br>طلبہ سے کسی پکوان کے بارے میں پوچھیں اور اسے جماعت کے روبرو/گروہ میں بتانے کے لیے کہیں۔ | | ۷ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ECL1 3.8 (B) : تحریر شدہ مواد پر یا دیکھی ہوئی تصویروں پر اپنے تجربات کی روشنی میں پیشگوئی کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۵۸ : پکوان - میرا پسندیدہ پکوان (خود کی زبان میں لکھنا)**<br>طلبہ سے کہیں کہ آپ کے پسندیدہ پکوان کے لیے درکار اشیا کی فہرست اور کیا جانے والا عمل تصویری صورت میں اور خود کی زبان میں لکھیں۔ | کاغذ، مومی قلم، پنسل | ۷ |
| | **عملی کام نمبر ۵۹ : میچنگ سیٹ - تصویری لفظی کارڈ - تصویر تصویر کی جوڑی**<br>تصویر والے لفظی کارڈ (ایک دفعہ ۵ کا سیٹ) بچوں کے سامنے رکھیں۔ ایک جیسے کارڈوں کی جوڑی بنانے کے لیے کہیں۔ تصویر پر اُنگلی رکھ کر تصویر کا نام پڑھوائیں۔ | میچنگ سیٹ، لفظی کارڈ کا سیٹ، وسائل کا صندوق | ۲ |
| | **عملی کام نمبر ۶۰ : میچنگ سیٹ - تصویری لفظی کارڈ - لفظی کارڈ جوڑی**<br>طلبہ جب ایک جیسی تصویروں والی جوڑیاں لگالیں تو اس کے نیچے لکھے ہوئے لفظ/ نام پر اُنگلی رکھ کر اسے پڑھ کر سنائیں۔ تصویر کے نیچے لفظی کارڈ رکھ کر بتائیں۔ طلبہ کو تصویر سے تصویر اور لفظ سے لفظ جوڑنے کی مشق دیں۔ | میچنگ سیٹ، لفظی کارڈ کا سیٹ، وسائل کا صندوق | ۲ ، ۳ |
| | **عملی کام نمبر ۶۱ : میچنگ سیٹ - تصویری لفظی کارڈ - لفظی کارڈ کی جوڑی**<br>اب طلبہ کو صرف لفظ سے لفظ کے کارڈ جوڑنے کے لیے کہیں۔ | لفظی کارڈ کا سیٹ زبان دانی صندوق | ۳ ، ۸ |
| | **عملی کام نمبر ۶۲ : میچنگ سیٹ - تصویری لفظی کارڈ - ڈامینو**<br>تصویر- لفظ کا ڈامینو کھیلنے کے لیے دیں۔ | ڈامنو | ۸ |
| | **عملی کام نمبر ۶۳ : لفظ پہچانو**<br>ایک ٹوکری میں اب تک سیکھے ہوئے بصری لفظی کارڈ رکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ کوئی ایک کارڈ نکالیں اور اس پر لکھا نام پڑھ کر سنائیں۔ جیسے : پھل/ آم۔ | بصری لفظی کارڈ | ۹ |
| | **عملی کام نمبر ۶۴ : تصویر جملہ پڑھنا**<br>بصری الفاظ کی خواندگی، جملے میں دی ہوئی تصویر کو پڑھ کر بچوں کو عملی بیاض میں دیے گئے جملے پڑھنے کی طرف راغب کریں۔ جیسے : بلی (دودھ کی تصویر) پی رہی ہے۔ بچوں سے کہیں کہ اسے پڑھیں : بلی دودھ پی رہی ہے۔ | ورک شیٹ نمبر - ۳۶ | ۹ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 3.9 ECL1 : خود کا نام، دوستوں کے نام اور اپنے آس پاس کے ماحول کی چیزوں کے نام لکھنے میں دلچسپی ظاہر کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۶۵ : علاقائی سیر - عملی سیر**<br>علاقائی سیر : علاقے کی سیر کا مقصد نہ صرف معلومات یکجا کرنا ہے بلکہ ایک بھرپور تجربہ فراہم کرنا ہے۔<br>طلبہ کے اطراف و اکناف کے کسی مخصوص مقام کی سیر کے لیے طلبہ کو لے جائیں جیسے جانور باندھنے کا گوٹھا، پنکچر بنانے والے کی دکان، دھوبی گھاٹ، پوسٹ آفس، چھوٹی صنعت وغیرہ۔<br>۱) ہم علاقے کی سیر کے لیے کب، کہاں، کتنے بجے جانے والے ہیں، یہ بات طلبہ اور ان کے سرپرستوں کو بتائیں۔ سیر کے دوران طلبہ کی دیکھ بھال کی ضرورت کے لیے چند سرپرستوں کا تعاون حاصل کریں۔ بچوں کو ضروری سامان ساتھ رکھنے کے لیے کہیں جیسے ٹوپی، پانی کی بوتل وغیرہ۔<br>۲) سیر کے دوران طلبہ کو مشاہدہ کرنے میں معاون نکات لکھ کر رکھ لیں۔ مخصوص الفاظ، عمل سے بچوں کو واقف کروانا ہو تو ان کا اندراج کر لیں۔<br>۳) بچوں کو دی گئی پیشگی اطلاع کے مطابق ہم وہاں کیا دیکھنے والے ہیں، اس کا کچھ اندازہ دیں۔ اس مقام/کام سے متعلق بچوں کے سوالات ہوں تو اسے درج کر لیں۔<br>۴) بچوں کو سیر کے مقام پر ہدایت دینے کی بجائے بات چیت کے ذریعے سیر کا صحیح مشاہدہ کرنے کے لیے کہیں۔<br>۵) بچوں کو سوالات کرنے اور مزید معلومات حاصل کرنے کی جانب راغب کریں۔ ممکن ہو تو خوشبو، لمس، مزہ وغیرہ کے تجربات حاصل کرنے میں مدد کریں۔ اس طرح سیر کے تجربات میں زیادہ سے زیادہ معنویت پیدا کریں۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** بعض طلبہ کے مشاہدے میں رکاوٹیں آ سکتی ہیں۔ اس طرح کے طلبہ کے مشاہدے کے لیے منصوبہ بند طریقۂ کار اپنایا جائے اور ان کی مدد کریں۔ ان سے سیر کے درمیان، پہلے اور بعد میں چند سوالات پوچھ کر مدد کریں۔ اسی طرح سیر سے قبل چند تصویریں بتا کر مشاہدہ کی پیشگی تیاری کی جا سکتی ہے۔ | | ۷ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 3.9 ECL1 : خود کا نام، دوستوں کے نام اور اپنے آس پاس کے ماحول کی چیزوں کے نام لکھنے میں دلچسپی ظاہر کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۶۶ : سیر پر بات چیت**<br>علاقے کی سیر کے بعد جب طلبہ جماعت میں آئیں تو سوال کریں کہ آپ نے کیا کیا دیکھا؟/ کیا مشاہدہ کیا؟/ آپ کو کیا محسوس ہوا؟ اور بات چیت کریں۔ انھیں اس سیر میں کیا پسند آیا؟ کیا نئی بات معلوم ہوئی؟ کس بات سے تعجب ہوا؟ کیا اس کے علاوہ اور کوئی سوال ذہن میں ہے؟ اس طرح کے سوالات اور ان کے سابقہ تجربات پر بات چیت کریں۔ | | ۴<br>۴، ۱۰ |
| | **عملی کام نمبر ۶۷ : علاقائی سیر - طلبہ کے لیے لکھائی**<br>۱) اس کے بعد بچوں کو مشاہدات/ تجربات کو انفرادی طور پر پوچھیں اور اسے بورڈ پر لکھیں۔ (طلبہ کو ایک یا دو جملوں میں بیان کرنے کے لیے کہیں) جس کا جملہ اس کا نام سامنے لکھیں۔<br>۲) جملے لکھتے وقت ہر لفظ کا تلفظ بلند آواز سے کرتے ہوئے جملہ بورڈ پر لکھیں۔<br>۳) اس کے بعد تمام جملے پڑھ کر سنائیں۔ کس نے کون سا جملہ کہا، بتانے کے لیے کہیں۔<br>۴) یہ جملے ایک چارٹ پیپر پر لکھ کر ایسے مقام پر آویزاں کریں کہ طلبہ آتے جاتے اسے دیکھ سکیں اور پڑھ سکیں۔<br>۵) چند دنوں بعد یہ جملے طلبہ کو دوبارہ پڑھ کر سنائیں۔<br>۶) کسی سیر کو جاتے وقت راستے میں تمھیں کون کون سے بورڈ نظر آئے، یہ سوال کریں۔ اس پر لکھا ہوا مواد بورڈ پر لکھیں اور اس کو پڑھیں۔ | | ۴، ۱۰ |
| | **عملی کام نمبر ۶۸ : خود کی زبان میں لکھنا**<br>سیر سے متعلق تصویریں بنانے اور ان تصویروں کے نیچے خود کی زبان میں اپنے تجربات لکھنے کے لیے کہیں۔ | | ۴، ۱۰ |
| | **عملی کام نمبر ۶۹ : لفظی کھیل - آواز کا کھیل**<br>معلم طے شدہ حرفوں کی آواز والی چیزوں کو جمع کرے۔ چیز بتائیں، چیز کا نام پوچھیں۔ کیا اس نام میں 'م' کی آواز آرہی ہے؟ اس طرح کا سوال کریں۔ اس کے بعد بچوں کو 'م' کی آواز والے الفاظ بتانے میں مدد کریں۔ اس کے لیے ہدایت پر مبنی سوالات کی فہرست تیار کریں۔ جیسے چوں چوں کرنے والا کون؟ پانی میں کون رہتی ہے؟ اسی سرگرمی کو دوبارہ دوسری آوازیں پہچاننے کے لیے استعمال کریں۔ جیسے ن ، ک وغیرہ | ایسی چیزیں/تصویریں جن کے نام میں 'م' شامل ہو، مثلاً چمچہ، رومال۔ 'ک' کا استعمال کریں تو کپ، کاغذ، کنگھا۔ | ۹، ۱۰، ۱۱ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- |
| ECL1 3.9 : خود کا نام، دوستوں کے نام اور اپنے آس پاس کے ماحول کی چیزوں کے نام لکھنے میں دلچسپی ظاہر کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۷۰ : لفظی کھیل - الفاظ کی ٹوکری**<br>الفاظ کی ٹوکری - ایک ٹوکری یا تھیلی میں بہت ساری چیزیں رکھیں۔اس میں 'م' کی آواز سے شروع ہونے والے یا جس کے نام میں 'م' شامل ہو، ایسی چیزیں رکھیں۔طلبہ کو انھیں پہچاننے کے لیے کہیں۔ | مختلف چیزیں، ان کی چھوٹی تصویریں (مچھلی کی، مگرمچھ کی تصویریں) بڑی ٹوکری/ باکس | ۹ ، ۱۰ ، ۱۱ |
| | **عملی کام نمبر ۷۱ : لفظی کھیل - ورک شیٹ**<br>ورک شیٹ پر 'م' آواز والی چیزوں کے اطراف دائرہ بنانے کے لیے کہیں۔اسی سرگرمی کو دوبارہ دوسری آوازیں پہچاننے کے لیے استعمال کریں۔جیسے ک ، ن وغیرہ۔ | ورک شیٹ نمبر - ۳۷، ۴۱، ۴۳ | ۹ ، ۱۰ ، ۱۱ |
| | **عملی کام نمبر ۷۲ : آزادانہ طور پر تصویر بنانا**<br>طلبہ کو ضروری وسائل دے کر، انھیں ان کی مرضی کی تصویر بنانے کے لیے کہیں۔(طلبہ کو کوئی عنوان یا دیکھ کر تصویر بنانے کے لیے تصویر نہ دیں)<br>دوسرے دن ان تصویروں کے نیچے خود کی زبان میں تصویر کی وضاحت لکھنے کے لیے کہیں۔ | کاغذ (ایک جانب کورا)، مومی قلم، واٹر کلر، بورڈ، سفید، رنگین کھریا، فرش | ۹ ، ۱۰ ، ۱۲ |
| | **عملی کام نمبر ۷۳ : کہانی کی تصویر بنانا**<br>بچوں کو اَن سنی کہانی پر مبنی تصویر بنانے کے لیے کہیں۔خود کی زبان میں لکھنے، تصویر کو نام دینے/ کہانی لکھنے کے لیے کہیں۔اس کے بعد معلم طلبہ کی تحریر کے نیچے ان سے دریافت کر کے کہانی دوبارہ لکھیں۔ | کاغذ، پنسل، کھریا، کتاب | ۵ ، ۹ ، ۱۰ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- |
| ECL1 3.9 : خود کا نام، دوستوں کے نام اور اپنے آس پاس کے ماحول کی چیزوں کے نام لکھنے میں دلچسپی ظاہر کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۷۴ : ہدایت سن کر تصویر بنانا**<br>۱) طلبہ کو ہدایت سن کر اس کے مطابق تصویر بنانے کے لیے کہیں۔ جیسے کاغذ کے درمیان میں ایک دائرہ بناؤ، دائرے پر ایک پھول بناؤ، دائرے کے نیچے ایک تارا بناؤ۔<br>۲) ہدایت آہستہ آہستہ مشکل/ پیچیدہ بناتے جائیں۔ | کاغذ، پنسل، کھریا، کتاب | ۶ ، ۸ |
| | **عملی کام نمبر ۷۵ : تہنیتی کارڈ بنانا اور اس پر مبارک باد لکھنا**<br>۱) طلبہ کو ضروری وسائل مہیا کر کے تہنیتی کارڈ تیار کرنے کے لیے کہیں۔<br>۲) تہنیتی کارڈ پر خود کی زبان میں مبارک باد لکھنے کے لیے کہیں۔ ضرورت کے لحاظ سے طلبہ کی مدد کریں۔ طلبہ سے پوچھیں کہ اس نے کیا لکھا ہے، اس کے بعد اس کے نیچے دوبارہ لکھیں۔ | کاغذ، پنسل، کھریا، کتاب | ۸ ، ۱۰ |
| | **عملی کام نمبر ۷۶ : فہرست تیار کرنا۔**<br>طلبہ کو کسی مقام سے متعلق چیزوں/ پسندیدہ کھانے کی چیزوں/ غذا کے لیے درکار سامان کی فہرست خود کی زبان میں لکھنے کے لیے کہیں۔ یہاں مختلف موضوعات دیے جاسکتے ہیں۔ جیسے باورچی خانہ، باغ۔ معلم طلبہ سے دریافت کر کے ان کی تحریر کے سامنے صحیح لفظ لکھیں۔ | کاغذ، پنسل، کھریا، کتاب | ۷ ، ۹ |
| | **عملی کام نمبر ۷۷ : خود کی کتاب تیار کرنا**<br>طلبہ کو ضروری وسائل فراہم کریں۔ ان کا استعمال کر کے ۴ صفحات/ ۶ صفحات کی کتاب تیار کرنے کے لیے کہیں۔ موضوع کا انتخاب طلبہ خود کر سکتے ہیں۔ میرا خاندان یا میں کیسا ہوں؟ مجھے کیا پسند ہے یا ہمارے مہمان وغیرہ۔ | کاغذ، پنسل، کھریا، کتاب | ۷ ، ۹ |
| | **عملی کام نمبر ۷۸ : آب و ہوا کے لحاظ سے تصویر بنانا۔ اس کی وضاحت خود کے الفاظ میں کرنا**<br>طلبہ کو جماعت کے باہر روانہ کر کے آج کا موسم (آب و ہوا) کیسی ہے، اس کا مشاہدہ کرنے کے لیے کہیں۔ اس کی تصویر بنا کر اس سے متعلق خود کے الفاظ میں موسم کیسا ہے، لکھنے کے لیے کہیں۔ مسلسل پانچ دن تک اندراج کرنے | کاغذ، پنسل، کھریا، کتاب | ۱۲ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| | کے لیے کہیں۔ پانچویں دن بچوں کو اپنے اندراج پیش کر کے ہفتہ بھر موسم کیسا رہا، اس سے متعلق نتیجہ اخذ کرنے کے لیے کہیں۔<br>آسمان کیسا نظر آتا ہے؟ گرمی ہے یا بادل ہے؟ کیا موسم ٹھنڈا ہے؟ ہوا صاف ہے یا کہر زدہ ہے؟ اس طرح کے سوالات کے ذریعے چند نکات مشاہدہ کے لیے دیے جاسکتے ہیں۔ | | |
| 3.9 ECL1 : خود کا نام، دوستوں کے نام اور اپنے آس پاس کے ماحول کی چیزوں کے نام لکھنے میں دلچسپی ظاہر کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۷۹ : طلبہ کو ان کی پسندیدہ کتاب کی تصویر دیکھ کر/ بغیر دیکھے بنانے کے لیے کہیں اور اس سے متعلق لکھنے کے لیے کہیں**<br>طلبہ کو گوشۂ مطالعہ سے اپنی پسند کی کتاب لا کر اس کی تصویریں بنانے کے لیے کہیں۔ تصویروں کی بنیاد پر کہانی لکھنے کی ترغیب دیں۔ اس کے بعد معلم طلبہ کی اپنی زبان میں لکھی کہانی سے متعلق پوچھ کر معیاری زبان میں کہانی لکھیں۔ | کاغذ، پنسل، کھریا، کتاب | ۶ |
| | **عملی کام نمبر ۸۰ : پسندیدہ چیز کی تصویر بنا کر اس سے متعلق خود کی زبان میں وضاحت کرنا**<br>طلبہ کو ان کی کوئی پسندیدہ چیز سامنے رکھنے کے لیے کہیں۔ چیز کو دیکھ کر اس کی تصویر بنانے کے لیے کہیں اور اس سے متعلق وضاحت اپنی خود کی زبان میں لکھنے کے لیے کہیں۔ یہ چیز کیا ہے؟ اور یہ چیز کیوں پسند ہے؟ کون سی چیز ناپسند ہے؟ اس طرح کے سوالات کے جواب لکھنے میں طلبہ کی مدد کریں۔ جیسے کسی بچے کا بستہ، اس کا رنگ پسند ہے یا وہ اس لیے پسند ہے کہ وہ میری نانی جان نے مجھے تحفے میں دیا ہے۔ | کاغذ، پنسل، کھریا، کتاب | ۸ ، ۱۲ |
| | **عملی کام نمبر ۸۱ : پسندیدہ شخصیت کی تصویر بنانا اور خود کی زبان میں اس کے بارے میں لکھنا**<br>طلبہ سے کہیں کہ وہ اپنی پسندیدہ شخصیت کی تصویر بنائیں۔ اس تصویر میں موجود شخص کی کون سی بات پسند ہے لکھنے کے لیے کہیں۔ اس میں بچوں نے ان کے گھر کے جانور، پرندوں کا بھی تذکرہ کیا ہو تو اس کی تعریف کر کے اسے قبول کریں۔ | کاغذ، پنسل، کھریا، کتاب | ۱۲ |

## ہدف ۳ : طلبہ فعال سیکھنے والے بنتے ہیں اور ان کے اطراف کے ماحول سے جڑ جاتے ہیں (Involved Learner)

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| IL-3.1 : اپنے اطراف کے ماحول کی معلومات حاصل کرنے کے لیے اور اس کا مشاہدہ کرنے کے لیے تمام حسی اعضا اور دیگر اعضا کا استعمال کرتے ہیں۔ | **عملی کام نمبر ۱ : موسمی جدول**<br>تعلیمی وسائل میں دیا ہوا موسموں کا چارٹ بنائیں۔طلبہ کو روزانہ جماعت کے باہر مشاہدہ کرنا چاہیے اور اس کا جدول میں اندراج کرنا چاہیے۔ (رہنمائے معلم ،صفحہ نمبر۲۰) | چارٹ پیپر، اسکیچ پین، ربر، قینچی | ۱ |
| | **عملی کام نمبر ۲ : آواز سننا اور پہچاننا**<br>۱) طلبہ کو نصف دائرے میں بٹھایا جائے۔<br>۲) طلبہ سے کہا جائے کہ وہ آنکھیں بند کرلیں اور جماعت کے اندر اور اس کے ارد گرد کی آوازوں کو غور سے سنیں۔<br>۳) اس بات پر بحث کی جائے کہ آپ نے کون سی آواز سنی ہے۔<br>۴) موبائل اور اسی طرح کے آلات کا استعمال کرکے مختلف آوازیں سنائی جائیں۔<br>۵) ان سے آواز کی شناخت کرنے کو کہیں۔<br>۶) کیا آپ ایسی آواز نکال سکتے ہیں؟ اس کی کوشش کریں۔طلبہ کو بتائیں۔ (مثلاً موبائل پر مختلف جانوروں، پرندوں کی آوازیں سنی جاسکتی ہیں)<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** اگر کچھ طلبہ آواز کو صحیح طریقے سے پہچاننے سے قاصر ہیں تو انھیں یہ سمجھنے کے لیے کچھ اور آوازیں سننے کی ضرورت ہے کہ وہ آواز کیوں نہیں پہچانتے۔اگر اسے پھر بھی آواز سننے اور پہچاننے میں دشواری ہو تو طالب علم کو سننے میں دشواری ہوتی ہے۔اس تعلق سے سرپرست سے بات چیت کی جائے۔ | موبائل یا دستیاب وسائل<br><br>ڈبا، شکر، چاول، گوٹیاں، پتھر، گھنگھرو | ۱ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- |
| IL 3.1 : اطراف واکناف کے ماحول کی معلومات حاصل کرنے کے لیے اوراس کا مشاہدہ کرنے کے لیے حسی اعضا یا اعضا کا استعمال کرتے ہیں۔ | **عملی کام نمبر ۳ : ''بتاؤ بتاؤ، جلدی بتاؤ، کون سا رنگ چاہیے بتاؤ''**<br>**یہ کھیل (ٹیپی ٹیپی ٹپ ٹاپ)**<br>۱) طلبہ کو میدان میں لے جانا چاہیے یا اس کھیل کو بغیر بینچ والی جماعت میں بھی کھیلا جاسکتا ہے۔<br>۲) آج ہم 'ٹیپی ٹیپی ٹپ ٹاپ' یہ کھیل کھیلنے جا رہے ہیں۔ آپ 'بتاؤ بتاؤ، جلدی بتاؤ، کون سا رنگ چاہیے بتاؤ' اس طرح پوچھیں۔ پھر میں ایک رنگ کہوں گا جیسے - لال۔ پھر آپ کسی لال رنگ کی چیز کو چھوئیں گے۔ جس کو لال چیز نہیں ملے گی اس پر راج آئے گا۔ وہ آگے کا رنگ بتائے گا۔ اس طرح کھیل سے متعارف کروایا جائے۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** کھیل دوست (play buddy) مخصوص ضرورت والے طلبہ کو کھیل دوست (play buddy) دیا جائے۔ | مختلف رنگوں کی چیزیں | ۱ |
| | **عملی کام نمبر ۴ : اناج اور دالوں کا تعارف**<br>۱) الگ الگ کٹوریوں میں مختلف قسم کے اناج رکھیں۔ جیسے چاول، گیہوں، مختلف قسم کی دالیں، باجری، ناچنی، جوار وغیرہ۔<br>۲) طلبہ کو ہر ایک اناج دِکھائیں اور درج ذیل سوالات پوچھیں : اسے کیا کہتے ہیں؟ اس سے کیا کیا بنتا ہے؟ یہ کون سے رنگ کا ہے؟ اس کی شکل کیسی ہے؟ جب آپ اسے چھوتے ہیں تو کیسا محسوس ہوتا ہے؟<br>۳) طلبہ کو سوچنے اور جواب دینے کے لیے وقت دیں۔<br>۴) درست جواب دہرائیں اور اس کی باریکی کی طرف توجہ دیں۔ جیسے باجری ایک طرف سے سرمئی اور ایک طرف سے سفید ہوتی ہے۔<br>۵) آگے بڑھیں اور دو اناج کے درمیان پائے جانے والے فرق پر توجہ دیں۔ جیسے کیا مونگ دال اور ماش کی دال ایک جیسی ہے؟ کیا فرق نظر آتا ہے؟ یا جوار اور ناچنی دونوں گول ہیں تو دونوں میں کیا فرق ہے؟ بچوں کو مشاہدہ کر کے بولنے پر آمادہ کریں۔ | مختلف اناج اور دالیں | ۱، ۲ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| IL 3.1 : اطراف و اکناف کے ماحول کی معلومات حاصل کرنے کے لیے اور اس کا مشاہدہ کرنے کے لیے حسی اعضا یا اعضا کا استعمال کرتے ہیں۔ | ٦) اساتذہ کو نئے الفاظ شامل کرنے چاہئیں۔ ایسے سوالات پوچھیں جو مشاہدے میں مدد کریں گے۔ اگر آپ کو صحیح جواب نہیں ملتا ہے تو آپ کو خود ہی جواب دینا چاہیے۔<br>٧) آخر میں جائزہ لیں۔<br>٨) اناج کو کٹوریوں میں کچھ دنوں تک رکھ دیں۔ پھر اسے پلاسٹک کی تھیلیوں میں ڈال کر اس کے نیچے نام لکھیں اور ایک جدول بنا کر جماعت میں ایسی جگہ لگا دیں کہ جسے طلبہ آسانی سے دیکھ سکیں۔ | | |
| | **عملی کام نمبر ۵ : پھلوں اور سبزیوں کی شناخت**<br>طلبہ سے کہا جائے کہ وہ پھلوں اور سبزیوں کی شناخت کریں جیسا کہ ورک شیٹ میں دیا گیا ہے۔ جماعت میں بحث کرائیں۔ | ورک شیٹ نمبر ۲، پنسل | ۱ |
| | **عملی کام نمبر ٦ : رنگوں کی شناخت**<br>طلبہ سے کہا جائے کہ وہ ورک شیٹ میں دیے گئے رنگوں کو مختلف شکلوں میں بھریں۔ | ورک شیٹ نمبر ۱ ، کلر چاک | ۱ |
| | **عملی کام نمبر ٧ : آؤ کھیلیں (ذائقے کی پہچان)**<br>۱) ایک بڑی ٹرے میں یا مختلف کٹوریوں میں مختلف ذائقے والے کھانے لیں۔ کٹوریوں کو ڈھانپ دیا جائے۔<br>۲) ایک طالب علم کی آنکھوں پر پٹی باندھ دی جائے اور اسے ایک ایک کھانا منہ میں ڈال کر اس کو پہچاننے کے لیے کہا جائے۔ اس کا ذائقہ کیسا لگا، یہ بتانے کے لیے کہیں۔ (ذائقہ بتاتے وقت، کھانے کا نام بتاتے وقت، ان کی گھریلو زبان کو قبول کیا جائے۔ احتیاط سے پوچھیں۔)<br>۳) پہلے طالب علم سے ۵ سے ٦ کھانے کی چیزیں پہچاننے کے لیے بولنے کے بعد دوسرے طلبہ کے لیے طالب علم یہ کھیل لیں گے۔ ایسا کرتے ہوئے ذائقہ/ کھانے کا نام صحیح بتایا یا نہیں یہ طلبہ کو طے کرنے کے لیے کہیں۔<br>۴) طلبہ کو کہا جائے کہ وہ اس کھیل کو دوسرے دن کے لیے دو گروہوں میں تیار کریں۔ اگر گروپ میں سے ایک طالب علم ذائقے کو نہیں پہچانتا تو دوسرے طالب علم کو موقع دیا جائے گا۔ گروپ کے تمام طلبہ سے کہا جانا چاہیے کہ وہ کسی ایک مادّے کی شناخت کریں۔ وہ گروپ جو سب سے زیادہ ذائقے کی شناخت کرتا ہے جیت جاتا ہے۔ | لیمو، نمک، شکر، پھٹکری، املی کے بیج، کریلا، پیاز، لہسن وغیرہ | ۱ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| IL 3.1 : اطراف واکناف کے ماحول کی معلومات حاصل کرنے کے لیے اور اس کا مشاہدہ کرنے کے لیے حسی اعضا یا اعضا کا استعمال کرتے ہیں۔ | ۵) کھانے میں روزانہ استعمال کی جانے والی چیزیں لیں جیسے گڑ، شکر، نمک، کڑی پتہ، لیمو، ٹماٹر، املی، لہسن، ادرک، ککڑی، گاجر، میتھی، پالک کی بھاجی، کوتمیر، روٹی کا ٹکڑا (گیہوں اور جوار کی)، چاول، بسکٹ کا ٹکڑا، آنولہ وغیرہ۔<br>۶) کچھ مخصوص علاقوں کی سبزیاں ہوں، اگر پکے ہوئے کھانے ہوں تو انھیں بھی اس میں شامل کیا جاسکتا ہے۔ | | |
| | **عملی کام نمبر ۸ : آؤ، پہچانتے ہیں کہ یہ کس کی 'بو' ہے**<br>۱) ذائقے کی شناخت، کھیل کی طرح فوراً 'بو' آنے والی اور آسانی سے پہچان سکے ایسی چیزوں کو جمع کر کے 'بو' پہچاننے کا کھیل لیا جاسکتا ہے۔ طلبہ نے سونگھ کر چیزوں کے نام بتانا ہے۔<br>۲) اگر اسے سونگھنے سے نہیں پہچانا جاسکتا تو اسے بعد میں چکھا یا چھوا جاسکتا ہے (مثلاً پھول، لہسن، پیاز، لیمو، پودینہ، کڑی پتہ، اچار وغیرہ)<br>۳) اس کھیل کو طلبہ اور اساتذہ کے لیے یا سرپرستوں کی میٹنگ میں سرپرستوں کے لیے بھی لیا جاسکتا ہے۔<br>۴) ہر قسم کی 'بو' کو ایک ساتھ سونگھنے کی اجازت نہیں دینی چاہیے۔ زیادہ سے زیادہ ایک وقت میں ۳ یا ۴ خوشبو کو سونگھایا جائے۔ | لہسن، وِکس، ڈیٹال، پیاز، کافور، ہنگ، عطر، صابن وغیرہ۔ | ۱ |
| | **عملی کام نمبر ۹ : مختلف اشیا کو چھوکر پہچاننا**<br>۱) معلم طلبہ کے گروپ بنائے۔ طلبہ کا ایک گروپ اسکول کے میدان میں گھوم کر کچھ اشیا جمع کرے گا (مثلاً پتھر، پھول، درخت کے پتے، آس پاس اُگنے والی ترکاری، جماعت کی کچھ اشیا وغیرہ)<br>۲) تمام اشیا کو ایک تھیلی یا پٹھے کے بکس میں رکھا جائے۔<br>۳) دوسرے گروپ کے طلبہ کی آنکھوں پر پٹی باندھی جائے اور ان سے اشیا کو چھونے اور ہاتھ سے چھوکر پہچاننے کے لیے کہا جائے۔<br>۴) پھر اسی کھیل کو دوسرے گروپ کے لیے لیا جاسکتا ہے۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے :** اگر معذور طالب علم ہو تو اس کو اس عمل کو کرنے کے لیے جوڑی دار دیا جائے۔ | مختلف اشیا جیسے کپڑا، اون، پتھر، گیند، پتے وغیرہ۔ | ۲ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- |
| IL 3.1 : اطراف واکناف کے ماحول کی معلومات حاصل کرنے کے لیے اوراس کا مشاہدہ کرنے کے لیے حسی اعضا یا اعضا کا استعمال کرتے ہیں۔ | **عملی کام نمبر ۱۰ : ماحول میں پائے جانے والے پھولوں کی شناخت**<br>۱) طلبہ کو باہر جا کر اپنے آس پاس کون کون سے پھول نظر آتے ہیں، یہ دیکھ کر آنے کے لیے کہا جائے۔ آس پاس پھول نہ ہونے پر اگلے دن کے لیے بچوں کو کہا جائے کہ اپنے آس پاس نظر آنے والے پھول دیکھ کر آ ۓ۔ ممکن ہو تو ایک ایک پھول نمونے کے طور پر ساتھ لائیں۔ یہ عمل کرتے وقت قریب میں رہنے والے بچوں کی جوڑی بنائی جائے اور انھیں ایک ساتھ مل کر پھول لانے کے لیے کہا جائے۔<br>۲) تمام طلبہ سے کہا جائے کہ وہ پھول ایک ساتھ رکھیں اور ایک جیسے پھولوں کے گروہ بنائیں۔<br>۳) پھر ایک ایک کر کے پھول کہاں سے ملے؟ اس کا نام کیا ہے؟ اس کی خوشبو کیسی ہے؟ کیا یہ کبھی کبھی اُگتا ہے؟ اس کا کیا استعمال کرتے ہیں؟ ایسے سوالات کے ذریعے پھولوں کا تعارف کروائے۔ | ماحول میں پائے جانے والے پھول | ۲ |
| IL 3.2 : آس پاس کے ماحول میں پائی جانے والی چیزیں، سامان، آوازیں، اشخاص، تصاویر، جانور، پرندے اور واقعات وغیرہ کو انھیں ان کے ناموں کے ساتھ شناخت کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۱۱ : ماحول میں پائے جانے والے جانور**<br>**پالتو اور جنگلی جانوروں کو پہچاننا**<br>۱) طلبہ کو نیم دائرے میں بٹھایا جائے۔<br>۲) جنگل میں رہنے والے جانوروں کو جنگلی جانور کہا جاتا ہے اور جن جانوروں کو گھر میں پالتے ہیں انھیں پالتو جانور کہتے ہیں۔ اتنا بتا کر ورک شیٹ نمبر ۸، ۹، ۱۰ دیکھنے دیا جائے۔<br>۳) ورک شیٹ کے مطابق جانوروں کی تصویریں کاٹ کر جنگل کی تصویر (ورک شیٹ نمبر ۱۰) میں چسپاں کریں۔ پھر پالتو جانوروں کی تصویر گھر کی تصویر (ورک شیٹ نمبر ۹) میں چسپاں کرنے کے لیے کہا جائے۔ ہر طالب علم کو اپنا اپنا کام کرنے دیا جائے۔ طلبہ کو جانوروں کی درجہ بندی کرنے میں دشواری پیش آئے تو ان کی مدد کریں۔<br>۴) تمام طلبہ کا کام مکمل ہونے کے بعد ہر ایک جانور کے نام پر بحث کی جائے۔ جیسے: یہ جانور جنگلی جانور کیوں؟ وہ کیا کھاتا ہے؟ وہ سارا دن کیا کرتا ہے؟ وہ اپنی حفاظت کیسے کرتا ہے؟ آپ نے اسے کہاں دیکھا ہے؟ براہِ راست یا ٹی وی پر؟ | ورک شیٹ نمبر ۸، ۹، ۱۰ قینچی، رنگین چاک، گوند، مومی قلم | ۳ |

| ہفتہ نمبر | درکار وسائل | ہدایات برائے اساتذہ | آموزشی ماحصل |
| --- | --- | --- | --- |
| | | ۵) ان جانوروں کی کون سی بات آپ کو پسند آئی؟ اور کس چیز سے ڈر لگتا ہے؟ جیسے رنگ پسند ہے، ناخن سے ڈر لگتا ہے۔ | |
| ۳، ۵ | پانی بھری ہوئی بوتل/ ٹب/ کاغذ کے ٹکڑے/ پلاسٹک کے ٹکڑے، پتھر، سکے، درخت کے پتے، پھول وغیرہ۔ | **عملی کام نمبر ۱۲ : تیرنا/ ڈوبنا**<br>۱) میدان میں پانی کی ایک بالٹی یا پانی کا بڑا ٹب بھر کر رکھیں۔ طلبہ کو میدان میں لے جائیں اور انھیں بتائیں کہ آج ہم یہاں ایک کھیل کھیلنے جا رہے ہیں۔<br>۲) طلبہ سے کہا جائے کہ وہ ایک ایسی چیز لے آئے جو میدان میں رکھی بالٹی میں ڈال سکیں۔ جڑیں، پتے، پتھر، تیلی، لکڑی وغیرہ۔<br>۳) اساتذہ کو چاہیے کہ وہ لکڑی کے مکعب، پلاسٹک کی بوتل کے ڈھکن وغیرہ، تیرنے اور ڈوبنے والی اشیا کو اپنے پاس رکھیں۔<br>۴) تمام اشیا کو ایک ساتھ رکھیں اور ہر ایک طالب علم کو ایک شے کو بالٹی میں ڈالنے کے لیے کہیں۔<br>۵) تمام بچوں کو مشاہدہ کرنے کے لیے کہیں۔<br>۶) اشیا پانی میں تیرتی ہیں یا ڈوبتی؟ کیوں؟ ان سوالات پر بحث ہونی چاہیے۔ تیرنے اور ڈوبنے کے تصور سے طلبہ کو آگاہ کیا جائے۔ | |
| ۴، ۵ | پانی کے گلاس، مٹی، ہرا، نیلا، لال رنگ، نمک، شکر کی چھوٹی پڑیاں | **عملی کام نمبر ۱۳ : پانی کا رنگ اور حل ہونا**<br>۱) اساتذہ کو چاہیے کہ وہ کچھ طلبہ کو آدھا گلاس پانی دیں۔<br>۲) طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم پانی کی کچھ مزیدار باتیں دیکھیں گے۔ طلبہ کے ہاتھ میں ایک ایک پوڑی دی جائے۔ (ان پوڑیوں میں نیلا، لال، ہرا رنگ، نمک، شکر، مٹی وغیرہ اشیا ہوں گی)<br>۳) معلم کہے : ''تمھیں دی ہوئی پوڑی کھولو۔ پوڑی میں کیا ہے؟ یہ ہر ایک سے پوچھے۔ متوقع جوابات آنے پر طلبہ کو بتائیں کہ اپنی پوڑی میں جو شے ہے اسے پانی میں ڈال دو۔ پانی گرے نہیں اس احتیاط کے ساتھ وہ شے پانی میں ملائے۔<br>۴) ہر ایک سے پوچھیں کہ پانی میں کیا تبدیلیاں دیکھی گئی ہیں۔ | |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- |
| | ۵) رنگ بدلا ہے تو کیوں بدلا؟ پہلے پانی کا رنگ کیسا تھا؟ اس پر بحث کی جائے۔ شے پانی میں غائب ہوگئی یعنی حل ہوگئی۔ طلبہ کو یہ جواب حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ آپ ان سے یہ بھی پوچھ سکتے ہیں کہ ایسی کون کون سی اشیا پانی میں حل ہوجاتی ہیں۔ | | |
| IL 3.3 (A) : بیک وقت دیکھی ہوئی گئی چیزوں میں سے ۵-۴ چیزیں یادداشت کے سہارے بتاتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۱۴ : یادرکھیں**<br>۱) آج ہم ایک کھیل کھیلنے جارہے ہیں کہ کس کو کتنا یاد رہتا ہے۔ میں تمھیں کچھ چیزیں دکھاؤں گا اور پھر ان کو ڈھانک کر رکھوں گا۔ تم تمام چیزیں یاد کر کے بتاؤ۔<br>۲) اب انفرادی طالب علم کو آگے بلائیں۔<br>۳) پانچ تا چھے اشیا ٹرے یا ایک کونے میں رکھ دیں جیسے پتے، پھول، ڈسٹر، لوٹا، اسکیل، طالب علم کو ایک منٹ کے لیے اشیا دیکھنے دیں۔ بعد میں اس کو ڈھانک دیں۔<br>۴) طالب علم کو دیکھی ہوئی اشیا کے نام بتانے کے لیے کہیں۔<br>۵) طلبہ سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ اشیا یاد رکھیں اور بتائیں۔<br>۶) کچھ طلبہ ہونے کے بعد اشیا کے سیٹ کو تبدیل کریں۔<br>**مخصوص ضرورت والے بچوں (CWSN) کے لیے** : اگر کچھ طلبہ کو یاد رکھنا مشکل ہو تو اشیا کی تعداد کو کم کردیں۔ | مختلف روزمرہ استعمال کے بچوں کے ماحول میں موجود چیزیں، چیزوں کو ڈھانکنے کے لیے کپڑا | ۱ |
| | **عملی کام نمبر ۱۵ : تصویر میں فرق کی نشاندہی کرنا**<br>طلبہ کو دو ایک جیسی نظر آنے والی لیکن تھوڑے سے فرق والی تصویروں میں سے فرق بتانے کے لیے کہیں۔ اس کے لیے ورک شیٹ میں دی ہوئی تصویریں اور اخبار میں چھوٹے بچوں کے صفحے پر آنے والی تصویروں کا بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ | ورک شیٹ نمبر ۵، ۶ | ۲ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| IL 3.3 (ب) : دی ہوئی پہچان کی چیزیں- تصویر میں نامکمل یا باقی ماندہ ۳ سے ۵ حصے پہچانتا ہے- | **عملی کام نمبر ۱۶ : منظر والی تصویر میں چھپی ہوئی تصویریں تلاش کرو۔**<br>بڑی تصویر کا حصہ بننے والی چھوٹی چھوٹی تصویریں تلاش کرنے کے لیے کہیں۔ | ورک شیٹ ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۵ | ۳ |
| | **عملی کام نمبر ۱۷ : تصویر کا نامکمل (ادھورا) حصہ پہچانو۔**<br>معلم طلبہ سے کہیں کہ وہ انھیں دی ہوئی تصویریں دیکھو اور نامکمل حصوں کی نشاندہی کرو۔ اس حصے کی تصویر بنا کر تصویر کو مکمل کرنے کو کہیں۔ | ورک شیٹ نمبر ۱۷ | ۴ |
| | **عملی کام نمبر ۱۸ : تصویر میں موجود لطف اندوزی کی شناخت**<br>اساتذہ کو چاہیے کہ وہ طلبہ کو لائحۂ عمل کے خاکے میں دی ہوئی تصویر دِکھائیں اور ان سے غلط حصے کی نشاندہی کرنے کے لیے کہیں۔ | ورک شیٹ نمبر ۱۸ | ۴ |
| | **عملی کام نمبر ۱۹ : ایک کی ایک سے مطابقت - سے زیادہ**<br>۱) طلبہ کے دو یکساں گروہ بنا کر ان کو گروپ میں بٹھائیں۔ ۲) سامنے دو ٹوکریوں میں مختلف پینسلیں اور کچھ ربر رکھیں۔<br>۳) طلبہ کے سامنے دونوں ٹوکریاں رکھ کر پنسل یا ربر میں کون زیادہ ہے پوچھیں۔ طلبہ کو اندازہ لگانے کا موقع دیں اور کہیں کہ اب ہم دیکھیں گے۔<br>۴) ایک گروپ کے طلبہ کو ایک ایک پنسل اُٹھانے اور دوسرے گروپ کے طلبہ کو ایک ایک ربر اٹھانے کے لیے کہیں اور ربر اور پنسل دونوں کی جوڑی بنا کر کھڑے رہنے کے لیے کہیں۔<br>۵) باقی کیا رہ گیا پنسل، یعنی پنسل کی تعداد ربر سے زیادہ ہے۔<br>۶) اسی طرح مختلف چیزیں لے کر ایک سے ایک کی جوڑی لگانے کا موقع دیا جائے اور کم اور زیادہ کا تصوّر واضح کیا جائے۔ | دو ٹوکریاں، پینسلیں، ربر، کھریا وغیرہ | ۵، ۶ |
| IL 3.4 : دو گروہ میں ۵ تا ۶ چیزوں کی ایک سے ایک کی جوڑی لگاتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۲۰ : ایک کی ایک سے مطابقت - سے کم**<br>۱) طلبہ کو نصف دائرے میں بٹھایا جائے۔<br>۲) پانچ پین اور تین ربر لیں۔<br>۳) دونوں سیٹ طلبہ کے سامنے رکھ کر پوچھیں پنسل زیادہ ہیں یا ربر؟ طلبہ کو اندازہ لگانے دیں۔ آ ؤ، اب جوڑیاں لگا کر دیکھیں، ایسا کہہ کر جوڑیاں لگائیں۔ | بیاض، پنسل، پتے، پتھر، بلّے، ربر وغیرہ۔ | ۵، ۶ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| IL 3.4 : دو گروہ میں ۵ تا ۶ چیزوں کی ایک سے ایک کی جوڑی لگاتا ہے۔ | ۴) ایک پنسل ایک ربر، ایک پنسل ایک ربر یہ کہتے ہوئے پنسل اور ربر کی ایک ایک جوڑی بنائیں۔ باقی بچے ہوئے پنسل دِکھائیں اور پوچھیں کیا ان پینسلوں کی جوڑی کے لیے کوئی ربر باقی رہا ہے؟ نہیں یعنی ربر پنسل سے کم ہیں۔ اس طرح کہیں۔ طلبہ کو کہنے کے لیے کہیں۔ یہی عمل طلبہ سے کروائیں۔ بیان کو دہرائیں۔<br>۵) اب طلبہ کو درج ذیل سیٹ دیا جائے : چار ربر، چھے پنسل، دوبارہ انداز لگانے کے لیے کہیں اور جوڑیاں لگانے کے لیے کہیں۔ بیان کو دہرایا جائے۔ | | |
| | **عملی کام نمبر ۲۱ : ایک کی ایک سے مطابقت - برابر برابر**<br>۱) طلبہ کو نصف دائرے میں بٹھائیں۔<br>۲) پانچ پنسل اور پانچ ربر۔<br>۳) دونوں چیزیں طلبہ کے سامنے رکھ کر پوچھیں کہ پنسل زیادہ یا ربر؟ طلبہ سے اندازہ لگانے کہیں۔ اب ہم دیکھیں گے ...اس طرح کہہ کر جوڑیاں لگائیں۔<br>۴) ایک پنسل ایک ربر، ایک پنسل ایک ربر، اس طرح کہہ کر پنسل اور ربر کی جوڑیاں لگائی جائیں۔ کچھ بچا کیا؟ نہیں۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اتنے ہی پنسل ہیں جتنے ربر ہیں۔ یہ عمل طلبہ سے کروائیں۔ بیان کو دہرائیں۔<br>۵) اب طلبہ سے چھے ربر اور چھے پنسل کا سیٹ شامل کرنے کے لیے کہا جانا چاہیے۔ دوبارہ اندازہ لگائیں اور جوڑیاں لگائیں۔ بیان کو دہرائیں۔ | بیاض، پنسل، پتے، پتھر، بلّے، ربر وغیرہ۔ | ۵، ۶ |
| | **عملی کام نمبر ۲۲ : بیان کے لحاظ سے اشیا ترتیب دینا**<br>۱) طلبہ کی کافی مشق ہونے کے بعد اب مختلف اشیا کا سیٹ ان کے سامنے رکھیں۔ اب میں جملے کہوں گا، تم اشیا کو اس ترتیب میں رکھو، اس طرح کہیں۔<br>۲) ایک مثال دیں : میں نے کہا ربر، ڈھکن سے زیادہ ہے۔ اب میں جوڑیاں لگاتا ہوں۔ ایک ڈھکن ایک ربر، اس طرح کہہ کر کچھ جوڑیاں لگائیں۔ اور دو/ تین ربر جوڑیوں کے بازو رکھیں۔ دیکھو ڈھکن سے زیادہ ربر ہیں۔ | بیاض، پنسل، پتے، پتھر، بلّے، ربر، ڈھکن وغیرہ۔ | ۶ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| IL 3.4 : دو گروپ میں ۵ تا ۶ چیزوں کی ایک سے ایک کی جوڑی لگانا۔ | ۳) اہم بات یہ ہے کہ ہم طلبہ سے گنتی کرنے کی توقع نہیں کرتے۔ اس لیے ایک دو اس طرح نہیں گنا جائے۔ یہ طلبہ پر منحصر ہے کہ وہ کتنی چیزیں لیتے ہیں۔<br>۴) لیکن چیزوں کے سیٹ میں ۱۰ سے زیادہ چیزیں نہیں رکھی جانی چاہیے۔ ۱۰ پنسل، ۱۰ ڈھکن، ۱۰ ربر اس طرح رکھیں۔<br>۵) سے کم - سے زیادہ، برابر ... تمام بیانات کے لیے یہ کھیل لیا جائے۔ | | |
| | **عملی کام نمبر ۲۳ : دی ہوئی تصویر سے طے کرنا کہ بیان صحیح ہے یا غلط**<br>ورک شیٹ : دی ہوئی چیزوں کی جوڑیاں لگاؤ۔ اور اگر بیان صحیح ہے تو اس پر صحیح کا نشان لگاؤ۔ اگر یہ غلط ہے تو غلط نشان لگاؤ۔ | ورک شیٹ نمبر ۳۰ ، ۳۱ | ۷ |
| | **عملی کام نمبر ۲۴ : بیان پر منحصر تصویر بنانا**<br>جیسے بیان کے لحاظ سے چیزوں کی ترتیب لگانے کا کھیل کھیلا گیا اسی طرح اب بیان پر منحصر تصویر بنانے کے لیے کہا جائے۔ (طلبہ آسانی سے اور جلدی تصویر بنا سکیں ایسے چیزوں کو بیان میں کہا جائے) | کاغذ پنسل | ۵ |
| | **عملی کام نمبر ۲۵ : کتنے سے کم، کتنے سے زیادہ**<br>۱) جب طلبہ پانچ تک گننا شروع کریں، جوڑیاں لگانے کے بعد باقی رہ جانے والے کتنی پینسلیں ہیں، اس کے مطابق ربر سے پنسل تین زیادہ ہے، اس طرح کہیں۔<br>۲) مثالیں دیتے وقت میرے پاس کچھ ربر ہیں اور ربر سے زیادہ کنکر تین زیادہ ہیں۔ ایسے بیان کہہ کر چیزوں کو ترتیب میں رکھنے کے لیے کہیں۔ اس کی مشق کے کچھ دنوں بعد بیان پر منحصر تصویر بنانے کے لیے کہیں۔<br>۳) اس کی مشق کے بعد میرے پاس پانچ ربر ہیں، ربر سے تین کنکر زیادہ ہیں، ایسا بیان دیں۔ اور چیزوں کو ترتیب میں لگانے کے لیے کہیں۔ کچھ دنوں کے بعد انھیں بیان پر منحصر تصویریں بنانے کے لیے کہیں۔ | بیاض، پنسل، پتے، پتھر، بلّے، ربر وغیرہ۔ | ۱۰ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- |
| IL 3.5 : تین خصوصیات کی بنیاد پر اشیا کا موازنہ اور درجہ بندی کرتا ہے۔ مثلاً شکل، ناپ اور رنگ وغیرہ۔ چیزوں کا مقام متعلقہ/ مقام بتانے والے مناسب الفاظ استعمال کرکے چیزوں کے بارے میں بیان کرتا ہے مثلاً بازو میں، اندر، نیچے وغیرہ۔ | **عملی کام نمبر ۲۶ : آج کی شکل**<br>ا) شکلوں کی شناخت کے ہفتہ کے دوران بورڈ پر روزانہ ایک شکل کا کارڈ لگائیں۔ طلبہ کو اس کا نام اور اس شکل کی کچھ چیزیں بتائی جائیں۔<br>۲) طلبہ سے کہیں کہ وہ اس طرح کی شکل کی اشیا جماعت میں یا جماعت سے باہر تلاش کریں۔ یا اس کی تصویر/ رکھی ہوئی اشیا بنانے کے لیے کہیں۔<br>۳) اسکول سے گھر جاتے وقت اور گھر سے اسکول آتے وقت تمھیں اس شکل کی کون کون سی چیزیں/ اشیا نظر آئیں؟ اس پر بحث کروائیں۔ | مختلف شکل کے کارڈ (گول، چوکون، مثلث، مستطیل) | ۲ |
| | **عملی کام نمبر ۲۷ : مختلف اشیا کا استعمال کرتے ہوئے شکلیں بنانا**<br>ا) شروع میں وہی شکل جو آج جماعت میں بورڈ پر لگائی گئی تھی، چاک سے زمین پر کھینچی جائے۔<br>۲) طلبہ کچھ اشیا (مثلاً پتھر، پتے، پھول، بیج وغیرہ) لا سکتے ہیں اور شکل پر رکھنے کے لیے کہیں۔ | چاک، درخت کے پتے، بیج وغیرہ۔ | ۲ |
| | **عملی کام نمبر ۲۸ : جنگل میں لگی آگ - دوڑو، دوڑو، دوڑو**<br>ا) طلبہ آسانی سے ہاتھوں میں پکڑ سکے ایسے کارڈ معلم مختلف شکلوں میں کاٹ کر ایک بکس میں رکھے۔<br>۲) زمین پر تھوڑی تھوڑی دوری پر کھریا سے بڑی شکلیں بنائی جائیں۔<br>۳) اب طلبہ سے کہیں کہ بکس سے ایک ایک شکل کا کارڈ لیں اور دائرے میں کھڑے رہیں۔<br>۴) جب جھنجھنا بجے تو دائرے میں دوڑنے کے لیے کہیں اور کہیں ''پہاڑ کو لگی آگ۔'' طلبہ کہیں گے ''دوڑو، دوڑو، دوڑو۔'' معلم جھنجھنا روک کر کہیں گے، ''مثلث/ تین کونی والے سب بچ گئے'' تو جن طلبہ کے ہاتھ میں مثلث شکل کے کارڈ ہیں وہ زمین پر بنائے ہوئے مثلث میں جا کر کھڑے ہو جائیں۔ اس طرح متوقع ہے۔ جن کے ہاتھ میں مثلث کے کارڈ نہیں ہے، وہ ہاتھ اوپر کرکے اپنی جگہ کھڑے رہنا متوقع ہے۔ اپنی جگہ سے ہلنے پر یا مثلث شکل میں جانے پر/ اپنے ہاتھ کے کارڈ کا اس شکل میں جانے کے بعد وہ کھلاڑی آؤٹ ہو جائے گا۔ کھیل دوبارہ شروع ہو جائے گا۔ | چاک، مختلف شکلوں کے کارڈ | ۳ |


| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| IL 3.5 : تین خصوصیات کی بنیاد پر اشیا کا موازنہ اور درجہ بندی کرتا ہے۔ مثلاً شکل، ناپ اور رنگ وغیرہ۔ چیزوں کا مقام متعلقہ/ مقام بتانے والے مناسب الفاظ استعمال کر کے چیزوں کے بارے میں بیان کرتا ہے مثلاً بازو میں، اندر، نیچے وغیرہ۔ | طلبہ بکس سے نئے کارڈ اُٹھائیں گے۔<br>۵) یہ کھیل مختلف طریقے سے کھیلا جاسکتا ہے۔ کارڈ شیٹ کے بڑے سائز کی شکلیں کاٹ کر جماعت میں مختلف دیواروں پر چسپاں کردیں اور معلم نے شکل کا نام لیتے ہی طلبہ اس شکل کے سامنے جا کر کھڑے ہوجائیں۔ دوسری شکل کے سامنے کھڑا ہونے والا طالب علم آؤٹ ہوجائے گا۔ | | |
| | **عملی کام نمبر ۲۹ : مختلف شکلوں کے لحاظ سے درجہ بندی**<br>۱) ریاضیاتی صندوق سے مختلف شکلوں کے فوم کے ٹکڑے دے کر ایک شکل کے گروپ بنانے کے لیے کہا جائے۔<br>۲) شکل کے لحاظ سے گروپ بنانے کے لیے زمین پر مختلف کالم بنائیں۔ | ریاضیاتی صندوق کے فوم کے ٹکڑے | ۳ |
| | **عملی کام نمبر ۳۰ : کئی خصوصیات کی بنا پر درجہ بندی**<br>۱) درجہ بندی کا کھیل تیار کیا جانا چاہیے۔<br>۲) شروع میں ایک ہی پانسہ استعمال کرنا متوقع ہے۔ جیسے پانسہ ڈالنے کے بعد لال رنگ کا پانسہ آئے تو تمام کارڈوں سے تمام شکلوں کے اور تمام قسم کی نقشی والے لال رنگ کے کارڈ تلاش کر کے نکالنا ہے۔ اس طرح صرف شکل کا پانسہ اور بعد میں صرف نقش کا پانسہ استعمال کر کے کسی ایک خصوصیت کو مدنظر رکھ کر درجہ بندی کرنا ہے۔<br>۳) آگے کے مرحلے میں دو پانسوں کا استعمال کر کے اور دو خصوصیات کا استعمال کر کے درجہ بندی کرنی ہے جیسے دو پانسے ڈالنے پر لال رنگ (رنگ کے پانسے پر) اور مثلث (شکلوں کے پانسے پر) آنے کی صورت میں لال رنگ والے تمام نقشوں (یہاں نقشوں پر غور کرنا مقصود نہیں ہے اس لیے تمام نقشوں والے کارڈ)، صرف مثلث کو الگ کرنا متوقع ہے یا دائرہ نما، تمام رنگوں کے صرف تارے والے نقش کے کارڈ علیحدہ کرنا متوقع ہے۔<br>۴) اس طرح جب تین پانسوں کا استعمال کریں گے تب تین خصوصیات کی بنیاد پر درجہ بندی کر کے | ورک شیٹ نمبر ۴۵، ۴۵-الف، ۴۶، ۴۶-الف | ۱۲ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| | ایک ہی کارڈ تلاش کرنا متوقع ہے جیسے لال رنگ والا دائرہ نما حصے میں موجود تاروں کے نقش والا ایک ہی کارڈ ہوگا جسے تلاش کر کے الگ کرنا متوقع ہے یا نیلے رنگ والا مثلث نما شکل میں نقطے نقطے والا نقش ایک ہی ہوگا۔<br>۵) اس کا مطلب یہ ہے کہ اس طرح سے پانسے ڈالنے پر تینوں خصوصیت والا ایک کارڈ ہوگا جسے طلبہ تلاش کر کے دینا متوقع ہے۔<br>اس کے بعد ورک شیٹ نمبر ۴۵ مکمل کریں۔ | | |
| IL-3.6 : ترتیب میں، واقعات کی ترتیب، اشیا کی بناوٹ اور بناوٹ کے لحاظ سے اشیا/ تصویری کارڈ ترتیب لگانا۔ | **عملی کام نمبر ۳۱ : ایک ہی قسم کی اشیا کو چھوٹے سے بڑے تک ترتیب دینا (ترتیب میں)**<br>۱) اساتذہ ایک ہی قسم کی اشیا مثلاً مختلف لمبائی کی پینسلیں، مختلف لمبائی کی تیلیاں، مختلف لمبائی کے رسّی کے ٹکڑے، کنگھے، پتے، پتھر لیں۔<br>۲) طلبہ کو تینوں پینسلیں دِکھائیں۔ میرے پاس تین مختلف لمبائی والی پینسلیں ہیں۔ ان میں سے سب سے لمبی پنسل کون سی ہے؟ سب سے چھوٹی کون سی ہے؟ سب سے چھوٹی بھی نہیں اور سب سے بڑی بھی نہیں ایسی اوسط لمبائی کی پنسل کون سی، اس طرح پوچھ کر پینسلیں ترتیب وار رکھیں۔<br>۳) اب طلبہ سے دیگر اشیا کو ایسی ہی ترتیب میں رکھنے کے لیے کہیں۔ ضرورت ہو تو ان کی مدد کریں۔ | مختلف لمبائی کی پینسلیں، مختلف لمبائی کی تیلیاں، مختلف شکلوں کے پتے (چھوٹے، درمیانی اور بڑے) مختلف شکلوں کے ڈبے، برنی وغیرہ۔ | ۷ |
| | **عملی کام نمبر ۳۲ : ترتیب وار کے بیانات - ۱**<br>۱) اس کھیل کو دو دن تک اچھی طرح کھیلنے کے بعد ترتیب کے درج ذیل ریاضی کے بیانات طلبہ کو بتائیں اور ان سے کہلوائیں۔ جیسے لال پنسل سب سے بڑی ہے۔ نیلی پنسل سب سے چھوٹی ہے۔ پیلی پنسل درمیانی جسامت (سائز) کی ہے۔<br>۲) اب طلبہ سے کہیں کہ وہ دیگر اشیا کو ترتیب سے لگائیں اور مناسب بیانات کا استعمال کرتے ہوئے ان کی وضاحت کریں۔<br>۳) طلبہ سے بیان بتا کر اس کے مطابق مناسب اشیا دینے کے لیے کہیں۔ جیسے لال پنسل سے چھوٹی پنسل دو۔ بچوں نے باقی کی دونوں پنسل دینا متوقع ہے۔ دوسرے بچوں سے پوچھیں کہ کیا اس نے مناسب چیز دی؟ | مختلف لمبائی کی پینسلیں، مختلف لمبائی کی تیلیاں، مختلف شکلوں کے پتے (چھوٹے، درمیانی اور بڑے) مختلف شکلوں کے ڈبے، برنی وغیرہ۔ | ۸ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| IL-3.6 : ترتیب میں، واقعات کی ترتیب، اشیا کی بناوٹ اور بناوٹ کے لحاظ سے اشیا/ تصویری کارڈ ترتیب لگانا۔ | **عملی کام نمبر ۳۳ : ترتیب وار کے بیانات - ۲**<br>ا) مندرجہ بالا بیانات پر عمل کرنے کے بعد طلبہ کچھ مشکل بیانات کی طرف جائیں گے۔ جیسے : چار مختلف لمبائیوں کی پنسلوں کو ترتیب میں رکھ کر پوچھا جائے کہ پیلی پنسل سے لمبی اور لال پنسل سے چھوٹی پنسل کون سی ہے؟ وہ اُٹھا کر دو۔<br>۲) پھر طلبہ سے اس طرح کے بیان دینے کو کہیں۔ | مختلف لمبائی کی پینسلیں، مختلف لمبائی کی تیلیاں، مختلف شکلوں کے پتے (چھوٹے، درمیانی اور بڑے) مختلف شکلوں کے ڈبے، برنی وغیرہ۔ | ۸ |
| IL-3.7 : کہانیوں کو یاد کرتے وقت ہونے والے واقعات کا وقت، ترتیب سمجھتا ہے۔ کون سا واقعہ پہلے ہوا ہوگا وغیرہ۔ | **عملی کام نمبر ۳۴ : واقعات کا تسلسل (ترتیب)**<br>بچوں کو ورک شیٹ میں دی ہوئی تصویر (ا) دِکھائیں اور کہیں کہ تمھیں کچھ تصاویر دِکھائی جا رہی ہیں۔ اس میں پہلے کیا تھا، اس کے بعد کیا تھا اور آخر میں کیا تھا۔ وہ تم مجھے بتاؤ۔ ان تصویروں کو ترتیب وار لگانا ہے۔ پہلی تصویر ہونے کے بعد دوسری تصویر دِکھائی جائے اور وقت کے تعلق سے بچوں سے کہا جائے جیسے صبح ہم کیا کرتے ہیں؟ دوپہر میں کیا کرتے ہیں؟ شام اور رات کو کیا کرتے ہیں؟ بچوں سے تصویروں پر بحث کرکے تصویروں کو ترتیب میں لگانے میں مدد کریں۔ | ورک شیٹ نمبر ۲۳، ۲۴، ۲۵ تصویر (ا) دانتوں کی صفائی، غسل کرنا۔ تصویر (۲) گاؤں کے دن کے کاموں کی ترتیب - گائے کا دودھ نکالنا، جھاڑو دینا، پانی بھرنا، جمع ہوکر اسکول جانا وغیرہ۔ | ۵ |
| IL-3.8 (الف) : روزمرہ کے معمول کے حالات میں آنے والے مسائل کا وجوہات جانتے ہوئے حل تجویز کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۳۵ : مسئلہ حل کریں**<br>ا) طلبہ سے کہیں کہ آج مجھے کچھ سوالات کے حل کے لیے تمھاری مدد کی ضرورت ہے۔ تم تجویز کرو کہ ہم کیا کر سکتے ہیں؟ (بچوں کو لڑنے والے بچوں کی تصویر دِکھائیں) یہ بچے بیٹھنے کی جگہ کے لیے لڑ رہے ہیں۔ ان دونوں کو ایک ہی جگہ پر بیٹھنا ہے۔ اب کیا کیا جائے؟ بچوں سے جوابات حاصل کریں۔ اس طرح کے مختلف مسائل بچوں کے سامنے رکھیں۔ اس کا حل تلاش کرنے کے لیے کہیں۔ اس کے لیے ورک شیٹ میں دی ہوئی تصاویر کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔<br>۲) بچوں کے ساتھ اس طرح کے واقعات یا مسئلہ درپیش آیا تھا کیا؟ انھوں نے اسے کس طرح حل کیا، انھیں بولنے والا بنائیں۔ | بچوں سے متعلق مختلف مسائل والی چھوٹی تصاویر حوالہ جاتی کتاب - شہانی ملے چانگلی ملے - گروارے بال بھون | ۵ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- |
| IL-3.8 (ب) : اپنے آس پاس کے ماحول کی چیزیں استعمال کرتے وقت اس کے بارے میں زیادہ معلومات حاصل کرتا ہے۔<br>سوالات پوچھتا ہے۔<br>نئی نئی چیزیں ڈھونڈتا ہے اور ان چیزوں سے متعلق اپنے ذاتی تصورات کو فروغ دے کر اندازہ قائم کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۳۶ : آؤ تجربہ کریں**<br>۱) اساتذہ کو چاہیے کہ وہ طلبہ کو گملے میں بیج لگانے میں مدد کریں۔ بیج کتنے دنوں میں اُگے گا؟ کب پودا بنے گا؟ طلبہ سے اس بارے میں پوچھا جائے۔ انھیں اندازہ لگانے دیں۔ کون کون سی احتیاطی تدابیر کرنا پڑے گی؟ اگر پودا نیچے رکھ دیا جائے، پانی ڈالا نہیں گیا تو کیا ہوگا؟ ان اثرات پر بحث کریں۔ چند دنوں کے بعد اس پودے کا مشاہدہ کرکے اس کا اندراج ایک کاپی میں کرنے کے لیے مدد کریں۔<br>۲) 'طلبہ کی عملی بیاض' ورک شیٹ نمبر ۲۲ کے مطابق پودا کس طرح بڑھتا ہے، اس کی تصویروں کو ترتیب سے لگانے کے لیے کہیں۔ | عملی بیاض،<br>ورک شیٹ نمبر ۱۹ ، ۲۲ | ۴ |
| IL-3.8 (ج) : ماحول سے متعلق بیداری اور ماحول کے تئیں حساسیت ظاہر کرتا ہے جیسے<br>- پانی کو ضائع نہ کیا جائے وغیرہ۔ | **عملی کام نمبر ۳۷ : اچھے شہری**<br>ورک شیٹ نمبر ۲۷ کی سرگرمی لی جائے اور اس کے مطابق اچھے شہری سے متعلق بحث کی جائے۔ | ورک شیٹ نمبر ۲۷ | ۵ |
| IL-3.9 : ۱۰ تک چیزوں کو گنتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۳۸ : ۱۰ر تک اشیا کی گنتی (۱ سے ۵ تک کی گنتی)**<br>طلبہ کو دائرے میں بٹھایا جائے۔ کچھ اشیا کے سیٹ لے کر انھیں ایک ایک کرکے گن کر دکھائیں۔ مثلاً ایک، دو، ... پانچ پتھر۔ اب ہر طالب علم کو چیزیں دے کر گننے کہا جائے۔ (مختلف وسائل جیسے پتے، پھول، پتھر، ربر وسائل دیں) طلبہ کو دو دو کے گروہ میں مشق کرنے کے لیے کہیں۔ | بیاض، کتابیں، پنسلیں، منکے، آسانی سے دستیاب ہونے والے وسائل مثلاً کنکر، بیج وغیرہ۔ | ۷ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| IL-3.9: ۱۰ تک چیزوں کو گنتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۳۹ : ۱۰ تک اشیا کی گنتی (۶ سے ۱۰ تک کی گنتی)**<br>طلبہ کو دائرے میں بٹھایا جائے۔ چند اشیا کے سیٹ لے کر ایک ایک رکھ کر گن کر بتایا جائے: ایک، دو، ... چھے، سات، آٹھ ... دس پتھر۔ اب ہر طالب علم کو چیزیں دے کر گننے کہا جائے۔ (مختلف وسائل جیسے پتے، پھول، پتھر، ربر وسائل دیں) طلبہ کو دو دو کے گروہ میں مشق کرنے کے لیے کہیں۔ | بیاض، کتابیں، پنسلیں، منکے، آسانی سے دستیاب ہونے والے وسائل مثلاً کنکر، بیج وغیرہ۔ | ۷ |
| | **عملی کام نمبر ۴۰ : ۱۰ تک اشیا گننا - مشق**<br>۱) طلبہ کو دائرے میں بٹھایا جائے۔ کٹوری میں کنکر رکھ کر ایک ایک طالب علم کو سامنے بلا کر اس میں سے تین کنکر نکال کر دیں۔ اس طرح کی مشق کروائی جائے۔<br>۲) کبھی کبھی اشیا سامنے رکھ کر کتنے پین ہیں؟ گنو۔ اس طرح کی مشق لیں۔<br>۳) کبھی کبھی باہر سے کوئی پانچ قسم کی چیزیں لانے کے لیے کہا جائے۔ | بیاض، کتابیں، پنسلیں، منکے، آسانی سے دستیاب ہونے والے وسائل مثلاً کنکر، بیج وغیرہ۔ | ۸ |
| | **عملی کام نمبر ۴۱ : ہندسوں کی کہانی**<br>آج ہم ہندسوں کی کہانی تیار کریں گے۔<br>(۱) ۱ سے ۹ تک کے ہندسوں کے کارڈ سے اساتذہ ایک کارڈ سامنے رکھیں۔ کارڈ کے ہندسہ جتنے طلبہ ایک ساتھ کر کے ان کے گروپ بنا کر بتائیں۔ (۲) اسی طرح الگ الگ ہندسی کارڈ بتا کر کارڈ اتنے ہی طلبہ کے گروپ بنانے کے لیے کہہ کر ہندسوں کی کہانی تیار کروائیں۔ (۳) اسی طرح چیزیں، دن، نوٹ، سکے، پھل پھول وغیرہ کا کہانیوں میں استعمال کر سکتے ہیں۔ مثلاً میرے پاس ۴ روپے کے سکے ہیں۔ | | ۸ |
| IL-3.10 : دیے ہوئے ہندسے سے ۹ تک آگے پیچھے (اُلٹا، سیدھا) گنتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۴۲ : اُلٹی گنتی**<br>طلبہ کو ہدایت دیں کہ ۱۰ جوڑو بلاکس کو ایک دوسرے سے جوڑو اور پھر ایک ایک جوڑو بلاک کم کرتے ہوئے اُلٹی ترتیب میں (۱۰، ۹، ۸، .....) اس طرح گنو۔ | جوڑو بلاک | ۸ |
| | **عملی کام نمبر ۴۳ : کیلنڈر پر سیدھی الٹی ترتیب میں عدد گننا**<br>ایک کیلنڈر لیا جائے۔ کوئی بھی مہینہ نکال کر طلبہ سے ۱ سے ۱۰ تک تاریخوں کو پڑھنے کو کہیں۔ ان سے ان تاریخوں کو اُلٹی ترتیب میں دوبارہ پڑھنے کے لیے کہیں۔ | کیلنڈر | ۱۲ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| IL 3.10 : دیے ہوئے ہندسے سے ۹ تک آگے، پیچھے (اُلٹا - سیدھا) گننا) | **عملی کام نمبر ۴۴ : ۱۰ دائروں پر چلنا**<br>۱) زمین پر ایک سیدھ میں دس دائرے بنائیں۔<br>۲) پانچ دائروں کے بعد ایک آڑی لکیر بنائیں۔ (پانچ کا مرحلہ سمجھنے کے لیے)<br>۳) طلبہ کو پہلے دائرے سے آگے چھلانگ لگانے کے لیے کہیں۔<br>۴) پانچ (۵) کے بعد رُک کر پھر ۶ سے ۱۰ تک آگے کود کر جانے کے لیے کہیں۔<br>۵) اسی طرح ۱۰ سے ۶ تک اُلٹی ترتیب میں چھلانگ لگانے کے لیے کہیں۔ (لکیر سے پہلے تھوڑا رُکنے کے لیے کہیں)<br>۶) اسی طرح ۵ سے ۱ تک اُلٹی ترتیب میں چھلانگ لگانے کے لیے کہیں۔ (اس طرح کسی بھی عدد سے کسی دوسرے عدد تک سیدھی اور اُلٹی ترتیب میں گنتی کر پائیں گے)<br>۷) اس کھیل میں کیا طلبہ اُلٹی گنتی کرتے ہیں، اس بات کی طرف خاص طور پر توجہ دیں۔ جیسے کہ سات پر جانا ہے تو دس پر بڑی چھلانگ مارنے کے بعد سات پر اُلٹی چھلانگ مارتا ہے۔<br>۸) اس کھیل میں کچھ بھی غلط یا صحیح نہیں ہے۔ (صرف ۱ سے ۱۰ تک گنتی کی سمت ہمیشہ ایک جیسی ہونی چاہیے) طلبہ کو اپنے طریقے سے کھیل کو سمجھنے اور کھیلنے کے لیے بھرپور وقت دیا جائے۔ |  | ۹ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| IL-3.12 : اشیا کی تعداد کم ہوتے ہوتے کچھ بھی باقی نہیں رہتا اِس تصور کی تفہیم کو ظاہر کرتا ہے۔<br>(مثال درخت کی شاخ پر بیٹھے ہوئے تین پرندے ایک ایک کرکے اُڑ گئے۔ آخر میں ایک بھی پرندہ شاخ پر باقی نہیں رہا) | **عملی کام نمبر ۴۵ : کچھ بھی باقی نہیں**<br>۱) کچھ اشیا کا سیٹ لیں اور ایک دائرے میں بیٹھیں۔<br>۲) پانچ پینسلیں لیں۔<br>۳) میرے پاس پانچ پینسلیں تھیں۔ میں نے ایک پنسل بینا کو دی۔ پھر سیتا بھی آئی کہ مجھے پنسل چاہیے۔ پھر میں نے ایک پنسل اسے دی۔ پھر حنا اور اکرم آئے۔ انھیں بھی ایک ایک پنسل دے دی۔ اس طرح چار پینسلیں دے دیں۔<br>۴) اب میرے پاس کتنی پینسلیں ہیں؟ طلبہ ایک کہیں گے۔ اتنے میں رشید آ گیا۔ اسے بھی پنسل چاہیے تھی۔ میں نے اسے بھی ایک پنسل دے دی۔<br>۵) اب میرے پاس کتنی پینسلیں باقی رہیں؟ (خالی ہاتھ بتا کر پوچھیں) طلبہ کہیں گے کچھ بھی نہیں۔ پھر کہیں یعنی صفر۔<br>۶) ایسی ہی ایک اور سرگرمی لی جائے۔ کاغذ یا چاک لے کر کچھ بھی باقی نہیں رہا اس تصور سے واقف کرائیں۔ | پنسل | ۱۲ |
| IL-3.13 : ۱۰ تک کے ہندسوں میں دو ہندسوں کا موازنہ کرتا ہے۔<br>سے زیادہ - سے کم ان الفاظ کا استعمال کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۴۶ : مینار کا کھیل**<br>۱) طلبہ سے پوچھیں کہ ۶ زیادہ یا ۸ زیادہ؟ طلبہ کے جوابات سنیں۔<br>۲) کسی طالب علم سے پوچھیں کہ تم نے یہ کیسے طے کیا؟ اس کی وضاحت سنیں۔<br>۳) طلبہ سے کہیں کہ چلو اب کرکے دیکھتے ہیں (ریاضی کی پیٹی کے مکعب) جوڑو بلاکس دیں۔ کچھ طلبہ کو ۶ تو کچھ طلبہ کو ۸ مکعب دیں۔<br>۴) دیے ہوئے مکعب طلبہ کو جوڑنے کے لیے کہیں۔ | جوڑو بلاکس | ۹ |

| ہفتہ نمبر | درکار وسائل | ہدایات برائے اساتذہ | آموزشی ماحصل |
| --- | --- | --- | --- |
| | | ۵) بلاکس جوڑ کر بنائے گئے مینار کا موازنہ اپنے دوست کے بنائے ہوئے مینار سے کرنے کے لیے کہیں۔<br>۶) کس کا مینار اونچا ہے؟ بڑا کیوں ہے؟ یہ سوالات طلبہ سے پوچھیں۔<br>۷) آٹھ چھے سے زیادہ ہوتے ہیں، اس نتیجے پر آئیں۔<br>۸) اب مزید دوسرے ہندسے دے کر طلبہ کو جواب اخذ کرنے کے لیے کہیں۔ | |
| ۱۰ | پتے، پتھر، بیج، بلّے وغیرہ | **عملی کام نمبر ۴۷ : کیا کم کیا زیادہ**<br>۱) طلبہ سے پوچھیں ۶ زیادہ یا ۸ زیادہ؟ طلبہ کے جوابات سنیں۔<br>۲) تمھیں چیزوں کی جوڑیاں لگانے کا کھیل آتا ہے۔ اس کا استعمال کر کے طے کر سکتے ہیں کیا؟ ایسا سوال کریں۔ طلبہ کو سمجھ میں آ گیا تو انھیں کرنے دیں۔ ضرورت ہو تو درج ذیل کے مطابق مدد کریں۔<br>۳) ایک کو چھے پتے لانے کے لیے کہیں تو ایک کو کچھ مختلف رنگ کے ۸ پتے لانے کے لیے کہیں۔ دونوں کو سب کے سامنے پتوں کی جوڑیاں لگانے کے لیے کہیں۔ کون سے پتے باقی رہے؟ وہ کتنے تھے؟ اس لیے ایسا کہیں کہ آٹھ سے چھے کم ہے۔ ایسا بھی کہا جا سکتا ہے کہ چھے سے آٹھ زیادہ ہے۔ | |
| ۱۱ | پتے، پتھر، بیج، پنسل، پین، ربر، وغیرہ | **عملی کام نمبر ۴۸ : زبانی ریاضی : ملانا - جوڑنا**<br>۱) کچھ اشیا کے سیٹ ساتھ لے کر طلبہ کے ساتھ دائرے میں بیٹھیں۔<br>۲) ایک طالب علم کو سامنے بلا کر کہیں : عامر کے پاس چار پنسلیں تھیں۔ میں نے اسے مزید دو پنسلیں دیں۔ تو اب اس کے پاس کل کتنی پنسلیں ہوگئیں؟ (عملی مظاہرہ کر کے بتائیں) عامر کو گن کر بتانے کے لیے کہیں۔<br>۳) عامر کے پاس کتنی پنسلیں تھیں؟ میں نے اسے کتنی پنسلیں دیں؟ اب اس کے پاس کتنی پنسلیں ہوگئیں؟ اس طرح کے سوالات کریں۔<br>۴) اب دوسرے وسائل کا استعمال کر کے وہی ریاضی کا سوال لیں۔ طلبہ کو وسائل کا استعمال کر کے مظاہرہ کرنے کے لیے کہیں اور جواب تک پہنچیں۔ مندرجہ بالا طریقے کے سوالات پوچھ کر پختگی پیدا کریں۔ | IL-3.14 : ۹ اشیا تک دو گروپ کر کے دوبارہ گنتی کرتا ہے۔ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| | ۵) فوراً جمع کا مظاہرہ کر کے حساب کریں۔ایسی مشق کرنے کے بعد طلبہ کو حساب کرنے کے لیے کہیں۔(موجود اشیا سے - پتے، پھول، کاپیاں وغیرہ) ہندسوں کی شناخت ہونے سے پہلے طلبہ اس طرح کے زبانی سوالات حل کر سکتے ہیں۔ | | |
| IL 3.15 : ۹ چیزوں تک کے سیٹ سے کچھ چیزیں کم کر کے دوبارہ گنتی کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۴۹ : زبانی ریاضی : کم کرنا - گھٹانا**<br>۱) کچھ اشیا کے سیٹ ساتھ میں لے کر طلبہ کے ساتھ دائرہ بنا کر بیٹھیں۔<br>۲) ایک طالب علم کو سامنے بلا کر کہیں: عامر کے پاس چار پینسلیں تھیں۔اگر اس میں سے اس نے دو پینسلیں مجھے دیں تو اب اس کے پاس کتنے پینسلیں باقی رہیں گی؟ عملی مظاہرہ کر کے بتائیں۔عامر کو گن کر بتانے کے لیے کہا جائے۔<br>۳) عامر کے پاس کتنی پینسلیں تھیں؟ اس نے مجھے کتنی پینسلیں دیں؟ اب اس کے پاس کتنی پینسلیں باقی رہیں؟ اس طرح کے سوالات پوچھیں۔<br>۴) اس طرح کے دوسرے وسائل استعمال کر کے ایسے ہی اس میں حساب کریں۔طلبہ کو وسائل کا استعمال کر کے عملی طور پر معاملہ کرنے کے لیے کہیں اور جواب تک پہنچا جائے۔مندرجہ بالا طریقے پر سوالات پوچھ کر پختگی پیدا کی جائے۔<br>۵) فوراً تفریق کا عمل بتا کر حساب کریں۔اس طرح کی مشق کی جائے تو طلبہ کو حساب کرنے کے لیے کہیں۔(موجودہ اشیا : پتے، پھول، کاپیاں وغیرہ) ہندسوں کی شناخت ہونے سے پہلے اس طرح کے زبانی سوالات حل کر سکتے ہیں۔ | پتے، پتھر، بیج، پنسل، پین، ربر، بلّے وغیرہ | ۱۲ |
| IL-3.20 : مروّجہ بھارتی نوٹ پہچانتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۵۰ : کتنے روپے؟**<br>۱ روپیہ، ۲ روپے، ۵ روپے، ۱۰ روپے، ۲۰ روپے ، ۵۰ روپے ، ۱۰۰ روپیوں کے نقلی سکے اور نوٹ رکھیں۔یہ اپنا خزانہ ہے۔ایک ٹوکری میں کچھ اشیا رکھیں۔(اس رقم سے خریدی جا سکے، ایسی چیزیں) یہ دکان ہے۔اب تم اس میں کی ایک ایک چیز آ کر لو۔لیکن اس کے لیے لگنے والے پیسے خزانے سے ٹوکری میں ڈالیں تب ہی چیز ملے گی۔اب طلبہ کو ایک چیز اُٹھانے کے لیے کہیں جیسے پین کی گولی۔یہ لینے کے لیے اس میں سے تمھیں کتنے روپے لگیں گے؟ یہ پوچھیں اور ٹیبل پر سے لینے کے لیے کہیں۔دوسرے طلبہ کو مدد کرنے کے لیے کہیں۔ | سکے، نوٹ، مختلف چیزیں، بسکٹ کا پیکٹ، کنگھا، ربر، پنسل، رومال، ٹوپی وغیرہ<br>ورک شیٹ نمبر ۴۷<br>ریاضی کا صندوق | ۱۰ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| IL-3.20 : مروّجہ بھارتی نوٹ پہچانتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۵۱ : بازار**<br>جس طرح آپا باجی کا کھیل کھیلتے ہیں اسی طرح ہم 'بازار بازار' کھیل کھیلیں گے۔ اس طرح کہہ کر طلبہ کے دو گروپ بنائیں۔ طلبہ کو پیشگی تیاری کرنے کے لیے بھرپور وقت دیں۔ ضرورت پر ان کی مدد کریں۔ طلبہ ایک دوسرے کے گروپ کے بازار کی سیر کریں گے اور گاہک کا کردار ادا کریں گے۔ اس بازار میں نقلی سکے، نوٹوں کا استعمال کریں یا کاغذ کے پیسے تیار کریں۔ | سکے، نوٹ، نقلی یا اصلی ترازو، ناپ، مختلف اشیا، بسکٹ کا پیکٹ، کنگھا، ربر، پنسل، دستی، ٹوپی، وغیرہ۔ | ۱۲ |
| IL 3.21 : لمبائی کے لحاظ سے تین اشیا کا موازنہ کرتا ہے۔ مثلاً سے لمبا، سے کم چوڑا، سے اونچا، سے چھوٹا۔ | **عملی کام نمبر ۵۲ : اونچا - پست قد**<br>معلم اونچے اور پست قد اشیا کی جوڑیاں خود کے پاس رکھیں۔ طلبہ کو دائرے کی شکل میں بٹھائیں۔ ایک ایک جوڑی سامنے رکھ کر پوچھیں اس میں سے اونچی تیلی کون سی؟<br>اس سے پست قد تیلی کون سی؟ اس کو پست قد تیلی کہیں۔ اسی طرح استاد ایک پست قد پنسل اور ایک اونچی پنسل ایک دوسرے کے بازو رکھ کر اونچی اور پست قد پنسل، اونچی اور پست قد رسّی، پٹی اس طرح کی مختلف چیزوں کا عملی مظاہرہ کریں۔ اس کے بعد طلبہ کو اس طرح کی مثالیں اطراف میں تلاش کر کے لانے کے لیے کہیں۔ (یاد رکھیں یہ کرتے وقت تیلی کی موٹائی ایک جیسی ہونی چاہیے۔) اس طرح اونچا اور پست قد یہ تصور واضح کریں۔ یہاں طلبہ اپنی مادری زبان میں جوابات دیں تو اسے قبول کریں۔ ان الفاظ کے ذریعے ریاضی کے متبادل الفاظ سے متعارف کروائیں۔ اسی طرح تین چیزوں کے موازنے کی مثالیں لیں۔ | تیلیاں، پنسل وغیرہ | ۳ |
| | **عملی کام نمبر ۵۳ : چھوٹا - بڑا شناخت کرنا**<br>لمبا - پست قد سبق کی طرح چھوٹا - بڑا کا تصور پختہ کریں۔ اس کے لیے مختلف اشیا استعمال کر سکتے ہیں۔ (کاپی، ربر وغیرہ) کن اشیا کے لیے اونچا اور پست قد اور کن اشیا کے لیے چھوٹا اور بڑا استعمال کیا جاتا ہے، اس بارے میں بتائیں۔ مختلف شکل اور بناوٹ کے شیمپو یا تیل کی بوتلیں، ڈبے، پتے، چھتری وغیرہ۔ | مختلف جسامت کی اشیا، پھول، ڈبے، پتے، چھتری وغیرہ۔ | ۳ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| IL 3.21 : لمبائی کے لحاظ سے تین اشیا کا موازنہ کرتا ہے۔مثلاً سے لمبا، سے چوڑا، سے اونچا، سے پست قد | **عملی کام نمبر ۵۴ : طلبہ کی عملی بیاض - چھوٹا بڑا، اونچا پست قد**<br>طلبہ کی عملی بیاض - چھوٹا بڑا، اونچا پست قد | ورک شیٹ نمبر ١٦ | ۴ |
| IL 3.22 : دو اشیا کے وزن کا موازنہ۔ سے بھاری، سے ہلکا اس طرح کرتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۵۵ : دو اشیا میں بھاری - ہلکی اشیا کی شناخت**<br>۱) لمبا - چھوٹا اس سبق کی طرح ہی بھاری اور ہلکا یہ تصور پختہ کرنے کے لیے بھاری اور ہلکی اشیا کی جوڑیاں تلاش کرکے رکھیں۔<br>۲) طلبہ کو دائرہ بنا کر بٹھائیں اور پوچھیں یہ وزن میں کیسا ہے؟ طلبہ سے جوابات آنے دیں۔ ہلکا یہ جواب متوقع ہے۔اس کے لیے طلبہ کے اپنی مادری زبان/ علاقائی بولی میں دیے ہوئے جواب کو قبول کریں۔ وہ ہلکا یہ متبادل لفظ کی شناخت کروائیں۔ پھر دوسرے ہاتھ میں اسی طرح کا پتھر رکھیں اور پوچھیں یہ وزن میں کیسا ہے؟ ان سے جواب آنے کے بعد پوچھیں دونوں میں سے ہلکا کون سا ہے اور بھاری کون سا ؟ اس کے بعد کہیں کہ پتھر سے کپاس ہلکی ہے۔اسی طرح کی تین چار اشیا کا موازنہ کرکے بتائیں۔ایک جیسی جسامت کے ویفر کے پیکٹ یا شکر کے پیکٹ، بھری ہوئی بوتل اور خالی بوتل وغیرہ۔ | مختلف وزن کے ایک جیسی بناوٹ والی اشیا کی جوڑیاں جیسے پتھر، کپاس، کپڑا، کاپی وغیرہ۔ | ۴ |
| | **عملی کام نمبر ۵٦ : ترازو**<br>۱) دو یکساں نظر آنے والے پلاسٹک کے ڈبے لے کر اس کا سادہ ترازو بنائیں۔<br>۲) اس میں طلبہ کو وزن کا کھیل کھیلنے کے لیے دیں جیسے ایک پلڑے میں بوتل کے ڈھکن ڈالیں تو پلڑے یکساں ہونے کے لیے دوسرے پلڑے میں کتنے بٹن ( گنڈیاں ) ڈالیں گے؟ بٹن ڈال کر بتائیں۔ پلڑے مساوی/ برابر ہوتے ہیں یعنی کیا یہ بتایا جائے، کب رکنا ہے یہ طے کریں۔<br>۳) یعنی بوتل کے ایک ڈھکن کا وزن ١۵ ربٹن کے وزن کے برابر ہے۔ ایسا کہہ سکتے ہیں کیا؟ ایسا پوچھیں۔ | دو یکساں بناوٹ کے ڈبے، رسّی، سیدھی لکڑی یا اسکیل وغیرہ، بٹن، ربر وغیرہ وزن کے لیے مختلف چھوٹی چھوٹی اشیا۔ | ٦<br>۴ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| IL 3.22 : دو اشیا کا موازنہ - سے بھاری/ ہلکا اس لحاظ سے کرتا ہے۔ | ۴) اب ربر کا وزن کتنے بٹن کے برابر ہوگا، یہ معلوم کرنے کے لیے کہیں۔ اس سے پہلے جماعت کے طلبہ کا اندازہ پوچھیں۔<br>۵) اس کے آگے ترسیم لیں گے۔ | | |
| | **عملی کام نمبر ۵۷ : چھوٹا ترازو**<br>ریاضیاتی صندوق میں موجود ترازو کے ایک پلڑے میں ایک طرف چھوٹا سا پتھر اور دوسری طرف اسی سائز کا ایک پلاسٹک کی گیند رکھیں۔ کون سے بازو کا پلڑا جھکے گا؟ کیوں جھکے گا؟ اس طرح کے سوالات طلبہ سے پوچھیں۔ | | ۶ |
| IL-3.23 : دو برتنوں میں حجم کا موازنہ کرتا ہے جیسے بوتل، گلاس، بالٹی وغیرہ۔ | **عملی کام نمبر ۵۸ : دو برتنوں کی سمائی (گنجائش) کا موازنہ اور پانی کی بالٹی کی سمائی**<br>۱) معلم ایک گلاس، ایک بوتل (گلاس سے بڑی) اور ایک چھوٹی بالٹی لیں۔ طلبہ کو ایک بڑی بالٹی میں پانی اور مگ لانے کے لیے کہیں۔<br>۲) اب ہم ہر برتن میں کتنے مگ پانی سماتا ہے، یہ دیکھیں گے۔ میں مگ کو لبالب پورا بھر کے لینے والا ہوں۔ ہر برتن کو بھرنے کے لیے کتنے مگ پانی درکار ہوگا اس کو تم گنو اور یاد رکھو۔<br>۳) چھوٹی بالٹی پوری طرح بھرنے تک مگ کے ناپ سے پانی بھرتے رہیں۔<br>۴) بھرتے وقت بلند آواز سے طلبہ کے ساتھ گنیں : ایک مگ، دو مگ۔ بالٹی کے لیے کتنے مگ پانی لگا اس کا اعادہ کریں۔<br>۵) اس کے بعد اسی مگ سے بوتل بھریں۔ بوتل میں کتنے مگ پانی سمایا یہ پوچھیں۔<br>۶) اسی طرح اب گلاس میں کتنے مگ پانی سما سکتا ہے یہ دیکھیں۔ اسی طرح مختلف برتنوں میں یکساں ناپ سے پانی بھر کر سمائی (گنجائش) کا موازنہ کریں۔ | بالٹی، گلاس، مگ، پانی کی بوتل | ۱۱ |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- |
| | ۷) اسی طرح دوسرے دن بھی اسی طرح کا تجربہ طلبہ کے ذریعے کرائیں۔ اس کے ساتھ کچھ نئے برتن اور نئے ناپ بھی دیں۔ جیسے ڈبّا، گھنگال۔ بوتل میں کتنی کٹوری پانی سمائے گا، یہ طلبہ کر کے معلوم کرنے کے لیے کہیں۔<br>۸) یاد رکھیں، پہلے دن طلبہ کو یہ تجربہ لینے دیں۔ دوسرے دن ان سے اس طرح کے سوالات کریں کہ کون سے برتن میں زیادہ کٹوری پانی سمائے گا؟ کس برتن میں سب سے کم کٹوری پانی سمائے گا؟<br>۹) اگلے دن یہ سرگرمی لیتے ہوئے معلم ورک شیٹ کے مطابق ترسیمی ستون بنائیں اور ایک چیز کے لیے ہم کس طرح کا ستون بنائیں گے، بنا کر بتائیں۔ اگلی دو چیزوں کا ترسیمی ستون بنانے کے لیے طلبہ کو موقع دیں۔ اس کے بعد مندرجہ ذیل سوالات پوچھ کر بحث کریں۔<br>۱) برتن کے اوپر کے چھے خانے ہم نے کیوں بھرے؟ (اس لیے کہ برتن میں چھے کٹوری پانی سمایا) یہ جواب متوقع ہے۔ پہلے تو یہ بات کہ ہم نے ایسی ترسیم کیوں بنائی، اس کی وضاحت کریں۔<br>۲) اس کے بعد کس برتن میں کتنی کٹوری پانی سمائے گا؟ کس برتن میں کس برتن سے زیادہ یا کم کٹوری پانی سمائے گا؟ اس طرح کے سوالات پوچھ کر بحث کریں۔ | | |
| IL-3.25 : سہ رخی اشیا کی سطح کی بناوٹ، ہموار سطح پر بنائی ہوئی دو رخی شکل پہچانتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۵۹ : چیزوں کے اطراف لکیر کھینچنا**<br>۱) جماعت میں موجود کچھ اشیا لیں۔ یہ اشیا طلبہ کو بتا کر ان کے نام پوچھیں۔<br>۲) کاغذ پر وہ چیز/ اشیا رکھ کر اس کے اطراف پنسل سے لکیریں کھینچیں۔<br>۳) طلبہ کو اشیا اور اس کے اطراف کی کھینچی ہوئی تصویر بتائیں۔<br>۴) اشیا اور اس کی تصویر میں نظر آنے والے فرق پر بحث کریں۔<br>۵) بچوں کو یہ سرگرمی کرنے کے لیے کہیں۔ | ڈبّا، ڈسٹر، بالٹی، کتاب وغیرہ | ۶ |

| ہفتہ نمبر | درکار وسائل | ہدایات برائے اساتذہ | آموزشی ماحصل |
|---|---|---|---|
| ۳ | کاغذ، پنسل، چاک | **عملی کام نمبر ۶۰ : ہاتھ کے پنجے کے اطراف لکیریں بنانا**<br>۱) استاد بورڈ پر یا کاغذ پر (طلبہ کی تعداد کے مدنظر) اپنے ہاتھ کے پنجے کو رکھ کر بیرونی لکیریں کھینچیں۔<br>۲) طلبہ کو بھی اسی طرح عمل کرنے کے لیے کہیں۔ | |
| ۱۰ | ورک شیٹ نمبر ۴۰ | **عملی کام نمبر ۶۱ : جوڑی لگاؤ۔**<br>معلم ابتدا میں پورے اور آدھے کے تصور کے لیے چار پانچ مثالیں دیں۔اس کے بعد ورک شیٹ حل کریں۔<br>طلبہ کی عملی بیاض - پورا اور آدھا - اس طرح کے حصوں کی جوڑیاں لگانا۔ | IL 3.26 : آدھی روٹی/ آدھا پانی بھرا ہوا گلاس۔آدھا اس طرح کے ذخیرۂ الفاظ کا روزمرہ زندگی میں استعمال کرتا ہے۔ |
| ۱۰ | پتھر، پتے، تیلیاں، ربر، پنسل وغیرہ۔ | **عملی کام نمبر ۶۳ : تواتر - بنانا**<br>طلبہ کو تواتر بنانے کے لیے باہر سے وسائل جمع کرکے لانے کے لیے کہیں جیسے پتے، پھول اور ان کے ذریعے تواتر بنانے کے لیے کہیں۔ | IL-3.27 : نئے تواتر تیار کرتا ہے۔پتے، اُنگلیوں کے ٹھسے استعمال کرکے۔ |
| ۱۰ | - | **عملی کام نمبر ۶۴ : تواتر - پہچانو (ماحول میں)**<br>ماحول میں ہمیں تواتر کہاں کہاں نظر آتا ہے، اس کے لیے باہر گھومیں۔طلبہ کو کچھ تصویروں میں یہ ملتے ہیں ایسی تصاویر مہیا کریں۔اس پر بحث کی جائے۔تالیوں سے تواتر کیسے بنتا ہے، مخصوص جسمانی حرکات کے ذریعے یہ بھی بتایا جائے۔ | |
| ۱۰ | پتھر، پتے، تیلیاں، ربر، پنسل وغیرہ۔ | **عملی کام نمبر ۶۵ : تواتر کا تعارف**<br>۱) پتے، پتھر جمع کرکے رکھیں۔طلبہ کو دائرے کی شکل میں بٹھا کر کہیں کہ غور سے دیکھو میں کس طرح ترتیب دیتا ہوں۔ایک پتہ دو پتھر ایک پتہ دو پتھر اس طرح کہتے ہوئے ترتیب دیں۔آگے اب کیا آئے گا؟ مجھے یہ ترتیب برقرار رکھنا ہے تو مجھے آگے کیا رکھنا پڑے گا؟ اس طرح پوچھ کر طلبہ سے جواب حاصل کرکے تواتر مکمل کریں۔ ۲) اس کے بعد ایک/ دو تواتر طلبہ سے مظاہرہ کریں۔<br>۳) تصویر میں بار بار ایک جیسے نقشے/ ڈیزائن بنا ہوا ہمیں کہاں دِکھائی دیتا ہے؟ اس طرح پوچھ کر طلبہ کو رنگولی اور کپڑے پر کے ڈیزائن اس طرح کی مثالیں یاد کرنے میں مدد کریں۔ | |

| آموزشی ماحصل | ہدایات برائے اساتذہ | درکار وسائل | ہفتہ نمبر |
|---|---|---|---|
| IL-3.28 : اپنے آس پاس کے حالات سے نتیجہ اخذ کرتا ہے۔ میرے پاس نیلی پنسل سے زیادہ لال پینسلیں ہیں۔ | **عملی کام نمبر ۶۵ : تواتر - ورک شیٹ**<br>طلبہ کو تواتر مکمل کرنے کے لیے دیا جائے۔ | ورک شیٹ نمبر ۳۸، ۳۹ | ۱۰ |
| | **عملی کام نمبر ۶۶ : نتیجہ اخذ کرنا**<br>طلبہ سے پوچھیں کہ اس تصویر میں کون سے پھل زیادہ ہیں۔ طلبہ کے جوابات سنیں۔ اس کے بعد ورک شیٹ میں دیے گئے ستونی ترسیم معلم بورڈ پر بنائیں اور بتائیں کہ ہم ایک اور طریقے سے یہ طے کریں گے۔ دیکھو اس میں کتنے کیلے ہیں؟ یہ دیکھو ہر کیلے کے لیے میں ایک چوکون کو رنگ دینے والا ہوں۔ ایسا کہہ کر طلبہ کیلے کی تصویر کے خانے بھریں۔ اب دیگر پھلوں کے خانے آپ کو اپنی اپنی ورک شیٹ میں بھرنا ہے، اس طرح کہیں۔ تمام بچوں کے خانے بھرنا ہونے پر ذیل کے سوالات پوچھ کر اس پر بحث کریں: ٹوکری میں سب سے زیادہ پھل کون سے ہیں؟ سب سے کم پھل کون سے ہیں؟ | ورک شیٹ نمبر ۴۲، ۴۴ | ۱۱ |
| IL-3.29 : ہفتے کے دن اور سال کے مہینوں کے نام بتاتا ہے۔ | **عملی کام نمبر ۶۷ : ہفتے کے دن پہچانو**<br>ہفتے کے دنوں کا اعادہ لینے کے لیے اس پر منحصر چند مسئلے پوچھیں جیسے سنیچر کے بعد آتا ہے، چھٹی لے کر آرام کرو، مستی کرو لیکن رات میں ہفتے بھر کی تیاری۔ روٹی سبزی کو چھٹی دے کر خاص کھانا کھانے کی تیاری۔ | - | ۷، ۱ |
| | **عملی کام نمبر ۶۸ : مہینوں کی پہچان/ تعارف**<br>مہینوں پر منحصر زبانی سوالات طلبہ سے پوچھیں۔ ان کو سوال تیار کرنے میں مدد کریں جیسے کیری کا موسم، گرمی کی ابتدا کا مہینہ۔ اسی طرح ان کی سالگرہ کون سے مہینے میں آتی ہے یہ پوچھیں۔ آپی یا بھائی جان کی سالگرہ کون سے مہینے میں آتی ہے۔ طلبہ یہ مہینہ کس طرح یاد رکھتے ہیں یا کیسے یاد رکھ سکتے ہیں۔ اس پر سوچنے کے لیے طلبہ کو ترغیب دیں۔ | | ۷ |

# ۱۱) ماہانہ قدر پیمائی کی جدول

| | | | |
|---|---|---|---|
| **بچوں کا اسکول سے قبل تیاری کا ماہواری مسلسل جائزہ** | | | |
| **مہینہ - پہلا** | | | |
| **مقصد :** بچوں کی اسکول سے دلچسپی میں اضافہ کرنا اور اسکول کے ماحول، علاقے میں ان کی شمولیت کو بہتر انداز میں کرنا۔ | | | |
| **طالب علم کی عمر :** | **جماعت :** اوّل | | |
| **انفرادی صفائی (اچھی یا سدھار کی ضرورت محسوس ہوتی ہے)** | | | |
| لباس : | ناخن : | دانت : | آنکھیں : |
| کان : | ناک : | بال : | |
| | | | |
| **روزمرہ پروگرام میں شمولیت** | **بہت کم** | **کبھی کبھی** | **ہر وقت** |
| | | | |
| • خود کی اور دوسروں کی چیزوں کی دیکھ بھال کرتا ہے۔ | | | |
| • معلم ، غیر معروف نوجوان اور دیگر بچوں کے ساتھ میل ملاپ رکھتا ہے۔ | | | |
| • دیگر بچوں کی چیزیں مل بانٹ کر استعمال کرتا ہے۔ | | | |
| • خود کی باری آنے تک انتظار کرتا ہے۔ | | | |
| • گروہی کام میں جوش و خروش سے حصہ لیتا ہے۔ | | | |
| • کھیل اور روزمرہ کاموں سے تعلق رکھنے والے اُصولوں پر عمل کرتا ہے۔ | | | |
| **میدانی کھیلوں میں شمولیت** | **مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔** | **تھوڑی کوشش سے عمل کرسکتا ہے۔** | **آسانی سے عمل کرسکتا ہے۔** |
| • تیز رفتاری سے اور بڑے احتیاط سے دوڑتا ہے۔ | | | |
| • دونوں ہاتھوں سے گیند پھینک اور جھیل سکتا ہے۔ | | | |
| **تخلیقی فنون لطیفہ کی سرگرمیوں میں شمولیت - مہین عضلاتی ترقی، تخیلی پختگی اور فنونِ لطیفہ/ جمالیاتی نقطۂ نظر کا فروغ** | **مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔** | **تھوڑی کوشش سے عمل کرسکتا ہے۔** | **آسانی سے عمل کرسکتا ہے۔** |
| • دیے گئے رنگوں کے موتیوں کو پروتا ہے۔ | | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| • کاغذ پھاڑنا اور کولاج کام کرتا ہے۔ | | | |
| • مٹی کام کرتا ہے۔ | | | |
| **ریاضیاتی مہارتیں اور اپنے ماحول سے بیداری ظاہر کرنا** | **مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔** | **تھوڑی کوشش سے عمل کر سکتا ہے۔** | **آسانی سے عمل کر سکتا ہے۔** |
| • حواسِ خمسہ کا استعمال کر کے چیزیں/ اشیا کو پہچانتا ہے۔ (لمس، خوشبو، مزہ، آواز اور نظر) | | | |
| • دو تصویروں کا موازنہ کر کے فرق پہچانتا ہے۔ | | | |
| • بنیادی رنگوں کی درجہ بندی کر سکتا ہے۔ پہچان کر نام بتاتا ہے اور جوڑیاں لگا سکتا ہے۔ | | | |
| • تصویر کے نامکمل حصے کو پہچانتا ہے۔ | | | |
| **زبانی اظہارِ خیال** | **بہت کم** | **کبھی کبھی** | **ہر وقت** |
| • بڑی عمر کے لوگوں سے اور دیگر بچوں سے دل کھول کر آزادانہ طور پر بات چیت کرتا ہے۔ | | | |
| • خود کے جذبات، ضروریات اور پسند ناپسند کا اظہار کرتا ہے۔ (بول کر یا اشاروں میں) | | | |
| **ابتدائی خواندگی کی مہارتیں** | **بہت کم** | **کبھی کبھی** | **ہر وقت** |
| • گیت اور کہانیاں توجہ سے سنتا ہے۔ | | | |
| • تصویر میں موجود چیزوں کے نام بتاتا ہے۔ | | | |
| • جملوں کے الفاظ الگ الگ کرتا ہے۔ | | | |
| **ابتدائی تحریری مہارتیں** | **بہت کم** | **کبھی کبھی** | **ہر وقت** |
| • پنسل مناسب طریقے سے پکڑتا ہے۔ | | | |
| • بے ترتیب لکیریں کھینچتا ہے یا سوچ، واقعہ، حادثے کو ظاہر کرنے کے لیے تصویری بناتا ہے۔ | | | |
| | | | |

کلاس ٹیچر کی دستخط

| | | | |
|---|---|---|---|
| بچوں کا اسکول سے قبل تیاری کا ماہواری مسلسل جائزہ | | | |
| مہینہ - دوسرا | | | |
| مقصد : بنیادی صلاحیتوں کا فروغ | | | |
| طالب علم کی عمر : | | جماعت : اوّل | |
| انفرادی صفائی (اچھی یا سدھار کی ضرورت محسوس ہوتی ہے) | | | |
| لباس : | ناخن : | دانت : | آنکھیں : |
| کان : | ناک : | بال : | |
| | | | |
| **روزمرہ کے کام مکمل کرتا ہے/ ہر وقت اُصولوں پر عمل کرتا ہے/کسی پروگرام میں شامل ہوتا ہے۔** | **بہت کم** | **کبھی کبھی** | **ہر وقت** |
| • گروہی کاموں میں جوش وخروش سے حصہ لیتا ہے۔ | | | |
| • سرگرمیوں میں پہل کرتا ہے۔ | | | |
| • موقع محل کے لحاظ سے اپنے جذبات کا اظہار کرتا ہے۔ | | | |
| • دوسروں کے جذبات کو سمجھتا ہے۔ اسی طرح کہانی، تصویروں میں موجود جذبات کو تلاش کرتا ہے/ انھیں سمجھتا ہے۔ | | | |
| • دوسروں کے ساتھ ناتے رشتے کو سمجھتا ہے۔ | | | |
| • کھیلوں کے اُصولوں پر عمل کرتا ہے۔ | | | |
| • جماعت کے روزمرہ کاموں اور برتاؤ پر مبنی اُصولوں پر عمل کرتا ہے۔ | | | |
| • پیچیدہ ہدایت کو سمجھ کر اس پر عمل کرتا ہے۔ | | | |
| **میدانی کھیلوں میں شمولیت** | **مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔** | **تھوڑی کوشش سے عمل کرسکتا ہے۔** | **آسانی سے عمل کرسکتا ہے۔** |
| • متعین سمت میں گیند پھینک سکتا ہے۔ | | | |
| • کم فاصلے سے گیند کو جھیل سکتا ہے۔ | | | |
| • پیروں سے گیند کو متعین سمت میں مارتا ہے۔ | | | |
| • رقص، ورزش میں لچک، چالاکی ظاہر کرتا ہے۔ | | | |
| • لنگڑی کھیلتے ہوئے آگے بڑھتا ہے اور دوبارہ اسی طرح واپس آتا ہے۔ | | | |

| تخلیقی فنون لطیفہ کی سرگرمیوں میں شمولیت - مہین عضلاتی ترقی، تخلیقی پختگی اور فنونِ لطیفہ/ جمالیاتی نقطۂ نظر کا فروغ | مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ | تھوڑی کوشش سے عمل کر سکتا ہے۔ | آسانی سے عمل کر سکتا ہے۔ |
|---|---|---|---|
| • کاغذ کی آسان تہہ یا آسان اوروگامی کا عمل کرتا ہے۔ | | | |
| • کاغذ کو ہتھیلیوں سے پیچ دے کر اس کے چھوٹے چھوٹے گولے بنانا اور اسے چسپاں کرنا۔ | | | |
| • تصویر کی باریکیاں بتاتا ہے/ باریک بینی سے تصویریں بناتا ہے۔ | | | |
| • چھوٹی تصویروں میں رنگ بھرتا ہے۔ | | | |
| • مختلف اشیا کا استعمال کر کے ٹھپے کام (منبت کاری) کرتا ہے۔ | | | |
| • چکنی مٹی کا استعمال کر کے بنیادی اشکال بناتا ہے۔ | | | |
| **ریاضیاتی مہارتیں اور اپنے ماحول سے بیداری ظاہر کرنا** | **بہت کم** | **کبھی کبھی** | **ہر وقت** |
| • کسی کی رہنمائی میں قدرتی آفات کا مشاہدہ کرتا ہے اور اسے سمجھتا ہے۔ | | | |
| • ایک سے زیادہ خصوصیات کا استعمال کر کے چیزوں کی درجہ بندی کرتا ہے۔ (شکل/ رنگ/ کمیت/ حجم) | | | |
| • چیزوں کو ترتیب میں رکھتا ہے/ ترتیب کے لحاظ سے چیزوں کو رکھنا (کمیت یا حجم/ لمبائی/ اونچائی) | | | |
| • تواتر پہچان کر اسے مکمل کرتا ہے۔ | | | |
| • شکل پہچان کر نام بتاتا ہے۔ (دائرہ، مربع، مثلث، مستطیل) | | | |
| • مشکل معمے حل کرتا ہے۔ | | | |
| • معمے میں پوشیدہ یا غلط حصے کو پہچانتا ہے۔ | | | |
| • اونچا، پست قد، ہلکا، وزنی وغیرہ ریاضیاتی زبان کا استعمال کرتا ہے۔ | | | |
| • ایک سے ایک کی مطابقت کرتا ہے۔ | | | |

| زبانی اظہارِخیال | بہت کم | کبھی کبھی | ہر وقت |
|---|---|---|---|
| • چھوٹے اقتباس کو سن کر سمجھتا ہے۔ | | | |
| • کسی واقعے کو چھوٹے چھوٹے جملوں میں بیان کرتا ہے۔ | | | |
| • لفظ کے مخرج کو الگ کرتا ہے۔لفظ کو الگ الگ کر کے اور جوڑ کر بتا سکتا ہے۔ | | | |
| • روزمرہ کے استعمال کے الفاظ کے شروع اور آخری آواز کو پہچانتا ہے۔ | | | |
| • تخیلی سوالات کرتا ہے، جواب دیتا ہے۔ | | | |
| **ابتدائی خواندگی کی مہارتیں** | **بہت کم** | **کبھی کبھی** | **ہر وقت** |
| • طبع شدہ مواد کے اُصول سمجھتا ہے۔ جیسے پڑھتے وقت دائیں سے بائیں، اوپر سے نیچے، پڑھائی کی نقل کرتا ہے۔ | | | |
| **ابتدائی تحریری مہارتیں** | **بہت کم** | **کبھی کبھی** | **ہر وقت** |
| • تحریر کے وسائل یا رنگ بھرنے سے متعلق وسائل پر اچھی مہارت حاصل ہوتی ہے۔ | | | |
| • تحریر کے وسائل کو مناسب طریقے سے پکڑتا ہے۔ | | | |
| • خود کی بنائی ہوئی تصویروں کی خواندگی کرتا ہے اور آسان الفاظ میں اس کو بیان کرتا ہے۔ | | | |

کلاس ٹیچر کی دستخط


| | | | |
|---|---|---|---|
| بچوں کا اسکول سے قبل تیاری کا ماہواری مسلسل جائزہ | | | |
| مہینہ - تیسرا | | | |
| مقصد : بنیادی صلاحیتوں کا فروغ | | | |
| طالب علم کی عمر: | جماعت : اوّل | | |
| انفرادی صفائی (اچھی یا سدھار کی ضرورت محسوس ہوتی ہے) | | | |
| لباس : | ناخن : | دانت : | آنکھیں : |
| کان : | ناک : | بال : | |
| | | | |
| روزمرہ کے کام مکمل کرتا ہے/ ہر وقت اُصولوں پر عمل کرتا ہے/کسی پروگرام میں شامل ہوتا ہے۔ | بہت کم | کبھی کبھی | ہر وقت |
| • اچھے اور برے لمس میں فرق سمجھتا ہے۔ | | | |
| • صحیح اور غلط کو سمجھتا ہے/ پہچانتا ہے۔ | | | |
| • تنازعات حل کرنے کے لیے مختلف طریقۂ کار پر غور کرتا ہے۔ | | | |
| • دیگر بچوں کے جذبات اور ضروریات کے لحاظ سے حساسیت ظاہر کرتا ہے۔ خاص طور پر مخصوص ضرورت مند طلبہ کے لیے۔ | | | |
| میدانی کھیلوں میں شمولیت | مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ | تھوڑی کوشش سے عمل کرسکتا ہے۔ | آسانی سے عمل کرسکتا ہے۔ |
| • نشانہ لگا کر گیند پھینکتا ہے۔ | | | |
| • خود اعتمادی کے ساتھ زینے اور رسّی پر چڑھ سکتا ہے۔ | | | |
| • یوگا، ورزش اور رقص میں حصہ لیتا ہے۔ | | | |
| تخلیقی فنون لطیفہ کی سرگرمیوں میں شمولیت - مہین عضلاتی ترقی، تخیلی پختگی اور فنونِ لطیفہ/ جمالیاتی نقطۂ نظر کا فروغ | مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ | تھوڑی کوشش سے عمل کرسکتا ہے۔ | آسانی سے عمل کرسکتا ہے۔ |
| • قینچی سے تصویریں کاٹ کر چسپاں کرتا ہے۔ | | | |
| • اُنگلیوں سے ٹھپے کا کام (منبت کاری) کرکے اس کی تصویر بناتا ہے۔ | | | |
| • کولاج کام کرتا ہے۔ | | | |

| ریاضیاتی مہارتیں اور اپنے ماحول سے بیداری ظاہر کرنا | بہت کم | کبھی کبھی | ہر وقت |
|---|---|---|---|
| • گروہ میں موجود چیزوں کی تعداد کم ہے یا زیادہ بتا سکتا ہے۔ | | | |
| • تواتر تیار کر سکتا ہے اور اس کی توسیع کر سکتا ہے۔ | | | |
| • واقعات یا چیزوں کو ترتیب میں رکھتا ہے/ واقعات کی ترتیب پر غور کر کے بتاتا ہے۔ | | | |
| **زبانی اظہارِ خیال** | **بہت کم** | **کبھی کبھی** | **ہر وقت** |
| • سن کر سمجھتا ہے اور جواب دیتا ہے۔ | | | |
| • بامعنی گفتگو کرتا ہے۔ | | | |
| • الفاظ کے شروع، درمیان اور آخری آواز کو پہچانتا ہے۔ | | | |
| **ابتدائی خواندگی کی مہارتیں** | **بہت کم** | **کبھی کبھی** | **ہر وقت** |
| • مانوس/سنی ہوئی کہانی کا آغاز، درمیان اور آخر اس ترتیب میں کہانی کو دوبارہ سناتا ہے۔ | | | |
| • جماعت میں آویزاں بصری الفاظ کی خواندگی کرتا ہے۔ | | | |
| **ابتدائی تحریری مہارتیں** | **بہت کم** | **کبھی کبھی** | **ہر وقت** |
| • اپنے تخیلات کو تصویروں اور لفظوں میں بیان کرتا ہے۔ | | | |
| • وسائل کا آسانی سے استعمال کر کے بامعنی تصویر بناتا ہے/ تصویروں کے ذریعے مطالب کو ظاہر کرنے کے لیے وسائل کا آسانی سے استعمال کرتا ہے۔ | | | |








کلاس ٹیچر کی دستخط

# ۱۲) درس و تدریس کے وسائل







## مزیدار راستہ









## بصری لفظوں کے ڈامینوسیٹ کا نمونہ

| | |
|---|---|
|  |  |
| دروازہ |  |
| کھڑکی |  |
| بورڈ |  |
| کھریا |  |
| کرسی |  |

## میچنگ سیٹ نمونہ

| | |
|---|---|
|  |  |
| گائے | کتا |
|  |  |
| طوطا | مرغا |
|  |  |
| مچھلی | گیند |
|  |  |
| گاڑی | بلّا |

# میچنگ سیٹ - تصویر لفظی کارڈ نمونہ

| | |
|---|---|
|  |  |
|  |  |
|  |  |
|  |  |
| بلّا | گیند |
| گاڑی | گائے |
| طوطا | کتا |
| مچھلی | مرغا |

# (2) HW-17 کے لیے نمونہ














# تشکر نامہ

## اسمائے مرتّبین ومترجمین

### تعلیم میں داخلہ (اسکول کی پیشگی تیاری کا پروگرام - پہلی جماعت ) رہنمائے معلم

| نمبر شمار | اسمائے اراکین | نمبر شمار | اسمائے اراکین |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | شریمتی سرسوتی سوریہ ونشی، SCERT، پونے | ۲۶۔ | شریمتی یوگیتا بھامرے، پونے |
| ۲۔ | شریمتی ورشالی گائیکواڑ، SCERT، پونے | ۲۷۔ | شریمتی شویتا مبرانگل، ستارا |
| ۳۔ | شریمتی وِدّیا کدم، ستارا | ۲۸۔ | شریمتی وَیشالی ڈیرے، پونے |
| ۴۔ | شری رام داس ٹونے، رائے گڑھ | ۲۹۔ | ڈاکٹر شیلا کولکر، پونے |
| ۵۔ | شریمتی ویدیکا مانڈلکر | ۳۰۔ | شریمتی نندا اکلکرنی، پونے |
| ۶۔ | شریمتی سندھیا نگرکر، پونے | ۳۱۔ | شریمتی شیاملا دلوی، واشی، نوی ممبئ |
| ۷۔ | شریمتی ویشالی گاڑھوے، SCERT، پونے | ۳۲۔ | شریمتی ریتی مکھرجی، کولکاتا |
| ۸۔ | شریمتی شیوانی پراشر، یونیسیف نمائندہ، دہلی | ۳۳۔ | شریمتی سیما پاٹل، پونے |
| ۹۔ | شری سچن واڑکر، پونے | ۳۴۔ | شری شنکر پول، ناگپور |
| ۱۰۔ | شریمتی سونالی بھاگوت، پونے | ۳۵۔ | شریمتی پراچی بوگم، پونے |
| ۱۱۔ | شریمتی نیہا گورے، پونے | ۳۶۔ | شری پروین گُرَو، پونے |
| ۱۲۔ | شریمتی وِدّیا گاڑھوے، ستارا | ۳۷۔ | شریمتی گوروی جادھو، ممبئ |
| ۱۳۔ | شری الطاف شیخ، رائے گڑھ | ۳۸۔ | ڈاکٹر ورشالی دیہائے رائے، پونے |
| ۱۴۔ | شریمتی سورنا دیشپانڈے، ستارا | ۳۹۔ | جناب عبدالملک عبدالقادر نظامی، ناندیڑ |
| ۱۵۔ | شری نارائن شندے، رتنا گری | ۴۰۔ | جناب شیخ فیاض الدین، جالنہ |
| ۱۶۔ | چترا پینڈھارکر، پونے | ۴۱۔ | ڈاکٹر عبدالرافع، ناندیڑ |
| ۱۷۔ | شریمتی جیوتی دراڑے، جالنہ | ۴۲۔ | محترمہ شمع فروزاں کریم شیخ، پونے |
| ۱۸۔ | شریمتی پریتی دیوکر، پونے | ۴۳۔ | محترمہ عرب شبانہ رضوان، پونے |
| ۱۹۔ | شریمتی کاربھاری دیوکر، پونے | ۴۴۔ | جناب الیاس احمد، اورنگ آباد |
| ۲۰۔ | شریمتی آشا وانکھیڑے، پونے | ۴۵۔ | جناب سرتاج الدین، اورنگ آباد |
| ۲۱۔ | شری اجے جیراپورے، دھامن گاؤں ریلوے، امراوتی | ۴۶۔ | محترمہ ریشماں پروین بختیارالدین، بیڑ |
| ۲۲۔ | شریمتی اجیتا گانجلے، پونے | ۴۷۔ | محترمہ قاضی سمیرہ، احمدنگر |
| ۲۳۔ | شریمتی کلپنا کامبلے، ناندیڑ | ۴۸۔ | جناب خان عبداللہ، ممبئ |
| ۲۴۔ | شریمتی وینا کالے، ستارا | ۴۹۔ | جناب سلیم الدین، دھولیہ |
| ۲۵۔ | شریمتی اروندھتی گروڑ، ستارا | ۵۰۔ | شیخ نجم السحر ، احمدنگر |




بچوں کو سرگرمِ عمل اور فعال آموزش کرنے والے
بنانے کے تدریسی اُصول

# اسکول کی پیشگی تیاری: تعلیم میں داخلہ